امر بالمعروف ونھی عن المنکر — اچھائی کی طرف اطلاع کرنا اور برائی سے بچانا
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ★ ABC CERTIFIED ★
روزنامہ
# اطلاعِ عام
کوئٹہ
چیف ایڈیٹر:۔ محمد عمر
رجسٹریشن نمبر: C-1932
Email: dailyattelaaamqta@gmail.com / Etlaeaam2010@gmail.com | Tel: 081-2840968, 081-2820055 | Fax: 081-2828245
جلد نمبر: 16 | بروز جمعہ 23 اکتوبر 2026 11 جمادی الاول 1448ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر: 198

## تحریک انصاف کو یوٹیوبرز نے برباد کر کے رکھ دیا ہے، وزیر دفاع

### ایسی صورتحال پہلے کبھی نہیں دیکھی کہ جس شخص کی حمایت کے دعوے کیے جا رہے ہوں، اُسی کی آزمائشوں اور مشکلات کو بیچ کر ڈالرز کمائے جا رہے ہوں، وزیر دفاع

### یہ تمام یوٹیوبرز باہر محفوظ بیٹھ کر نوٹ چھاپ رہے ہیں، جبکہ ان کی منفی اور اشتعال انگیز پوسٹس کا خمیازہ اور قیمت پاکستان کے اندر پی ٹی آئی کو چکانی پڑتی ہے

اسلام آباد (اے این این) وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے کہا ہے کہ بیرون ملک بیٹھے مفت خور یوٹیوبرز درحقیقت پاکستان تحریک انصاف کے سب سے بڑے دشمن ہیں۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ 'ایکس' پر اپنے ایک بیان میں وزیر دفاع خواجہ آصف نے سخت تنقید کرتے ہوئے کہا کہ یہ تمام یوٹیوبرز باہر محفوظ بیٹھ کر نوٹ چھاپ رہے ہیں، جبکہ ان کی منفی اور اشتعال انگیز پوسٹس کا خمیازہ اور قیمت پاکستان کے اندر پی ٹی آئی کو چکانی پڑتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسی صورتحال پہلے کبھی نہیں دیکھی کہ جس شخص کی حمایت کے دعوے کیے جا رہے

(بقیہ 1 اندرونی صفحہ 3 پر)

## صدر مملکت آصف علی زرداری

### لاہور سے جرمنی کے لیے روانہ

لاہور (سی ایم لنکس) صدر مملکت آصف علی زرداری لاہور سے جرمنی کے لیے روانہ ہو گئے۔ صدر مملکت

(بقیہ 2 اندرونی صفحہ 3 پر)

## پاکستان کے سرکاری و نجی اداروں کو سائبر حملوں کا نیا خطرہ، انتباہ

### وینڈرز کو سسٹمز، ڈیٹا اور سیکیورٹی اسناد تک رسائی سائبر خطرات بڑھا سکتی ہے، نیشنل سرٹ

اسلام آباد (اے این این) پاکستان کے سرکاری اور نجی اداروں کو تھرڈ پارٹی وینڈرز اور سپلائرز کے ذریعے ممکنہ سائبر حملوں کے نئے خطرے کا سامنا ہے۔ نیشنل سرٹ نے اداروں کو خبردار کرتے ہوئے سائبر سیکیورٹی کے مؤثر انتظامات یقینی بنانے کی ہدایت کی ہے۔ نیشنل سرٹ کے مطابق کمزور سیکیورٹی کے حامل کاروباری شراکت دار اداروں

(بقیہ 3 اندرونی صفحہ 3 پر)

## پیٹرولیم لیوی کے خاتمے پر حکومت اور جماعت اسلامی کی مذاکراتی ٹیموں کا اجلاس طے

### عوام کو ریلیف دلانے کے لیے مذاکرات اور احتجاج ساتھ ساتھ جاری رہیں گے، لیاقت بلوچ

اسلام آباد (اے این این) پیٹرولیم لیوی کے خاتمے پر حکومت اور جماعت اسلامی کی مذاکراتی ٹیموں کا اجلاس طے ہو گیا۔ وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ سے ٹیلیفونک رابطہ کیا، جس میں پیٹرول لیوی کے خاتمے کے معاملے پر حکومتی اور جماعت اسلامی کی مذاکراتی ٹیموں کے اجلاس کا فیصلہ کیا گیا۔ لیاقت بلوچ کے مطابق حکومتی اور جماعت اسلامی کی مذاکراتی کمیٹیوں کا مشترکہ اجلاس 23 اکتوبر کو اسلام آباد میں ہوگا، جس میں وزیر اعظم شہباز شریف اور امیر جماعت اسلامی

(بقیہ 4 اندرونی صفحہ 3 پر)

لاہور: صدر آصف علی زرداری سعودی پاکستان ریئل اسٹیٹ ایکسپو کے دورے کے دوران تقریب سے خطاب کررہے ہیں

## امن وامان کی بحالی حکومت کی بنیادی ذمہ داری ہے، ضیاء اللہ لانگو

### بلوچستان میں امن وامان کے قیام، شہریوں کے جان ومال کے تحفظ اور جرائم کے تدارک کے لیے مؤثر اقدامات ناگزیر ہیں، وزیر داخلہ بلوچستان

### امن وامان کے قیام کے لیے پولیس، ضلعی انتظامیہ اور دیگر متعلقہ اداروں کو قانون کے مطابق اپنی ذمہ داریاں نبھانی چاہئیں' اے این این سے خصوصی بات چیت

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا ہے کہ عوام کے جان و مال کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیح اور امن و امان کی بحالی حکومت کی بنیادی ذمہ داری ہے' صوبے میں پائیدار امن کا قیام، شہریوں کو محفوظ ماحول کی فراہمی اور قانون کی عملداری یقینی بنانا حکومت کی ذمہ داریوں میں شامل ہے، جس کے لیے متعلقہ اداروں کو اپنی ذمہ داریاں مؤثر انداز میں ادا کرنا ہوں گی یہ بات انہوں نے اے این این سے خصوصی بات چیت کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ عوام کا تحفظ کسی بھی حکومت کی بنیادی ذمہ داری ہوتا ہے اور شہریوں کو پرامن ماحول

(بقیہ 5 اندرونی صفحہ 3 پر)

پشاور، وزیرِ اعظم محمد شہباز شریف نیشنل ایکشن پلان کے تحت فیڈرل ایپکس کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کررہے ہیں

## وزیر اعظم کی خیبر پختونخوا کو انسدادِ دہشتگردی کیلئے تعاون کی پیشکش

### صوبے کے عوام 13 سال سے مسائل میں گھرے ہوئے ہیں، مسائل کے حل کیلئے بھرپور تعاون کریں گے، خیبر پختونخوا میں لوگوں نے سکھ کا سانس لیا اور مٹھائیاں تقسیم کیں۔

### خیبر پختونخوا کو جتنی گندم درکار ہے فراہم کریں گے، گندم کی ذخیرہ اندوزی نہیں ہونی چاہیے، سیف سٹیز منصوبے مکمل کرنے کی ہدایات دے دی ہیں، شہباز شریف کا خطاب

پشاور (اے این این) وزیر اعظم شہباز شریف کی زیر صدارت اجلاس میں دہشتگردی کے مکمل خاتمے پر اتفاق کرلیا گیا۔ وزیر اعظم شہباز شریف کی کی زیر صدارت گورنر ہاؤس پشاور میں اعلیٰ سطح کا اجلاس ہوا جہاں صوبے کی سیاسی صورتحال اور حالیہ پیش رفت کا بھی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں محسن نقوی، اعظم نذیر تارڑ، عطا تارڑ، امیر مقام اور رانا ثنا اللہ، گورنر فیصل کریم کنڈی، چیف سیکرٹری، آئی جی اور کور کمانڈر پشاور بھی شریک ہوئے۔ ذرائع کے مطابق اجلاس میں دہشتگردی کے مکمل خاتمے پر اتفاق کیا گیا جبکہ مسلح افواج، پولیس اور عوام کی شہادتوں کو خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ اس موقع پر وزیر اعظم نے کہا کہ آخری دہشتگرد کے خاتمے تک چین سے نہیں بیٹھیں گے، ہمارے جوانوں اور

(بقیہ 6 اندرونی صفحہ 3 پر)

## سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے

### مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیز کی ملاقات

اسلام آباد (یو این اے) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیز سے ملاقات کی اور کے دور پاکستان کا خیر مقدم کیا۔ قومی

(بقیہ 7 اندرونی صفحہ 3 پر)

## کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری کی زیرِ صدارت اجلاس

### زیادہ ریفیوزلز والی یونین کونسلز میں نئی پولیو ٹیمیں تعینات کرنے کی ہدایت

کوئٹہ (اے این این) کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری کی زیر صدارت کوئٹہ ڈویژن میں پولیو کی مجموعی صورتحال اور آئندہ پولیو مہم کے انتظامات کے حوالے سے ڈویژنل ٹاسک فورس آن لائن اجلاس منعقد ہوا، جس میں پولیو مہم کی کارکردگی، مسڈ

(بقیہ 8 اندرونی صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، صوبائی وزراء بخت محمد کاکڑ، میر عاصم کرد گیلو، پارلیمانی سیکرٹری اسفندیار خان کاکڑ، اراکین صوبائی اسمبلی فضل قادر مندوخیل، میر رحمت صالح بلوچ اور خیر جان بلوچ کا اسمبلی اجلاس کے اختتام پر گروپ فوٹو

## ہم نے ابھی اپنی تمام صلاحیتیں استعمال نہیں کیں، اگلے مرحلے کیلئے تیار ہیں، ایران

### سفارت کاری کو ترجیح دیتے ہیں، جنگ چھڑتی ہے تو انٹرنیٹ کیبلز، ڈیٹا سینٹرز، مصنوعی ذہانت کی تنصیبات بھی نشانے پر آسکتی ہیں، محسن رضائی

### ٹرمپ نے جنگ ختم کرنے کی ایران کی تجویز کو التواء میں ڈال دیا اور مذاکرات رک گئے ہیں، سیکریٹری ایرانی سپریم نیشنل سیکیورٹی کونسل

تہران (اے این این) ایرانی سپریم نیشنل سیکیورٹی کونسل کے سیکریٹری محسن رضائی نے کہا ہے کہ جنگ چھڑتی ہے تو جوابی حملے جاری رکھنے کے لیے ضروری وسائل موجود ہیں، ہم نے ابھی اپنی تمام صلاحیتیں استعمال نہیں کیں، اگلے مرحلے کے لیے بھی تیار ہیں۔ محسن رضائی نے اپنے بیان میں کہا کہ سفارت کاری کو ترجیح دیتے ہیں، جنگ چھڑتی ہے تو انٹرنیٹ کیبلز، ڈیٹا سینٹرز، مصنوعی ذہانت کی تنصیبات بھی نشانے پر آسکتی ہیں، ٹرمپ نے جنگ ختم کرنے کی ایران کی تجویز کو التواء میں ڈال دیا اور مذاکرات رک گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ٹرمپ

(بقیہ 9 اندرونی صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل بیوٹمز یونیورسٹی میں سالانہ سپورٹس فیسٹیول کی افتتاحی تقریب کے شرکاء سے خطاب کررہے ہیں

## ایل پی جی کی قیمت میں 100 روپے فی کلو اضافہ

### لکڑی کی فی من قیمت میں بھی 300 روپے تک اضافہ ہوگیا

اسلام آباد (اے این این) ایک جانب عوام کو سوئی گیس کے کم پریشر اور لوڈشیڈنگ کا سامنا ہے تو دوسری ایل پی جی کی بڑھتی قیمتوں کے باعث شہری کافی پریشان ہیں۔ کراچی میں ایل پی جی کی قیمت میں چند روپے نہیں بلکہ پورے 100 روپے فی کلو کا اضافہ ہوگیا۔ 450 روپے کلو ملنے والی ایل پی جی کی قیمت اب 550 روپے ہوچکی ہے۔ سرکاری قیمت تقریباً 280 روپے ہے۔ لاہور میں سردیاں آنے سے پہلے ہی گیس کی قلت نے

(بقیہ 13 اندرونی صفحہ 3 پر)

## ملک میں مبینہ پولیس مقابلوں میں ہلاکتیں، سینیٹ میں توجہ دلاؤ نوٹس جمع

### قانون کی حکمرانی اور عوامی اعتماد کمزور ہو رہا ہے، سینیٹر کامران مرتضیٰ

اسلام آباد (جی این ایم) ملک میں مبینہ پولیس مقابلوں میں ہلاکتوں کیخلاف جے یو آئی کے سینیٹر کامران مرتضیٰ نے سینیٹ میں توجہ دلاؤ نوٹس جمع کروا دیا۔ توجہ دلاؤ نوٹس کے متن کے مطابق لائبہ اعجاز کیس کے ملزم کو پولیس مقابلے میں ہلاک کر دیا گیا، ملتان میں ملزم توقیر کو بھی پولیس مقابلے میں مار دیا گیا، پولیس ڈپارٹمنٹ کو ساختی، سیاسی اور انتظامی مسائل کا سامنا ہے۔ سینیٹر کامران مرتضیٰ کا مؤقف ہے کہ قانون کی حکمرانی اور عوامی اعتماد کمزور

(بقیہ 12 اندرونی صفحہ 3 پر)

## زرمبادلہ کے ذخائر 19.7 ارب ڈالر تک پہنچ گئے، مالیاتی خسارے میں کمی

### عالمی بینک کی رپورٹ: پاکستان کی معاشی شرح نمو 3.7 فیصد ریکارڈ، کریڈٹ ریٹنگ میں بھی بہتری

اسلام آباد (اے این این) عالمی بینک نے پاکستان کی ترقیاتی صورتحال سے متعلق سال 2026 کی اقتصادی رپورٹ جاری کر دی جس میں بتایا گیا ہے کہ مالی سال 2025-26 میں پاکستان کی معاشی شرح نمو 3.7 فیصد ریکارڈ کی گئی۔ عالمی بینک کے مطابق ایس اینڈ پی اور موڈیز نے پاکستان کی قرضوں کی درجہ بندی بہتر کی ہے جبکہ پاکستان نے عالمی منڈی میں 750 ملین ڈالر اور 3 ارب ڈالر کے یورو بانڈز بھی جاری

(بقیہ 11 اندرونی صفحہ 3 پر)

## چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی کی مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیز و سے ملاقات

### ملاقات میں دوطرفہ تعلقات کے فروغ، تجارتی تعاون اور پارلیمانی سفارت کاری پر زور دیا گیا

اسلام آباد (اے ین این) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے اسلام آباد میں مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیز و سے ملاقات کی، جس میں پاکستان اور مالدیپ کے درمیان دیرینہ دوستانہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے، پارلیمانی سفارت کاری کے فروغ، تجارتی و معاشی تعاون میں اضافے اور مختلف شعبوں میں دوطرفہ روابط کو وسعت دینے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاع سینیٹر طلحہ محمود، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے

(بقیہ 10 اندرونی صفحہ 3 پر)

## ضلعی انتظامیہ شہریوں کے مسائل کے حل کیلئے پُرعزم ہے، مہر اللہ بادینی

### عوامی شکایات پر بروقت کارروائی اور شہریوں کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کیا جائے،، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ

### انتظامی نظام کو عوامی ضروریات سے ہم آہنگ کرنے کے لیے کھلی کچہریاں اہم ذریعہ ہیں، کھلی کچہری میں اظہار خیال

کوئٹہ (اے این این) مسائل کا حل خصوصی اہمیت رکھتا ہے۔ ان شعبوں میں بہتری کے لیے ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ محکموں کے درمیان مربوط حکمتِ عملی، باقاعدہ نگرانی اور شہریوں کے ساتھ مسلسل رابطہ ضروری ہے۔ کھلی کچہری جیسے اقدامات اس رابطے کو مضبوط بنانے اور انتظامی نظام کو عوامی ضروریات سے ہم آہنگ کرنے میں معاون ثابت ہو سکتے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی نے اس عزم کا

(بقیہ 14 اندرونی صفحہ 3 پر)



کوئٹہ، رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ اسمبلی اجلاس میں تعزیتی قرارداد پیش کررہے ہیں

## ایران سے بات نہیں ہو رہی، جنگ کا جلد کوئی نہ کوئی نتیجہ سامنے آئے گا، ٹرمپ

### لوگوں کا خیال ہے ایران سے متعلق پیش رفت مڈٹرم انتخابات کے بعد سامنے آئے گی، آنے والے دن اہم ہیں، صورتحال واضح ہو جائے گی

### ایران کے ساتھ بات چیت محدود پیمانے پر ہو رہی ہے، ایران کے ساتھ مذاکرات ختم کریں یا جاری رکھیں، جلد فیصلہ ہو جائے گا، امریکی صدر

واشنگٹن (اے این این) امریکا کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کے ساتھ مذاکرات کی تردید کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایران کے ساتھ جنگ کا جلد کوئی نہ کوئی نتیجہ سامنے آئے گا۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے امریکی ٹی وی نیوز نیشن کو انٹرویو میں بتایا کہ ایران کے ساتھ بات چیت محدود پیمانے پر ہو رہی ہے، ایران کے ساتھ مذاکرات ختم کریں یا جاری رکھیں، جلد فیصلہ ہو جائے گا۔ ٹرمپ

(بقیہ 15 اندرونی صفحہ 3 پر)

## صوبائی وزیرِ صحت بخت محمد کاکڑ کا ٹراما سینٹر سول ہسپتال کوئٹہ کا دورہ

### مریضوں کو ادویات کی فراہمی پر اطمینان کا اظہار، فارمیسی اسٹاف اور ایم ایس سول ہسپتال کے اقدامات کو سراہا

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیرِ صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے ٹراما سینٹر سول ہسپتال کوئٹہ کا اچانک دورہ کیا، جہاں انہوں نے مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، ادویات کی دستیابی اور علاج معالجے کے انتظامات کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ ڈاکٹر امین مندوخیل بھی ان کے ہمراہ تھے۔ دورے کے دوران مینیجنگ ڈائریکٹر ٹراما سینٹر ڈاکٹر ہادی کاکڑ نے صوبائی وزیرِ صحت کو سینٹر کی مجموعی کارکردگی، طبی سہولیات، ایمرجنسی سروسز اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی خدمات کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ صوبائی وزیرِ صحت نے ٹراما سینٹر میں زیرِ علاج مریضوں سے ملاقات کی اور ان سے علاج معالجے، ادویات کی فراہمی اور طبی سہولیات کے بارے میں دریافت کیا۔ مریضوں کو ضروری ادویات کی فراہمی اور علاج معالجے کے انتظامات کا جائزہ لینے کے بعد انہوں نے اطمینان کا اظہار کیا اور ادویات کی دستیابی پر خوشی کا اظہار کیا۔ انہوں نے مریضوں کو بروقت ادویات فراہم

(بقیہ 21 اندرونی صفحہ 3 پر)

## کوئٹہ: ایل پی جی کی قیمت میں 10 روپے کا اضافہ

کوئٹہ (اے این این) کوئٹہ میں ایل پی جی کی فی کلو قیمت میں 10 روپے کا مزید اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ مارکیٹ ذرائع کے مطابق کوئٹہ میں ایل پی جی کی فی کلو قیمت 530 روپے سے بڑھ کر 540 روپے ہوگئی۔ ذرائع نے بتایا ہے کہ بعض علاقوں میں ایل پی جی کی 570 روپے فی کلو تک میں بھی فروخت جاری ہے۔ مارکیٹ ذرائع کا کہنا ہے کہ 3 روز کے دوران شہر میں فی کلو ایل پی جی کی قیمت میں 120 روپے تک کا اضافہ ہوا ہے۔ صارفین نے مطالبہ کیا ہے کہ ایل پی جی کی سرکاری نرخ 280 روپے فی کلو پر فروخت یقینی بنائی جائے۔ کوئٹہ میں

(بقیہ 20 اندرونی صفحہ 3 پر)

## کمشنر کوئٹہ کی زیرِ صدارت ڈویژنل ٹاسک فورس کا آن لائن اجلاس، پولیو مہم اور انتظامات کا جائزہ

### مسڈ چلڈرن، ریفیوزلز اور نو ڈوز بچوں پر خصوصی توجہ، زیرو ڈوز بچوں کی تعداد کم ہو کر 8,708 رہ گئی

کوئٹہ (خ ن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری کی زیر صدارت کوئٹہ ڈویژن میں پولیو کی مجموعی صورتحال اور آئندہ پولیو مہم کے انتظامات کے حوالے سے ڈویژنل ٹاسک فورس آن لائن اجلاس منعقد ہوا، جس میں پولیو مہم کی کارکردگی، مسڈ

(بقیہ 18 اندرونی صفحہ 3 پر)

## بلوچستان صوبائی اسمبلی کا اجلاس ڈپٹی اسپیکر غزالہ گولہ کی زیرِ صدارت منعقد

### سابق صوبائی وزیر سردار نثار ہزارہ کے انتقال پر فاتحہ خوانی، اجلاس پیر کی سہ پہر تک ملتوی

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان صوبائی اسمبلی کا اجلاس ڈپٹی اسپیکر غزالہ گولہ کی زیرِ صدارت 40 منٹ کی تاخیر سے شروع ہوا تلاوت کے بعد پوائنٹ آرڈر پر مولانا ہدایت الرحمان نے سابق صوبائی وزیر سردار نثار ہزارہ کی انتقال پر فاتحہ خوانی

(بقیہ 19 اندرونی صفحہ 3 پر)

## وفاقی حکومت کا سرکاری ملازمین کی غیر ملکی شہریت کی تفصیلات طلب کرنیکا فیصلہ

اسلام آباد (اے این این) وفاقی حکومت نے سرکاری ملازمین کی غیر ملکی شہریت کی تفصیلات طلب کرنیکا فیصلہ کیا ہے۔ وفاقی حکومت نے سرکاری ملازمین کی غیر ملکی شہریت کی تفصیلات طلب کرتے ہوئے ملازمین کو 90 روز میں ڈیکلیریشن جمع کرانے کی ہدایت کی ہے۔ حکومت نے غیر ملکی شہریت سے متعلق پرفارما بھی جاری کر دیا جس میں وزارتوں اور ڈویژنز کو ماتحت افسران کے متعلق تفصیلات جمع کرانے کی ہدایت کی گئی ہے۔ اس کے علاوہ زیرِ کفالت افراد کی غیر ملکی شہریت اور زیرِ کفالت افراد کی سفری دستاویزات کی تفصیلات بھی

(بقیہ 17 اندرونی صفحہ 3 پر)

## قائد جمعیت کے خلاف منفی پروپیگنڈا جلد دم توڑ جائے گا، مولانا عبدالواسع

### جمعیت علمائے اسلام نظریاتی اور عوامی جماعت ہے، شہدا کی قربانیاں ہمارے لیے مشعلِ راہ ہیں، صوبائی امیر

قلعہ سیف اللہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے جے ٹی آئی کے زیر اہتمام منعقدہ ڈاکٹر سرفراز خان شہید کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سورج پر تھوکنے والوں کے چہرے خود آلودہ ہوں گے، قائد جمعیت مولانا فضل الرحمٰن کے خلاف منفی پروپیگنڈا کرنے والوں کی مہم جلد دم توڑ جائے گی۔ انہوں نے کہا جمعیت علما اسلام کے کارکنوں نے دین اسلام، جمہوریت، آئین کی بالادستی اور عوام کے حقوق کے لیے پرامن جدوجہد کی راہ میں قربانیوں کی لازوال داستانیں رقم کی ہیں، شہدا کی قربانیاں ہمارے لیے مشعلِ راہ ہیں اور ان کے مشن کو ہر صورت جاری رکھا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ جمعیت علما اسلام ایک نظریاتی، جمہوری اور عوامی جماعت ہے جس کی تاریخ استقامت، قربانیوں اور اصولی سیاست سے عبارت ہے، اس کے کارکنوں نے ہر مشکل دور میں ثابت قدم رہتے ہوئے جماعت کے نظریے اور قیادت کا بھرپور ساتھ دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ قائد جمعیت

(بقیہ 16 اندرونی صفحہ 3 پر)

## گوادر کے قریب پاک ایران سرحد گبد پر محدود پیمانے پر تجارتی سرگرمیاں بحال

### محدود پیمانے کی بنیاد پر پہلے سے کلیئر امپورٹ گاڑیوں کو پاکستان آنے کی اجازت دی جا رہی ہے' کسٹمز حکام

گوادر (اے این این) گوادر کے قریب پاک ایران سرحد گبد پر محدود پیمانے پر تجارتی سرگرمیاں بحال کر دی گئیں، جہاں سامان کی ترسیل اور ایکسپورٹ کی کلیئرنس دوبارہ شروع ہوگئی ہے۔ کسٹمز حکام کے مطابق محدود پیمانے کی بنیاد پر صرف پہلے سے کلیئر امپورٹ گاڑیوں کو پاکستان آنے کی اجازت دی جا رہی ہے۔ حکام کا کہنا ہے کہ سرحدی گزرگاہ سے مستقل اور دیگر سامان کی ترسیل کیلئے درآمدات و برآمدات بند ہے۔ کسٹمز حکام کے مطابق بارڈر پر تجارتی سرگرمیاں مرحلہ وار بحال کیے جانے کا امکان ہے۔ گوادر کے قریب پاک ایران سرحد گبد پر محدود پیمانے پر تجارتی سرگرمیاں بحال کر دی گئیں، جہاں سامان کی ترسیل اور ایکسپورٹ کی کلیئرنس دوبارہ شروع ہوگئی ہے۔ کسٹمز حکام کے مطابق محدود پیمانے کی بنیاد پر صرف پہلے سے کلیئر امپورٹ گاڑیوں کو پاکستان آنے کی اجازت دی جا رہی ہے۔ حکام کا کہنا ہے کہ سرحدی

(بقیہ 22 اندرونی صفحہ 3 پر)

## پاکستان کی ترقی نئے ایڈمنسٹریٹو یونٹس بنائے بغیر ممکن نہیں، مصطفیٰ کمال

### ملک میں بہت سے مسائل خراب گورننس کی وجہ سے ہیں، کیونکہ اختیارات نچلی سطح تک منتقل نہیں کیے جاتے

### موجودہ حالات سے صرف چند درجن خاندانوں کو فائدہ ہوا، باقی ملک مشکلات کا سامنا کر رہا ہے، وفاقی وزیر صحت

کراچی (اے این این) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ پاکستان کی ترقی نئے ایڈمنسٹریٹو یونٹس بنائے بغیر ممکن نہیں۔ کراچی ایکسپو سینٹر میں جاری فارما ایشیا انٹرنیشنل 2026 ایگزیبیشن کے اختتامی روز وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے مختلف کمپنیوں کے اسٹالز کا دورہ کیا۔ اس موقع پر تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اتنے مشکل حالات میں بیرون ملک سے فارما کمپنیز کو لانے والوں کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ انتظامیہ کا کردار قابل تحسین ہے، اسی طرح سے ملازمتوں کے مواقع بڑھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ایسے یونٹس سے ہی ممالک نے ترقی کی ہے، پاکستان بھی اسی راستے پر گامزن ہے۔ مصطفیٰ کمال نے کہا کہ ملک میں بہت سے مسائل خراب گورننس کی وجہ سے ہیں، کیونکہ اختیارات نچلی سطح تک منتقل نہیں کیے جاتے۔ 100 فیصد میں سے کراچی کو صرف 3 فیصد ملتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آنے والے دنوں میں نئے انتظامی یونٹس بنیں گے، جن کے قیام سے مسائل حل ہوں گے۔ ایک وقت آئے گا جب مختلف

(بقیہ 23 اندرونی صفحہ 3 پر)

## سابق ایم این اے علی وزیر کی رہائی کا خیر مقدم کرتے ہیں، پشتونخوامیپ

### ملک میں سیاسی جمہوری روایات اور آئینی وقانونی اقدامات کو فروغ دیا جائے، بیان

کوئٹہ (اے این این) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے پریس ریلیز میں سابق رکنِ قومی اسمبلی علی وزیر کی رہائی کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ بد قسمتی سے آئین، جمہوریت، پارلیمنٹ اور حقیقی وفاقیت کی بات کرنے پر قومی سیاسی جمہوری لوگوں کو قید و بند اور پابندیوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے جس کی پشتونخوامیپ روزِ اول سے مذمت کرتی آئی ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ آئینِ پاکستان ہر شخص، جماعت، یا تنظیم کو اجازت دیتا ہے کہ وہ آزادی سے اپنی رائے، پروگرام، سیاسی تنظیم کے فروغ کے لئے آواز بلند کرے اور آئین وقانون کے دائرے کے اندر اپنے نظریات کے لئے مہم چلا سکے لیکن بد قسمتی سے ملک میں آج یہ سب کچھ نایاب یا ممنوع ہو چکا ہے جس کے لئے آواز بلند کرنا ہر مترقی سیاسی جمہوری پارٹی کی ذمہ داری ہے۔ آخر میں ایک مرتبہ پھر علی وزیر کی رہائی کا خیر مقدم کرتے ہیں اور مطالبہ کرتے ہیں کہ عمران خان اور دیگر تمام سیاسی

(بقیہ 26 اندرونی صفحہ 3 پر)

## تربت شہر سے سبزی منڈی کی سری کہن منتقلی کا فیصلہ، انتظامیہ اور تاجروں کا اہم اجلاس

### شہر میں ٹریفک کا نظام بہتر بنانے کے لیے سبزی منڈی کی منتقلی اور بڑی گاڑیوں کا داخلہ بند کرنے کا عزم

تربت (خ ن) ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی کی ہدایت پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کیچ تابش علی بلوچ کی سربراہی میں سبزی منڈی کی تربت شہر سے مضافاتی علاقے سری کہن منتقلی کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر تربت محمد حنیف کبزئی، چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن تربت شعیب ناصر، سیکریٹری مارکیٹ کمیٹی محبوب علی، ایگریکلچر آفیسر چاکر علی، ایس ڈی او واپڈا عبدالحلیم، سینیٹری انسپکٹر حبیب جالب، سبزی منڈی کے دکاندار غلام رسول اور فضل الرحمٰن، انجمن تاجران کیچ کے حاجی کریم بخش اور ایس آئی آسی بجار سمیت دیگر متعلقہ افراد موجود تھے۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کیچ تابش علی بلوچ نے کہا کہ سری کہن میں میونسپل کارپوریشن تربت کی جانب سے سبزی منڈی کی عمارت تیار کرلی گئی ہے لہٰذا تربت شہر میں قائم تمام سبزی منڈیوں کے مالکان اپنی دکانیں اور کاروبار

(بقیہ 25 اندرونی صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری پولیو اور ای پی آئی پروگرام کی کارکردگی کے حوالے سے ڈویژنل ٹاسک فورس کے آن لائن جائزہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

## تربت، اسسٹنٹ کمشنر کا گھنہ مزاری کہن کا دورہ، متنازع اراضی کے معاملات کا جائزہ

### دستاویزات اور ریکارڈ کی جانچ پڑتال کے بعد اراضی کا ایک تنازع موقع پر ہی حل

تربت (خ ن) ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی کی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر ندیم اقبال بنگلزئی نے گھنہ مزاری کہن میں متنازعہ اراضی کے دو مختلف معاملات کے سلسلے میں متعلقہ مقامات کا دورہ کیا اور دستیاب ریکارڈ و دستاویزات کا جائزہ لیا۔ پہلے معاملے میں متعلقہ دستاویزات اور ریکارڈ کی جانچ پڑتال کے بعد معاملے کو حل کر دیا گیا۔ دوسرے معاملے کے حوالے سے متعلقہ تحصیلدار کو ہدایت کی گئی کہ وہ دستیاب دستاویزات اور ریکارڈ کا تفصیلی جائزہ لینے کے بعد موقع کا معائنہ کریں اور اپنی رپورٹ پیش کریں تاکہ رپورٹ کی روشنی میں معاملے کو میرٹ اور قانون کے مطابق حل کیا جا سکے۔ اسسٹنٹ کمشنر نے واضح کیا کہ اراضی سے متعلق معاملات کو دستیاب ریکارڈ، حقائق اور قانونی تقاضوں کے مطابق نمٹایا جائے گا۔ ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی کی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر ندیم اقبال بنگلزئی نے گھنہ مزاری کہن میں متنازعہ اراضی کے دو مختلف معاملات کے سلسلے میں متعلقہ مقامات کا دورہ کیا اور دستیاب ریکارڈ و دستاویزات

(بقیہ 24 اندرونی صفحہ 3 پر)

امر بالمعروف و نہی عن المنکر — اچھائی کی طرف اطلاع کرنا اور برائی سے بچانا
روزنامہ
Daily ETLA-E-AAM Quetta
اطلاع عام
کوئٹہ
چیف ایڈیٹر: محمد عمر
E-mail Etlaeaam2010@gmail.com

چیف ایڈیٹر محمد عمر نے الکریم پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر نیوز افغان روڈ کوئٹہ سے شائع کیا
فون نمبرز 081-2820055 , 081-2453865
فیکس نمبر: 081-2828245
Email:Etlaeaam2010@gmail.com

# دنیا میں بڑھتی بے چینی

بڑھتی مہنگائی، خصوصاً بجلی، پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں اضافے، تعلیمی اداروں کے مسائل اور ہاؤسنگ بحران کے خلاف فرانس میں شروع ہونے والے پُرتشدد مظاہروں کے ساتھ دیگر یورپی ممالک میں بھی احتجاجی سرگرمیاں شدت اختیار کرگئی ہیں۔ عالمی میڈیا رپورٹس کے مطابق فرانس کے علاوہ اٹلی اور البانیہ میں بھی مظاہرین سڑکوں پر نکل آئے، جبکہ پرتگال اور سپین میں مہنگائی اور رہائشی بحران کے خلاف بڑے مظاہرے کیے گئے۔ بعض مقامات پر پولیس اور مظاہرین کے درمیان شدید جھڑپیں ہوئیں، سرکاری و نجی املاک کو نقصان پہنچا اور متعدد افراد کو حراست میں لیا گیا۔ فرانسیسی وزارتِ داخلہ کے مطابق 17 اکتوبر کو ملک بھر میں ہونے والے مظاہروں میں تقریباً ساڑھے پانچ لاکھ افراد شریک ہوئے۔ احتجاج کے دوران بعض مقامات پر توڑ پھوڑ، لوٹ مار اور پولیس سے جھڑپوں کے واقعات پیش آئے۔ مختلف شہروں میں لگژری برانڈز کی دکانوں، سپر مارکیٹوں، ملبوسات کی دکانوں، فارمیسیوں اور سرکاری عمارتوں کو نشانہ بنایا گیا، جبکہ گاڑیوں کو آگ لگانے اور پولیس پر حملوں کی اطلاعات بھی سامنے آئیں۔ پیرس، مارسیلز، بورڈو اور لیون سمیت متعدد شہروں میں دکانوں کے شیشے توڑے گئے اور سامان لوٹا گیا۔ فرانسیسی شہر لیموژ میں تاریخی بلدیاتی عمارت کو آگ لگنے سے شدید نقصان پہنچا، جبکہ بعض تعلیمی ادارے بھی متاثر ہوئے۔ فرانس کے صدر ایمانوئل میکرون نے پُرتشدد واقعات کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ لوٹ مار کرنے والوں کو نقصان کی ذمہ داری قبول کرنا ہوگی اور ریاستی اداروں پر حملوں میں ملوث افراد کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔ رائٹرز کے مطابق فرانس کے مختلف شہروں کے متاثرہ علاقوں میں جزوی کرفیو نافذ کیا گیا، حکام نے اَمن وامان برقرار رکھنے کے لئے پولیس کی نفری میں اضافے اور متاثرہ کاروباروں کو مالی معاونت فراہم کرنے کے اقدامات بھی کیے۔ 19 اکتوبر کی رپورٹ کے مطابق 2,500 افراد کو تفتیش کے لئے حراست میں رکھا گیا تھا جبکہ 149 افراد مقدمے کی کارروائی کے انتظار میں زیرِ حراست تھے۔ صدر میکرون نے وزیر داخلہ کے استعفیٰ دینے کی پیشکش کو مسترد کر کے اُنہیں اپنے فرائض انجام دیتے رہنے کی ہدایت کی۔ احتجاجی سرگرمیوں کا آغاز ستمبر میں پیرس کے شمالی نواحی علاقوں کے تعلیمی اداروں میں اساتذہ کی کمی اور سکولوں کی خراب سہولتوں کے خلاف ہونے والے مظاہروں سے ہوا تھا۔ بعدازاں طلبہ، مزدور تنظیموں اور دیگر شہریوں کی شرکت سے یہ احتجاج وسیع تر ہوگیا اور اس میں مہنگائی، توانائی کی بلند قیمتوں، عوامی خدمات کے معیار اور معاشی مشکلات کے خلاف مطالبات بھی شامل ہوگئے۔ بڑھتے ہوئے توانائی اخراجات نے پہلے ہی کئی شعبوں کو متاثر کر رکھا ہے جبکہ فرانس کے سرکاری مالیاتی مسائل حکومت کے لئے عوام کو مزید معاشی ریلیف دینے کی گنجائش محدود کر رہے ہیں۔ البانیہ میں بھی حکومت مخالف مظاہرے جاری ہیں۔ دارالحکومت ترانا میں طلبہ اور شہریوں نے بدعنوانی، روزگار کی کمی، تعلیمی معیار اور عوامی خدمات سے متعلق مسائل پر احتجاج کرتے ہوئے وزیرِاعظم سے مستعفی ہونے کا مطالبہ کیا۔ مظاہروں کے دوران پولیس اور احتجاجی افراد کے درمیان جھڑپیں ہوئیں۔ مظاہرین بدعنوانی کے خاتمے اور بنیادی سہولتوں کی بہتری کا مطالبہ کر رہے ہیں۔ اٹلی کے شہر میلان سمیت بعض دوسرے شہروں میں بھی مہنگائی، کم اجرتوں، تعلیم، صحت اور رہائش کے مسائل کے خلاف احتجاجی مظاہرے پُرتشدد شکل اختیار کر گئے۔ میلان میں نقاب پوش مظاہرین اور پولیس کے درمیان جھڑپوں، دکانوں میں لوٹ مار اور املاک کو آگ لگانے کے واقعات پیش آئے۔ دو روز کے دوران 271 افراد کو گرفتار کیا گیا جبکہ سکیورٹی اداروں کے 14 اہلکار زخمی ہوئے۔ شہر کے میئر نے پُرامن احتجاج کے حق کو تسلیم کرتے ہوئے تشدد، لوٹ مار اور املاک کو نقصان پہنچانے کی مذمت کی۔ پُرتگال کے دارالحکومت لزبن اور دوسرے بڑے شہر پورٹو میں بھی ہزاروں افراد نے بڑھتے کرایوں، رہائش کی عدم دستیابی، کم اجرتوں اور روزمرہ اخراجات کے خلاف مارچ کیا۔ بعض مظاہرین نے رہائشی بحران کی جانب توجہ دلانے کیلئے احتجاجی کیمپ لگائے۔ سپین کے دارالحکومت میڈرڈ میں بھی رہائش کے بڑھتے اخراجات کے خلاف احتجاجی کیمپ قائم کیے گئے، جبکہ اساتذہ نے بہتر تنخواہوں اور کام کے حالات کے لئے ہڑتال کی۔ مختلف ممالک میں اگرچہ احتجاج کی فوری وجوہات الگ الگ ہیں تاہم مہنگائی، رہائش، تعلیم اور عوامی خدمات سے متعلق مسائل نے عوامی بے چینی میں اضافہ کیا ہے۔ دنیا اِس وقت شدید بے چینی اور اضطراب کی کیفیت سے گزر رہی ہے۔ یورپ کی سڑکوں پر ہونے والے مظاہرے محض مہنگائی یا رہائش کے بحران کے خلاف احتجاج نہیں بلکہ اِس وسیع تر معاشی اور سماجی دباؤ کی علامت ہیں جس نے عام آدمی کی زندگی کو مشکل بنا دیا ہے۔ بجلی، پیٹرول، ڈیزل، خوراک اور رہائش کے اخراجات بڑھ رہے ہیں جبکہ بہت سے خاندانوں کی آمدن اُن کی ضروریات پوری کرنے کیلئے ناکافی ثابت ہو رہی ہے، تعلیم، صحت اور روزگار کے مسائل نے نوجوانوں سمیت معاشرے کے مختلف طبقات میں مستقبل کے بارے میں غیر یقینی کو بڑھا دیا ہے۔ اِس صورتحال کو مزید پیچیدہ بنانے والا ایک اہم عنصر دنیا کے مختلف حصوں میں جاری جنگیں اور تنازعات ہیں۔ یہ جنگیں انسانی جانوں کے ضیاع اور بنیادی ڈھانچے کی تباہی تک محدود نہیں بلکہ توانائی کی قیمتوں، تجارت، رسد اور سرمایہ کاری کو بُرے طریقے سے متاثر کر رہی ہیں جس کے نتیجے میں کئی معیشتوں کے لئے اپنے ترقیاتی اہداف حاصل کرنا مشکل ہو چکا ہے، حکومتوں کے مالی وسائل پر دباؤ بڑھ چکا ہے اور وہ یہ بوجھ عام شہریوں پر منتقل کرتی چلی جا رہی ہیں۔ معاشی مشکلات جب طویل عرصے تک برقرار رہیں تو بے روزگاری، مایوسی اور ذہنی دباؤ میں بھی اضافہ ہوتا چلا جاتا ہے یہاں تک کہ بعض افراد خودکشی جیسے اقدام پر تیار ہو جاتے ہیں۔ عالمی طاقتوں اور فیصلہ سازوں کو سمجھنا ہوگا کہ محض طاقت کے استعمال، پابندیوں اور سیاسی مفادات کی بنیاد پر مسائل کا مستقل حل ممکن نہیں، جنگیں شروع کرنے یا تنازعات کو طول دینے کے بجائے اِن کے اسباب دور کرنے، سفارت کاری کو مؤثر بنانے اور انسانی جانوں کے تحفظ کو ترجیح دینے کی ضرورت ہے جبکہ معاشی پالیسیوں میں انصاف، وسائل کی منصفانہ تقسیم اور کمزور طبقات کے تحفظ کو مرکزی حیثیت ملنی چاہئے۔ دنیا میں پائیدار اَمن اُسی صورت ممکن ہے کہ جب بین الاقوامی تعلقات میں انصاف، ریاستوں کی خودمختاری، انسانی حقوق اور باہمی احترام کو عملی طور پر تسلیم کیا جائے۔

---

# اٹھارہ فیصد کرپٹ یا مجبور بیوروکریسی؟

### محسن گواریہ

گزشتہ دِنوں پشاور سے بیوروکریسی کے حوالے سے ایک ایسی خبر سامنے آئی، جس نے ریاستی رٹ اور اَمن وامان کے حوالے سے انتہائی اہم سوال اٹھا دیا ہے، پاکستان ایڈمنسٹریٹو سروس گریڈ 21 کے سینئر افسر اکرام اللہ خان کے پانچ اور سات سالہ، دو کم سن بچوں کو مبینہ طور پر ان کی رہائش گاہ سے اغواء کر لیا گیا، پاکستان ایڈمنسٹریٹو سروس ایسوسی ایشن (پاسا) کے نومنتخب صدر بابر حیات تارڑ نے واقعہ کی مذمت کرتے ہوئے بچوں کی فوری، بحفاظت بازیابی اور ذمہ داروں کو قانون کے کٹہرے میں لانے کا مطالبہ کیا ہے، انہوں نے ملک بھر میں موجود پاکستان ایڈمنسٹریٹو سروس سے تعلق رکھنے والوں کی طرف سے ایک پریس ریلیز بھی جاری کی ہے، جس کا متن یہ ہے۔ ”پاکستان ایڈمنسٹریٹو سروس ایسوسی ایشن (پاسا)، سینئر افسر اکرام اللہ خان کے ساتھ حال ہی میں پیش آنے والے سنگین واقعہ کی شدید مذمت کرتی ہے، جس میں ان کی پشاور میں واقع رہائش گاہ میں مسلح افراد زبردستی داخل ہوئے اور ان کے دو چھوٹے (5 اور 7 سال کی عمر کے) بچوں کو اغواء کر کے لے گئے، یہ ایک انتہائی پریشان کن اور تشویشناک معاملہ ہے جو سرکاری ملازمین اور ان کے اہلِ خانہ کی جان، مال اور وقار کے تحفظ کی فوری ضرورت کو اجاگر کرتا ہے، سول سرونٹس ریاست کی جانب سے تفویض کیے گئے عوامی اہمیت کے فرائض سرانجام دیتے ہیں اور حکومتِ وقت کی پالیسیوں اور ترجیحات پر عملدرآمد کراتے ہیں، اُن کی اِن فرائض کو احسن طریقے سے ادا کرنے کی صلاحیت بڑی حد تک اس بات پر منحصر ہے کہ انہیں اور ان کے اہلِ خانہ کو ہر قسم کے خطرے، خوف و ہراس اور مجرمانہ اقدامات سے تحفظ حاصل ہو اور اس تحفظ کو یقینی بنانا بنیادی ریاستی ذمہ داری ہے، پاسا متعلقہ حکام پر زور دیتی ہے کہ وہ بچوں کی فوری اور باحفاظت بازیابی کیلئے تمام ممکن اقدامات کریں، نیز معاملے کی جامع اور تیز رفتار تحقیقات کو یقینی بنا کر ذمہ داران کو کیفرِ کردار تک پہنچائیں، ایسوسی ایشن اربابِ اختیار پر بھی زور دیتی ہے کہ وہ سول سرونٹس کیلئے کئے گئے حفاظتی اقدامات کا جائزہ لے کر انہیں مزید بہتر بنائیں تا کہ ملک کے کسی بھی حصے میں ایسے واقعات دوبارہ نہ ہوں، پاسا اس انتہائی تکلیف دہ گھڑی میں اکرام اللہ خان اور ان کے اہل خانہ کے ساتھ کھڑی ہے اور بچوں کی باحفاظت اور جلد بازیابی کیلئے دعاگو ہے“۔ گر تفصیلات اسی طرح درست ہیں جس طرح بیان کی جا رہی ہیں تو یہ محض ایک خاندان کا المیہ نہیں بلکہ خیبر پختونخوا میں امن وامان کی صورتحال پر ایک سنجیدہ سوال ہے، ایک ایسے افسر کے گھر میں مسلح افراد کا داخل ہونا اور کم سن بچوں کو لے جانا، جو خود اہم سرکاری ذمہ داریاں ادا کر چکا ہو، اس صوبے میں کچھ عرصہ پہلے تک امن وامان قائم کرنے والے ہوم ڈیپارٹمنٹ کا ایڈیشنل چیف سیکرٹری رہا ہو تو یہ قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارکردگی کے حوالے سے تشویش پیدا کرتا ہے، جب ریاستی مشینری کا اہم حصہ رہنے والے افسر کے بچے بھی عدم تحفظ کا شکار ہوں تو عام شہریوں کے خدشات کو نظرانداز کیسے کیا جا سکتا ہے؟ ریاست کی اصل طاقت کا امتحان اس وقت ہوتا ہے جب شہریوں کی جان و مال کا تحفظ بھی ایک سوالیہ نشان بن جائے، چیئرمین نیب لیفٹیننٹ جنرل (ر) نذیر احمد نے سرکاری اثاثوں کی واگزاری اور ادارہ جاتی کرپشن کے خاتمے کو اپنی ترجیحات قرار دیا ہے، لیکن اسی موقع پر کرپشن سے متعلق ان کے بیان کردہ اعداد وشمار بھی توجہ طلب ہیں، ان کے مطابق کرپشن کے معاملات میں نجی کاروباری افراد کا تناسب 60 فیصد سے زیادہ، بیوروکریسی کا 18 فیصد، بینک ڈیفالٹرز کا 8 فیصد اور سیاستدانوں کا تقریباً ساڑھے چار فیصد ہے، یہ اعداد و شمار یقیناً احتساب کی ضرورت کو نمایاں کرتے ہیں، لیکن ان کی درست تشریح بھی ضروری ہے، یہ واضح ہونا چاہئے کہ یہ تناسب شکایات، زیرِ تفتیش مقدمات یا کسی دوسری درجہ بندی پر مبنی ہیں، اسی طرح بیوروکریسی میں اٹھارہ فیصد کرپشن کو دوسرے نمبر پر قرار دیے جانے کے باوجود اسے تمام بیوروکریٹس میں کرپٹ افراد کی شرح قرار نہیں دیا جا سکتا، چیئرمین نیب کو یہ بھی واضح کرنا چاہئے کہ اگر عوام کو پٹواری سے لے کر اعلیٰ انتظامی افسر تک، مختلف سطحوں پر رشوت، اختیارات کے ناجائز استعمال، ناجائز سفارش اور کام نکلوانے کیلئے مبینہ ادائیگیوں کی شکایات رہتی ہیں تو اس دیرینہ مسئلے کا مستقل حل آخر کب، کیسے اور کون نکالے گا؟ اکستان میں بیوروکریسی کو ریاستی انتظام کا بنیادی ستون سمجھا جاتا ہے، پالیسیوں پر عملدرآمد، سرکاری وسائل کا انتظام، ترقیاتی منصوبوں کی نگرانی، زمینوں کا ریکارڈ، ٹیکس وصولی اور عوامی خدمات کی فراہمی اسی مشینری کے ذریعے ہوتی ہے اور اس پر ہر الزام درست نہیں ہوتا اور ہر افسر کو ایک ہی لاٹھی سے ہانکنا بھی ناانصافی ہے، لیکن شکایات کی موجودگی اِس امر کا تقاضا ضرور کرتی ہے کہ نگرانی، شفافیت اور احتساب کے نظام کو موثر بنایا جائے۔ چیئرمین نیب کے بیان میں بیوروکریسی کا 18 فیصد کرپشن تناسب اس بحث کو مزید اہم بناتا ہے، اگر یہ شرح نیب کو موصول ہونے والی شکایات یا اس کے زیرِ کارروائی معاملات سے متعلق ہے تو ادارے کو اس کی تفصیل، مدت اور طریقہ شمار واضح کرنا چاہئے، عوام کو معلوم ہونا چاہئے کہ کتنے معاملات کی تحقیقات ہوئیں، کتنے الزامات ثابت ہوئے، کتنے افراد کو سزا ملی اور کتنی رقم حقیقتاً واپس قومی خزانے میں آئی، کرپشن کے خلاف اصل کامیابی افسروں کی گرفتاریوں کی تعداد نہیں بلکہ ایسا نظام قائم کرنا ہے جس میں رشوت لینے، ناجائز فائدہ پہنچانے اور سرکاری وسائل ہڑپ کرنے کے مواقع کم سے کم رہ جائیں، ساتھ ہی یہ بھی ضروری ہے کہ احتساب ماضی کی طرح سیاسی انتقام یا افسروں پر دباؤ ڈالنے کا ذریعہ نہ بنے، الزام کی منصفانہ تحقیقات، ثبوت کی بنیاد پر فیصلہ اور اپیل کا حق ہر شخص کو حاصل ہونا چاہئے، دیانتدار افسر کی حوصلہ افزائی اور بدعنوان افسر کا بلاامتیاز احتساب، دونوں ایک ہی اصلاحاتی نظام کے حصے ہونا چاہئیں، مجھے تو ہماری موجودہ بیوروکریسی مجبور اور محکوم نظر آ رہی ہے، اکرام اللہ خان کے بچوں کے اغوا کی ابھی تک ایف آئی آر درج نہیں ہوئی یا وہ کسی خوف سے اس ایشو کو ہائی لائٹ ہی نہیں ہونے دے رہے؟ کرام اللہ خان کے بارے میں بعض حلقوں کی جانب سے کے پی میں پی ٹی آئی حکومت سے مبینہ قربت اور کرپشن کے الزامات کا ذکر بھی کیا جا رہا ہے، تاوان کیلئے کروڑوں روپے مانگے جانے کی اطلاعات بھی سامنے آئی ہیں، تاہم ان دعوؤں کی تصدیق ضروری ہے، سیاسی وابستگی یا کسی مالی الزام کی بنیاد پر اغوا کے محرکات کا فیصلہ نہیں کیا جا سکتا، اگر ان کے خلاف کرپشن کے شواہد ہیں تو قانون کے مطابق تحقیقات ہونا چاہئیں، لیکن کسی افسر کے خلاف الزام اس کے بچوں کو نقصان پہنچانے یا خاندان کو دھمکانے کا جواز نہیں بن سکتا، کسی بھی نتیجے تک پہنچنے سے پہلے شواہد کا انتظار کرنا چاہئے، لیکن تحقیقات میں تاخیر بھی نہیں ہونی چاہئے، کیونکہ اس واقعہ سے پاکستان بھر میں پاکستان ایڈمنسٹریٹو سروس کے سینکڑوں افسر پریشانی کا شکار ہیں۔

---

# کیا یہی ہوتی ہے جمہوریت؟

### نسیم شاہد

کون کہتا ہے مسئلے حل نہیں ہو رہے۔ ہمارے پیارے ارکان اسمبلی، ارکان سینٹ دن رات مسئلے حل کرنے میں لگے ہوئے ہیں۔ اب کچھ حاسدین کہیں گے وہ تو سب اپنے کام کرا رہے ہیں، عوام کی تو انہیں دور دور تک فکر نہیں، ایسے لوگوں کو کون سمجھائے کہ ارکان اسمبلی کیا پاکستانی نہیں، کیا ان کا اس ملک پر کوئی حق نہیں، کیا انہوں نے اپنی زندگی عوام کے لئے وقف نہیں کر رکھی، ان کی آل اولاد کے بھی عوام پر سینکڑوں احسانات ہیں، اس لئے اگر وہ اپنے کام کرا رہے ہیں، مسائل حل کرانے میں دن رات مگن ہیں تو انہیں خوشدلی سے اجازت دینی چاہیے کہ پہلے سب کام کرا لیں اور پھر اس بھوکے ننگے، غربت و مہنگائی میں ڈوبے ہجوم پر بھی توجہ دیں، جسے عوام کہا جاتا ہے۔ اصل میں بے صبرے عوام یہ چاہتے ہیں یہ عوامی نمائندے سب کام چھوڑ کر، اپنی کروڑوں روپے کی گاڑیوں سے اتر کر ذرا عوام کے حالات کا جائزہ لیں، وہ کس حال میں زندہ ہیں اور ان پر آج کل کیا بیت رہی ہے۔ یہ عجیب خواہش ہے، عجیب فرمائش ہے۔ ایک بار ووٹ دے کر یا ان ووٹوں سے بننے والوں نے سینٹ کے ارکان بنا کر کیا انہیں خرید لیا ہے۔ ان کی اپنی بھی خواہشیں ہیں، اپنی بھی مجبوریاں ہیں، کچھ تو ان کا بھی خیال کیا جائے۔ اب یہ ہاہا کار مچی ہوئی ہے کہ سینیٹ کے ارکان بلیو پاسپورٹ کے لئے کیوں مرے جا رہے ہیں، کیا ملک کا یہی آخری مسئلہ رہ گیا ہے۔ صرف اپنے لئے نہیں بلکہ اپنی اولاد اور جو ریٹائرڈ ہو کر جا چکے ہیں ان سینیٹرز کے لئے بھی بلیو پاسپورٹ مانگ رہے ہیں، اگر وزارت داخلہ نے یہ کہہ دیا ہے کہ بچوں کی پولیس کلیئرنگ کے بعد بلیو پاسپورٹ جاری ہوں گے تو اس بات نے بھی سینیٹرز کے تن بدن میں آگ لگا دی ہے۔ وہ سب تو خود کو قانون سے ماورا اور دودھ کے دھلے سمجھتے ہیں۔ اپنے بچوں کو بھی اوتار مانتے ہیں اس لئے انہیں اس بات پر بھی شدید اعتراض ہے۔ کوئی بچہ اگر کسی جرم میں ملوث رہا ہے، کہیں اس کا نام ایف آئی آر میں ہے تو حکومت کو کیا تکلیف ہے وہ بس بلیو پاسپورٹ جاری کرے۔ وہ عوام کی طرح کیڑے مکوڑے تو نہیں کہ ایف آئی آر ہو تو بیرون ملک سفر نہیں کر سکتے، بعض اوقات کو تو پاسپورٹ تک نہیں بنوا سکتے۔ اب بلیو پاسپورٹ تو ایک شاہکار ہے، قانون، ویزے اور امیگریشن کی ہر پابندی سے آزاد۔ یہ موقع ہاتھ سے جانا نہیں چاہیے۔ کمزور حکومت، کمزور ادارے سب قابو میں آئے ہوئے ہیں، ان سے جو مرضی منظور کرا لو۔ سو یہ بلیو پاسپورٹ جو کسی زمانے میں ایک نایاب چیز ہوتا تھا، اب اسے بھی ٹکے ٹوکری کرنے کا منصوبہ بنا لیا گیا ہے۔ لوگ حیران ہیں کہ ملک اتنے سنگین حالات سے گزر رہا ہے اور ان شاہی نمائندوں کو دن رات اس خواہش کی پڑی ہے کسی طرح بلیو پاسپورٹ اگلی نسل تک کو مل جائے۔ ایسے لوگوں کی بے حسی، حوصلے اور جرائت مندی کی داد تو بنتی ہے۔ ہ شیدا ریڑھی والا بھی کوئی کمال کی چیز ہے، بال کی کھال اتارتا ہے اور بندے کو ہلکان کر دیتا ہے۔ کل پوچھنے لگا بابو جی کیا ان سب کو یہ خطرہ تو لاحق نہیں ہو چکا کہ انہیں اچانک ملک سے جانا پڑ سکتا ہے، اتنا وقت بھی نہیں ملے گا کہ ویزا ہی لگوا سکیں، اس لئے بلیو پاسپورٹ پاس ہونا چاہیے تا کہ فٹافٹ ملک سے نکل جائیں۔ میں نے کہا شیدے یہ تو تم ایسے کہہ رہے ہو، جیسے ان کا ملک سے بھاگنے کا منصوبہ ہو۔ بھلا وہ کیوں جائیں گے، یہ تو ان کا پیارا ملک ہے۔ یہاں ان کی بادشاہی ہے۔ جو کروفر انہیں یہاں حاصل ہے، دنیا کے اور کسی ملک میں نہیں مل سکتا۔ شیدے نے پوچھا تو پھر وہ بلیو پاسپورٹ کیلئے اتنا دباؤ کیوں ڈال رہے ہیں۔ میں نے کہا وہ عوام سے ذرا فاصلہ رکھنا چاہتے ہیں۔ سبز پاسپورٹ رکھ کر انہیں ائرپورٹس پر عوام کے ساتھ قطاروں میں کھڑا ہونا پڑتا ہے، جو بڑی تکلیف دہ بات ہے۔ اس لئے بلیو پاسپورٹ چاہتے ہیں تا کہ شاہانہ پروٹوکول کے ساتھ سفر کر سکیں۔ اتنا تو ان کا حق بنتا ہے۔ آخر وہ عوام کے نمائندے اور حکومت بنانے والے ہیں۔ شیدا کہاں باز آتا ہے، کہنے لگا مگر بابو جی پہلے تو کہا جاتا تھا حکومت عوام بناتے ہیں کیا عوام درمیان سے نکل گئے ہیں۔ میں نے کہا ہاں نکل گئے ہیں، ویسے جب پہلے یہ کہا جاتا تھا، تب بھی صرف جھوٹ اور ملمع کاری عوام کو بے وقوف بنانے کی ایک کوشش ہوتی تھی۔ عوام اس ملک میں کبھی بھی اسٹیک ہولڈرز نہیں رہے۔ وہ نہ تین میں ہیں اور نہ تیرہ میں۔ شیدے سے جان چھڑا کر میں واپس تو آ گیا مگر یہ سوچ گلے پڑ گئی کہ شیدے ریڑھی والے جیسے عوام کی کیا واقعی عوامی نمائندوں کو کوئی فکر نہیں رہ گئی۔ کیا وہ ان سے بالکل لاتعلق ہو چکے ہیں انہیں اپنے مشاہدے اور الاؤنس بڑھانے، بلیو پاسپورٹ لینے اور دیگر مراعات لینے سے فرصت ہی نہیں رہی۔ ابھی کل ہی ایک دوست کہہ رہے تھے۔ یہ سینیٹ آخر ہے کیا بلا۔ کیا اس میں کبھی عوام کی کوئی بات ہوئی، کیا مہنگے پٹرول پر کسی نے قرارداد پیش کی، کیا مہنگائی پر عوام میں جو اضطراب ہے اس پر حکومت سے جواب طلبی کی۔ پھر انہوں نے اچھے دل کی بھڑاس اس طرح نکالی کہ اب تو اسے بلیو پاسپورٹ والی سینیٹ کا خطاب ملنا چاہیے۔ میں اس بات کا کھوج لگاتا رہا کہ سیاست میں یہ کلچر شروع دن سے ہے یا یہ کچھ دہائیوں کی پیداوار ہے۔ نہیں صاحب یہ شروع دن کی برائی نہیں، میں نے وہ زمانے بھی دیکھے ہیں جب مراعات بڑھانے کا کوئی بل ایوان میں پیش ہوتا تھا تو اپوزیشن اس کی شدید مخالفت کرتی تھی حتیٰ کہ حزب اقتدار میں سے بھی کئی نمائندے بول پڑتے تھے کہ عوام کو اگر ہم کچھ نہیں دے سکتے تو ہمیں بھی اس کا کوئی حق نہیں کہ اپنے لئے فیصلے کریں۔ کئی بار حکومت کو بل واپس لینے پڑتے تھے، مگر افسوس اب اس حوالے سے سب ایک ہی کشتی میں سوار ہیں۔ عام معاملات میں ایک دوسرے سے لاکھ اختلاف رکھنے والے تنخواہوں میں اضافے، الاؤنسز بڑھانے اور بلیو پاسپورٹ لینے جیسے معاملات میں ایک ہو جاتے ہیں۔ پارٹی کا اختلاف نہ اپوزیشن کا کوئی خیال۔ تیری سرکار میں پہنچے تو سبھی ایک ہوئے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ اس وقت 25 کروڑ عوام کا کوئی پُرسانِ حال نہیں۔ تنخواہ دار طبقہ علیحدہ پریشان ہے۔ مزدور بچوں کو دو وقت کی روٹی نہیں کھلا پا رہے۔ تاجر، کسان، ریڑھی تانگہ بان سب پریشان ہیں مگر ہمارے نمائندے، ہمارے حکمران اپنی دنیا میں مگن ہیں، کیا یہی ہوتی ہے جمہوریت؟

---

# پاکستان۔۔ "خیال سے کمال تک"

### سید علی بخاری

پاکستان محض زمین کے ایک ٹکڑے کا نام نہیں، بلکہ یہ ایک تاریخی جدوجہد، فکری ارتقاء، سیاسی شعور اور ایک جداگانہ قومی شناخت کی تشکیل کا نتیجہ ہے۔ اس مملکت کے قیام کو صحیح معنوں میں سمجھنے کے لیے ضروری ہے کہ ہم تحریکِ پاکستان کو صرف 1940 کی قراردادِ لاہور یا 1947ء کی آزادی تک محدود نہ رکھیں، بلکہ ان تاریخی مراحل کا مطالعہ بھی کریں جنہوں نے برصغیر کے مسلمانوں کو اپنے مستقبل کے بارے میں اجتماعی طور پر سوچنے پر آمادہ کیا۔ اسی اہم موضوع پر یونیورسٹی آف لاہور میں پاکستان: "خیال سے کمال تک" کے عنوان سے ایک فکری نشست منعقد ہوئی، جس میں جناب مجیب الرحمٰن شامی نے اپنے مطالعے اور تاریخی مشاہدات کی روشنی میں اظہارِ خیال کیا۔ نشست میں چیئرمین یونیورسٹی آف لاہور جناب اویس رؤف، اساتذہ، معزز مہمانانِ گرامی اور طلبہ کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اویس رؤف نے اپنے ابتدائی کلمات میں بتایا کہ مجیب الرحمٰن شامی اور سہیل وڑائچ کے ساتھ اسلام آباد موٹروے پر تقریباً چار گھنٹے کے سفر کے دوران ہونے والی گفتگو نے انہیں اس امر کی طرف متوجہ کیا کہ پاکستان کی تاریخ اور قیامِ پاکستان کے پس منظر کو نئی نسل تک زیادہ جامع انداز میں پہنچانے کی ضرورت ہے۔ اسی احساس کے تحت یہ علمی نشست منعقد کرنے کا خیال آیا، تا کہ طلبہ اور اساتذہ براہِ راست ایک تجربہ کار صحافی اور صاحبِ مطالعہ شخصیت سے استفادہ کر سکیں۔ ویس رؤف نے اس موقع پر قومی مکالمے کے فروغ میں جامعات کے کردار پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ہمیں اپنی تاریخ سے گھبرانے کے بجائے اسے سمجھنا چاہیے، ماضی کی غلطیوں سے سبق حاصل کرنا چاہیے اور مستقبل کے لیے بہتر راستے تلاش کرنے چاہئیں۔ بلاشبہ جامعات قومی شعور، فکری بالیدگی اور مثبت مکالمے کے مراکز بھی ہوتی ہیں۔ مجیب الرحمٰن شامی نے اپنی گفتگو میں برصغیر کی تاریخ، مسلم حکومتوں کے مختلف ادوار، 1857ء کی جنگِ آزادی اور جدید سیاسی شعور کے ارتقاء پر روشنی ڈالتے ہوئے واضح کیا کہ پاکستان کے قیام تک پہنچنے والا تاریخی سفر ایک طویل عمل تھا، جسے سمجھنے کے لیے ہمیں انیسویں صدی کے سیاسی، سماجی اور تعلیمی حالات کا جائزہ لینا ہوگا۔ برصغیر میں مختلف مسلم سلطنتوں کے قیام اور ان کے طویل ادوارِ حکومت کے باوجود اس زمانے کا سیاسی وسماجی نظام آج کے قومی ریاستی تصور سے مختلف تھا۔ ریاست کا بنیادی ڈھانچہ بادشاہت اور رعایا کے تصور پر قائم تھا، جبکہ مذہبی، علاقائی، لسانی اور سماجی شناختیں اپنے اپنے انداز میں موجود تھیں۔ جدید معنوں میں قومیت، عوامی نمائندگی اور انتخابی سیاست کے تصورات بعد کے ادوار میں بتدریج نمایاں ہوئے۔ 1857ء کی جنگِ آزادی اس تاریخی سفر کا ایک فیصلہ کن موڑ ثابت ہوئی۔ مغلیہ اقتدار کے خاتمے اور بہادر شاہ ظفر کی رنگون جلاوطنی کے بعد برصغیر براہِ راست برطانوی تاج کے زیرِ اقتدار آ گیا۔ بہادر شاہ ظفر کی زندگی کے آخری ایام اس حقیقت کی یاد دہانی ہیں کہ تاریخ میں اقتدار اور حالات ہمیشہ ایک جیسے نہیں رہتے۔ وقت کے ساتھ سلطنتیں زوال پذیر ہوتی ہیں اور قوموں کو نئے سیاسی وسماجی حقائق کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ برطانوی دور میں انتظامی اصلاحات، مقامی اداروں اور انتخابی نمائندگی کے تصورات نے برصغیر کی سیاست کو ایک نئی سمت دی۔ جیسے جیسے جدید سیاسی نظام کی تشکیل کا عمل آگے بڑھا، ویسے ویسے مختلف مذہبی اور سماجی گروہوں کے سامنے یہ سوال بھی اہم ہوتا گیا کہ نئے نظام میں ان کی نمائندگی اور اجتماعی مفادات کا تحفظ کس طرح ممکن ہوگا۔ سر سید احمد خان؟ جیسے مفکرین نے جدید تعلیم، علمی بیداری اور بدلتے ہوئے سیاسی حالات کو سمجھنے کی اہمیت اجاگر کی۔ مسلمانوں کے لیے تعلیم اور سیاسی شعور کا حصول محض ذاتی ترقی کا معاملہ نہیں رہا، بلکہ اجتماعی مستقبل کی تیاری کا ایک اہم تقاضا بن گیا۔ یہی وہ فکری ماحول تھا جس میں مسلمان قیادت نے اپنی سیاسی تنظیم، نمائندگی اور حقوق کے تحفظ سے متعلق سوالات پر غور شروع کیا۔ یہاں یہ بات سمجھنا ضروری ہے کہ تحریکِ پاکستان کسی ایک دن یا ایک واقعے سے پیدا نہیں ہوئی تھی۔ اس کے پس منظر میں طویل تاریخی تجربات، تعلیمی اصلاحات، سیاسی مباحث، بدلتے ہوئے انتظامی ڈھانچے اور مسلمانوں کے مستقبل سے متعلق مسلسل غوروفکر شامل تھا۔ وقت کے ساتھ یہ سوال زیادہ واضح ہوتا گیا کہ برصغیر کے مختلف مذہبی اور سماجی گروہوں کے مفادات کو ایک نمائندہ نظام میں کس طرح جگہ دی جائے اور سیاسی مستقبل کی تشکیل میں ان کی آواز کس طرح مؤثر بنائی جائے۔ مجیب الرحمٰن شامی کی گفتگو کا ایک اہم پہلو یہ بھی تھا کہ تاریخ کو محض واقعات، سنین اور شخصیات کے تذکروں تک محدود نہیں کرنا چاہیے۔ تاریخ کا حقیقی مطالعہ ہمیں یہ سمجھنے میں مدد دیتا ہے کہ معاشرے کیسے بدلتے ہیں، سیاسی تصورات کس طرح تشکیل پاتے ہیں اور اجتماعی فیصلوں کے پیچھے کون سے حالات اور محرکات کارفرما ہوتے ہیں۔ آج کے پاکستان میں اس نوعیت کے علمی مکالمے کی اہمیت مزید بڑھ جاتی ہے۔ نئی نسل کو تحریکِ پاکستان کے پس منظر، قیامِ پاکستان کے مقاصد، قومی جدوجہد اور آزادی کے بعد پیش آنے والے چیلنجز سے آگاہ کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ تاریخ کو غیر جانب دارانہ انداز میں پڑھنا، مختلف آراء کو سننا اور سوالات کے ذریعے فہم و شعور کو وسعت دینا ایک باشعور معاشرے کی بنیادی خصوصیات ہیں۔ تقریب کے بعد سوال و جواب کا سیشن بھی منعقد ہوا، جس میں معزز مہمانوں اور طلبہ کو براہِ راست سوالات کرنے کا موقع ملا۔ اس نشست نے اس تصور کو تقویت دی کہ جامعات میں قومی تاریخ اور اہم سیاسی موضوعات پر کھلا، مہذب اور علمی مکالمہ ہونا چاہیے۔ پاکستان۔۔ ”خیال سے کمال تک“ محض ایک عنوان نہیں، بلکہ ایک مسلسل قومی سفر کی یاد دہانی ہے۔ پاکستان کے قیام کا تاریخی پس منظر سمجھنا، اس کے حصول کیلئے دی گئی قربانیوں کا ادراک کرنا اور موجودہ مسائل کا سنجیدگی سے جائزہ لینا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔

# بقیہ جات

### بقیہ 1

ہوں، اُسی کی آزمائشوں اور مشکلات کو بیچ کر ڈالرز کمائے جا رہے ہوں۔ خواجہ آصف کا کہنا تھا کہ جب پی ٹی آئی کی حکومت تھی تب تو ان یوٹیوبرز کی عید تھی ہی، لیکن آج پی ٹی آئی اقتدار میں نہیں ہے تب بھی حسبِ معمول ان کی جیبیں بھر رہی ہیں، اس پوری جماعت کو انہی یوٹیوبرز نے برباد کر کے رکھ دیا ہے۔

### بقیہ 2

دورہ کے دوران جرمن صدر اور اعلی حکومتی عہدیداران سے دوطرفہ تعلقات، علاقائی اور عالمی صورتحال اور معاشی وتجارتی تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال کریں گے۔ ایوان صدر کے میڈیا وِنگ سے جاری بیان کے مطابق صدرمملکت یہ دورہ جرمنی کے صدر فرینک والٹرشٹائن مائر کی دعوت پر کر رہے ہیں۔ صدر آصف علی زرداری کا دورہ جرمنی انتہائی اہمیت کا حامل ہے، گزشتہ 23 سالوں بعد کسی بھی پاکستانی سربراہ مملکت کا یہ پہلا دورہ جرمنی ہوگا۔ رواں برس دونوں ممالک اپنے سفارتی تعلقات کے قیام کی 75 ویں سالگرہ بھی منا رہے ہیں۔ اس حوالے سے جرمن صدر کی صدرِ مملکت کو جرمنی کے دورے کی خصوصی دعوت نمایاں حیثیت رکھتی ہے۔ صدرمملکت دورہ جرمنی کے دوران ایک اعلیٰ سطحی وفد کے ہمراہ جرمنی کے صدر اور اعلیٰ جرمن حکومتی عہدیداران سے ملاقات کریں گے۔ ملاقاتوں کے دوران دوطرفہ تعلقات، علاقائی اور عالمی صورتحال، معاشی اور تجارتی تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال کیا جائے گا۔ صدر آصف علی زرداری کا دورہ جرمنی دوطرفہ تعلقات اور مختلف شعبوں میں باہمی اشتراک کے فروغ کو نئی جہت دینے کی جانب معاون ثابت ہوگا۔ صدر آصف زرداری کا دورہ پاکستان اور جرمنی کے مابین موجود دوطرفہ تاریخی تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کی جانب اہم سنگ میل ہوگا۔ گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے ایئرپورٹ پر صدرمملکت کو الوداع کہا۔

### بقیہ 3

کے ڈیجیٹل نظام کو خطرے میں ڈال سکتے ہیں، وینڈرز کو اداروں کے سسٹمز، ڈیٹا اور سیکیورٹی اسناد تک رسائی ملنے سے سائبر حملوں کے امکانات بڑھ سکتے ہیں، جبکہ بیرونی سروس فراہم کرنے والوں کے ذریعے حساس معلومات افشا ہونے کا خدشہ بھی موجود ہے۔ نیشنل سرٹ نے سفارش کی ہے کہ ادارے کسی بھی وینڈر یا سپلائر کو کام دینے سے پہلے اس کے سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیں، تھرڈ پارٹی وینڈرز کی رسائی صرف ضرورت کے مطابق محدود رکھی جائے اور ان کی سرگرمیوں کی باقاعدگی سے نگرانی کی جائے تاکہ سائبر خطرات سے بچا جا سکے۔

### بقیہ 4

حافظ نعیم الرحمن کی ملاقات بھی طے ہوگی۔ نائب امیر جماعت اسلامی لیاقت بلوچ نے کہا کہ 23 اکتوبر جمعہ کو پیٹرول لیوی ٹیکس کے خاتمے کے لیے ملک گیر پرامن احتجاج ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ مذاکرات اور احتجاج ساتھ ساتھ جاری رہیں گے تاکہ عوام کو ریلیف ملے اور معاشی پہیہ چلے۔

### بقیہ 5

فراہم کرنا ناگزیر ہے۔ بلوچستان میں امن وامان کی صورتحال کو بہتر بنانے کے لیے تمام متعلقہ اداروں کے درمیان مربوط حکمت عملی، باہمی تعاون اور مؤثر رابطہ کاری ضروری ہے تاکہ عوام کو درپیش مسائل کا تدارک کیا جا سکے اور جرائم پیشہ عناصر کی سرگرمیوں کی روک تھام ممکن بنائی جا سکے۔ میر ضیاء اللہ لانگو کا کہنا تھا کہ امن وامان کے قیام کے لیے پولیس، ضلعی انتظامیہ اور دیگر متعلقہ اداروں کو قانون کے مطابق اپنی ذمہ داریاں نبھانی چاہئیں۔ شہریوں کی جان و مال کی حفاظت، جرائم کی روک تھام اور عوام کے تحفظ سے متعلق اقدامات میں کسی قسم کی غفلت کی گنجائش نہیں ہونی چاہیے۔ صوبائی وزیر داخلہ نے اس امر پر زور دیا کہ امن وامان کا قیام صرف حکومتی ذمہ داری ہی نہیں بلکہ معاشرے کے تمام طبقات کے تعاون سے بھی مزید مؤثر بنایا جا سکتا ہے۔ عوام اور متعلقہ اداروں کے درمیان اعتماد، قانون کی پاسداری اور ذمہ دارانہ طرزِ عمل ایک محفوظ معاشرے کی تشکیل میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں امن، استحکام اور شہریوں کے تحفظ کے لیے قانون کے مطابق اقدامات کی اہمیت سے انکار نہیں کیا جا سکتا۔ حکومت کی ذمہ داری ہے کہ وہ عوام کو تحفظ فراہم کرنے کے لیے دستیاب وسائل اور ادارہ جاتی صلاحیتوں کو مؤثر انداز میں بروئے کار لائے۔ میر ضیاء اللہ لانگو نے اس عزم کا اظہار کیا کہ عوام کے تحفظ، امن وامان کی بہتری اور قانون کی عمل داری کے لیے کوششیں جاری رہنی چاہئیں، کیونکہ ایک محفوظ اور پرامن بلوچستان ہی عوام کی سماجی ومعاشی ترقی اور خوشحال مستقبل کی بنیاد بن سکتا ہے۔

### بقیہ 6

افسران کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی۔ وزیراعظم نے شرکا سے کہا کہ آپ کو صوبے کی پولیس، سیف سٹیز، سی ٹی ڈی کے لیے جو کچھ چاہیے وفاق دے گا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں ترقیاتی کاموں اور سیکیورٹی کو فول پروف بنانے کیلئے اہم فیصلے کیے گئے ہیں، صوبے میں ترقیاتی کاموں کیلئے وفاق 160 ارب روپے فراہم کرے گا جبکہ دہشتگردی کے خلاف جنگ میں تمام وسائل فراہم کیے جائیں گے۔ پشاور میں قبائلی اضلاع کے نمائندوں پر مشتمل ترقیاتی کونسل اور قبائلی مشران کا اجلاس ہوا جس میں وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے شرکت کی۔ اس موقع پر قبائلی عمائدین نے خیبر پختونخوا کی صورتحال پر خصوصی توجہ دینے پر وزیراعظم کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ صوبے کے عوام 13 سال سے مسائل میں گھرے ہوئے ہیں، مسائل کے حل کیلئے بھرپور تعاون کریں گے، خیبر پختونخوا میں لوگوں نے سکھ کا سانس لیا اور مٹھائیاں تقسیم کیں۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ قبائلی عمائدین نے ہمیشہ ڈنکے کی چوٹ پر پاکستان کا ساتھ دیا، دہشتگردی کے خلاف قبائلی عوام نے بے مثال قربانیاں دیں، ان کی قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں، قبائلی عوام نے گہرے زخم برداشت کیے مگر پاکستان سے وابستگی میں کبھی کمی نہیں آئی۔ انہوں نے کہا کہ قبائلی اضلاع میں امن ہوتا تو شاید ایمرجنسی کی ضرورت نہ پڑتی، آج ہم نے بڑے اہم فیصلے کیے ہیں، صوبے میں ترقیاتی کاموں اور سیکیورٹی کو فول پروف بنانے کیلئے اقدامات کیے جائیں گے۔ وزیراعظم کا کہنا تھا کہ خیبر پختونخوا کو جتنی گندم درکار ہے فراہم کریں گے، گندم کی ذخیرہ اندوزی نہیں ہونی چاہیے، سیف سٹیز منصوبے مکمل کرنے کی ہدایات دے دی ہیں، ترقیاتی منصوبوں پر جہاں سستی سے کام ہو رہا ہے وہاں کام تیز کرنے کی ہدایت کی ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ دہشتگردی کے خلاف وفاق تمام وسائل فراہم کرے گا، پولیس کی تربیت اور استعداد کار میں اضافے کیلئے اقدامات کیے جائیں گے جبکہ کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ کو مؤثر بنانے کی بھی ہدایت کی ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں گزشتہ 13 سال کے دوران سکیورٹی آپریشنز اور پولیس کی کارکردگی میں خامیاں سامنے آئیں، چوری اور ڈکیتی کے واقعات پر فوری کارروائی اور ملزمان کی گرفتاری یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے صوبے میں کرپشن کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ خیبر پختونخوا میں کرپشن عروج پر ہے، پینے کے پانی کے منصوبوں میں 100 ارب روپے کا سکینڈل سامنے آیا جبکہ کوہستان سکینڈل میں 37 ارب روپے کا فراڈ ہوا، بے شمار منصوبوں میں بدترین کرپشن کی گئی اور صوبے کے وسائل کو لوٹا گیا۔ شہباز شریف کا کہنا تھا کہ عوام کے وسائل کا ایک ایک پیسہ ترقی اور خوشحالی پر خرچ کیا جائے گا، صوبے کے وسائل کی مبینہ لوٹ مار پر قابو پایا جائے گا۔ وزیراعظم نے کہا کہ 40 منتخب ارکان پر مشتمل قبائلی کونسل کے کندھوں پر بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے، قبائلی کونسل کو مکمل طور پر بااختیار بنایا جائے گا جبکہ قبائلی علاقوں میں ترقیاتی امور اور انصاف کی فراہمی کیلئے بھرپور معاونت کریں گے۔

### بقیہ 7

اسمبلی سیکرٹریٹ کے مطابق ملاقات میں دوطرفہ پارلیمانی و اقتصادی تعلقات سمیت اہم علاقائی اور عالمی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان مالدیپ کے ساتھ اپنے دیرینہ تعلقات کو انتہائی اہمیت دیتا ہے۔ انہوں نے پاکستان اور مالدیپ کے مابین پارلیمانی و اقتصادی تعلقات مزید مستحکم بنانے پر زور دیا اور کہا کہ پاک۔مالدیپ پارلیمانی فرینڈشپ گروپ دوطرفہ پارلیمانی تعلقات کے فروغ میں فعال کردار ادا کر رہا ہے۔ پارلیمانی سفارتکاری علاقائی ممالک کے درمیان تعلقات کے فروغ میں اہم کردار ادا کر سکتی ہے۔ سپیکر قومی اسمبلی نے پاکستان اور مالدیپ کے مابین تجارتی حجم بڑھانے کے لیے ہونے والے معاہدوں کا خیر مقدم کیا اور کہا کہ مالدیپ کے صدر کا دور پاکستان دوطرفہ تعلقات کے فروغ میں اہم پیش رفت ثابت ہوگا۔ مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیز نے پاکستان کے ساتھ تعلقات مزید فروغ دینے کے عزم کا اظہار کیا اور کہا کہ مالدیپ کے عوام پاکستانی عوام کے ساتھ دلی وابستگی رکھتے ہیں۔ مالدیپ کے صدر نے علاقائی امن کے قیام کے لیے پاکستان کے کردار کو سراہا اور پرتپاک استقبال اور مہمان نوازی پر حکومتِ پاکستان اور پاکستانی عوام سے اظہارِ تشکر کیا۔ ملاقات میں ممبران قومی اسمبلی شازیہ ثوبیہ، شائستہ خان اور سنجے پروانی بھی موجود تھے۔

### بقیہ 8

چلڈرن، ریفیوزلز، نو ڈوز بچوں کی کوریج، سیکیورٹی، مانیٹرنگ اور ویکسینیشن کے نظام کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ڈویژنل کوآرڈینیٹر ٹاسک فورس ڈاکٹر صفدر، اے سی او ڈاکٹر عزیز احمد، اے سی او محمد سہیل احمد، ڈویژنل آفیسر ڈاکٹر امداد علی کے علاوہ ڈبلیو ایچ او اور دیگر اداروں کے افسران موجود تھے جبکہ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ویسٹ منیر احمد درانی، ڈپٹی کمشنر مستونگ بہرام خان کے علاوہ صوبائی کوآرڈینیٹر ای پی آئی بلوچستان ڈاکٹر آفتاب کاکڑ، ڈی ایچ اوز، ڈپٹی ڈی ایچ اوز، یونیسیف، نیشنل پروگرام، ڈبلیو ایچ او اور دیگر اداروں کے افسران نے آن لائن اجلاس میں شرکت کی۔ اجلاس میں ہدایت کی گئی کہ مسڈ چلڈرن، ریفیوزلز اور نو ڈوز بچوں پر خصوصی توجہ دی جائے اور آئندہ پولیو مہم سے قبل ٹیموں کی تربیت کا عمل جلد مکمل کیا جائے۔ کمشنر نے کہا کہ جن یونین کونسلز میں ریفیوزلز کی تعداد زیادہ ہے، وہاں ٹیموں کی کارکردگی کا جائزہ لے کر ضرورت کے مطابق نئی ٹیمیں تعینات کی جائیں۔ مستونگ میں نو ڈوز بچوں کی زیادہ تعداد کے پیش نظر مہم کی منصوبہ بندی پر نظر ثانی کرنے اور کوریج بہتر بنانے کی ہدایت بھی کی گئی۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ زیرو ڈوز بچوں کی تعداد 10 ہزار سے کم ہو کر 8 ہزار 708 رہ گئی ہے، تاہم اس حوالے سے مزید اقدامات کی ضرورت ہے۔ بار بار رہ جانے والے بچوں کا باقاعدہ ریکارڈ مرتب کرنے، مستقل مسڈ بچوں کی نشاندہی اور ان تک رسائی یقینی بنانے پر زور دیا گیا۔ اجلاس میں یہ بھی کہا گیا کہ جن یونین کونسلز میں سیکیورٹی یا رسائی کے مسائل کے باعث مانیٹرنگ نہیں ہو رہی، وہاں متعلقہ حکام مسائل حل کرنے کے لیے مؤثر اقدامات کریں۔ کمشنر ذیشان لاشاری نے ہدایت کی کہ کم کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والی یونین کونسلز کی الگ الگ جانچ پڑتال کی جائے اور متعلقہ افسران سے کارکردگی کے بارے میں وضاحت طلب کی جائے۔ انہوں نے پولیو مہم کے دوران ٹیموں کی تربیت، نگرانی اور فیلڈ میں عملی کارکردگی بہتر بنانے کی ضرورت پر زور دیا۔ اجلاس میں صوبائی کوآرڈینیٹر بلوچستان ڈاکٹر آفتاب کاکڑ نے ای پی آئی پروگرام کی گزشتہ دو ماہ کی کارکردگی پر بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ کوئٹہ میں ویکسینیشن کوریج کے بعض اشاریوں میں بہتری آئی ہے، تاہم مستونگ سمیت مختلف علاقوں میں مزید اقدامات کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ حفاظتی ٹیکوں کی کوریج، ڈیٹا انٹری، ڈراپ آؤٹ اور زیرو ڈوز بچوں کے اعدادوشمار میں بہتری لانا ضروری ہے۔ ڈاکٹر آفتاب کاکڑ نے کوئٹہ میں خسرے کے کیسز کے تناظر میں حفاظتی ٹیکوں کی کوریج بڑھانے، بروقت ڈیٹا انٹری اور فیلڈ ریکارڈ کی درستگی یقینی بنانے پر زور دیا۔ انہوں نے متعلقہ ڈسٹرکٹ ہیلتھ افسران کو بنیادی مراکزِ صحت کے دورے کرنے، ادویات کی دستیابی اور عملے کی حاضری چیک کرنے کی ہدایت کی۔ اجلاس میں ویکسینیٹرز کی کارکردگی کا بھی جائزہ لیا گیا اور ہدایت کی گئی کہ زیرو ڈوز بچوں کو ویکسین نہ لگانے یا مقررہ اہداف حاصل نہ کرنے والے اہلکاروں کے خلاف ضابطے کے مطابق کارروائی کی جائے۔ متعلقہ حکام کو ویکسینیٹرز کی فہرستیں حاصل کر کے ان کے اہداف اور کارکردگی کی تصدیق کرنے کی ہدایت بھی کی گئی۔ اجلاس کے اختتام پر اس بات پر زور دیا گیا کہ پولیو کے خاتمے کے لیے ای پی آئی پروگرام کو مؤثر بنانا، حفاظتی ٹیکوں کی کوریج بڑھانا، درست اعدادوشمار مرتب کرنا اور ہر بچے تک ویکسین کی رسائی یقینی بنانا ناگزیر ہے۔

### بقیہ 9

کے پاس جنگ ختم کرنے کا کوئی واضح عملی منصوبہ نہیں، جس سے سفارتی تعطل پیدا ہوا، جنگ کے جاری رہنے سے تعلقات کی صورتِ حال ایران کے حق میں بدل گئی ہے، خلیجی ممالک ایران سے تعلقات پر نظر ثانی کر رہے ہیں۔ محسن رضائی نے یہ بھی کہا کہ خلیجی ممالک کو یقین ہو گیا ہے کہ امریکی فوج اپنے اڈوں کا دفاع کرنے کے بھی قابل نہیں۔

### بقیہ 10

داخلہ سینیٹر فیصل سلیم رحمان، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے خارجہ امور سینیٹر آغا شاہ زیب درانی، سیکرٹری سینیٹ سید حسنین حیدر اور دیگر اعلیٰ حکام بھی موجود تھے۔ چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ پاکستان اور مالدیپ کے درمیان تعلقات باہمی اعتماد، احترام اور مشترکہ مفادات پر استوار ہیں۔ دونوں ممالک کے درمیان پارلیمانی، سفارتی اور معاشی تعلقات مسلسل فروغ پا رہے ہیں اور ان تعلقات کو نئی جہتوں سے ہمکنار کرنے کے وسیع امکانات موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک 2026ء میں سفارتی تعلقات کے قیام کی 60ویں سالگرہ منا رہے ہیں، جو باہمی دوستی اور تعاون کے سفر میں ایک اہم سنگِ میل ہے۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ مختلف شعبوں میں مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط دونوں ممالک کے درمیان تعاون کو وسعت دینے کے مشترکہ عزم کا مظہر ہیں۔

### بقیہ 11

کیے۔ رپورٹ کے مطابق زرعی شعبے کی شرح نمو 2.9 فیصد رہی جس میں لائیواسٹاک نے اہم کردار ادا کیا جبکہ خدمات کے شعبے میں 4.1 فیصد نمو ریکارڈ کی گئی، پاکستان کے زرمبادلہ کے ذخائر 19.7 ارب ڈالر تک پہنچ گئے ہیں جبکہ مجموعی مالیاتی خسارہ کم ہو کر مجموعی قومی پیداوار کے 2.6 فیصد کے برابر رہ گیا۔ عالمی بینک کے مطابق مالی سال 26-2025 میں عمومی مہنگائی کی اوسط شرح 7.1 فیصد رہی جبکہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے شرح سود بڑھا کر 11.5 فیصد کر دی۔ مالی سال 27-2026 میں معاشی نمو 3.8 فیصد رہنے جبکہ رواں سال مہنگائی کی شرح 8.2 فیصد تک پہنچنے کی توقع ہے۔ رپورٹ کے مطابق مالی سال 25-2024 میں مہنگائی کی اوسط شرح 4.5 فیصد تھی جو گزشتہ مالی سال میں بڑھ کر 7.1 فیصد ہو گئی، مشرق وسطی کے تنازع کے باعث توانائی کی قیمتوں میں اضافے نے مہنگائی کے دبا میں شدت پیدا کی۔ عالمی بینک کے مطابق مارچ سے جون 2026 کے دوران مہنگائی کی اوسط شرح 10.2 فیصد رہی جبکہ مئی 2026 میں یہ بڑھ کر 11.7 فیصد کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی۔ مالی سال 26-2025 میں شہری علاقوں میں غذائی مہنگائی کی اوسط شرح 4.3 فیصد جبکہ دیہی علاقوں میں 5.4 فیصد ریکارڈ کی گئی، گندم اور جلد خراب ہونے والی اشیائے خورونوش کی قیمتوں میں اضافے نے غذائی مہنگائی کو بڑھایا۔ رپورٹ کے مطابق اگست 2026 تک شہری اور دیہی علاقوں میں مہنگائی بڑھانے میں غذائی اشیا کا سب سے بڑا حصہ رہا۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ فروری سے جون 2026 کے دوران پیٹرول کی قیمت میں تقریبا 36 فیصد، ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمت میں 31 فیصد اور مائع پیٹرولیم گیس کی قیمت میں تقریبا 46 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا، اسی عرصے میں ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں بھی تقریبا 30 فیصد اضافہ ہوا۔ عالمی بینک کے مطابق مارچ 2026 سے توانائی کی قیمتوں میں اضافے کے باعث مہنگائی کے دبا میں شدت آئی، مالی سال 26-2025 میں بنیادی مہنگائی کی اوسط شرح شہری علاقوں میں 7.4 فیصد اور دیہی علاقوں میں 8.5 فیصد رہی جبکہ مئی 2026 میں شہری علاقوں میں بنیادی مہنگائی کی شرح 9 فیصد تک پہنچ گئی۔

### بقیہ 12

ہو رہا ہے، دھمکیوں، ناقص عوامی خدمات، بدعنوانی تاثر کے باعث عوام کا پولیس پر اعتماد متاثر ہوا۔

### بقیہ 13

شہریوں کو پریشان کر دیا، ناشتے سے رات کے کھانے تک گیس غائب، جبکہ ایل پی جی بھی 700 روپے تک فی کلو فروخت ہونے لگی۔ علاقے کے حساب سے ایل پی جی کہیں 500 اور کہیں 700 روپے تک میں بھی فروخت کی جا رہی ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ مجبورا انہیں ہوٹل اور تندوروں کا رخ کرنا پڑ رہا ہے، جس سے ان کا ماہانہ بجٹ بھی ڈسٹرب ہو رہا ہے۔ پشاور میں بھی ایل پی جی کی قیمتوں میں بھی 100 روپے کا اضافہ ہو گیا ہے، 450 روپے فی کلو میں بکنے والی ایل پی جی کے نرخ 550 روپے فی کلو پہنچ گئے۔ گیس سلنڈر کے نرخ بڑھے تو لکڑی ٹال مالکان کیوں پیچھے رہتے۔ جلائی جانے والی لکڑی کے نرخ بھی بڑھ گئے۔ لکڑی کی فی من قیمت بھی 200 سے 300 روپے بڑھ گئی۔ 1400 سے 1600 روپے من تک ملنے والی لکڑی کی قیمت اب 1600 روپے سے 1800 روپے من ہو گئی ہے۔

### بقیہ 14

اظہار کیا کہ ضلعی انتظامیہ عوامی خدمت اور شہریوں کے مسائل کے حل کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے متعلقہ محکموں کی کارکردگی بہتر بنانے، عوامی شکایات پر بروقت کارروائی اور شہریوں کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ کھلی کچہریوں کے انعقاد کے ساتھ ساتھ ان میں پیش کی جانے والی درخواستوں کا باقاعدہ ریکارڈ مرتب کیا جائے، متعلقہ افسران کو واضح ذمہ داریاں سونپی جائیں اور مقررہ مدت میں پیش رفت کا جائزہ لیا جائے۔ اس طرح نہ صرف شہریوں کے مسائل کے حل میں تیزی لائی جا سکتی ہے بلکہ عوامی اعتماد کو بھی مضبوط بنایا جا سکتا ہے۔ بلاشبہ ایک فعال، جواب دہ اور عوام دوست انتظامیہ ہی شہریوں کی توقعات پر پورا اتر سکتی ہے۔ کوئٹہ میں کھلی کچہری کا انعقاد اسی سمت میں ایک اہم قدم ہے، جس کی افادیت کا انحصار شکایات کے مؤثر ازالے، فیصلوں پر عمل درآمد اور عوامی خدمت کے تسلسل پر ہوگا۔ اگر تمام متعلقہ محکمے باہمی تعاون اور ذمہ داری کے ساتھ اپنی خدمات انجام دیں تو شہریوں کو درپیش روزمرہ مسائل میں کمی لانے اور سرکاری اداروں پر اعتماد کو مزید مستحکم کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔ ختم شد

### بقیہ 15

کا کہنا ہے کہ لوگوں کا خیال ہے ایران سے متعلق پیش رفت مڈٹرم انتخابات کے بعد سامنے آئے گی، آنے والے دن اہم ہیں، صورتحال واضح ہو جائے گی۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ ایران کے خلاف فوجی محاذ پر امریکا بہت اچھی کارکردگی دکھا رہا ہے، ایران کے خلاف امریکا کو فوجی اور مالی دونوں محاذوں پر برتری حاصل ہے۔ دوسری طرف نیویارک ٹائمز کے مطابق امریکا اور اسرائیل ایران پر ایک بار پھر حملوں کی تیاری کر رہے ہیں، امریکی وسط مدتی انتخابات کے بعد ایران کے خلاف مختصر مگر شدید فوجی کارروائی کے منصوبے پر کام جاری ہے۔ رپورٹ کے مطابق ایران کی توانائی تنصیبات، جوہری مراکز، میزائل اور ڈرون کے ذخائر ممکنہ اہداف میں شامل ہو سکتے ہیں، امریکی فوج کے مشرقِ وسطی میں تمام فوجی اثاثے نومبر کے آغاز تک تیار ہونے کا امکان ہے۔ امریکی وزیر جنگ پیٹ ہیگسیتھ نے اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو سے ملاقات میں نئے حملوں پر بھی بات چیت کی ہے، امریکا اور اسرائیل عراق کی فضائی حدود میں فوجی مشقیں بھی کر رہے ہیں تاکہ ممکنہ حملوں کی تیاری کی جا سکے۔ امریکی حکام کے مطابق نئے حملے ایران کی معیشت کو مزید نقصان پہنچا سکتے ہیں، تاہم ان حملوں سے مطلوبہ نتائج حاصل ہونے کے بارے میں شکوک بھی موجود ہیں، ایران پر اس سے پہلے ہونے والے حملوں کے باعث عالمی منڈی میں توانائی کی قیمتوں اور مہنگائی میں اضافہ ہوا تھا۔ حکام کے مطابق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے تاحال نئے حملوں کی حتمی منظوری نہیں دی، اس لیے فوجی کارروائی کا امکان موجود ہونے کے باوجود فیصلہ یقینی نہیں۔

### بقیہ 16

حضرت مولانا فضل الرحمن کی سیاسی بصیرت، دینی خدمات اور اصولی مقف کو منفی پروپیگنڈے اور بے بنیاد الزامات کے ذریعے متنازع بنانے کی کوششیں کامیاب نہیں ہوں گی اور حقائق کو جھوٹ کے پردوں میں چھپانے والے بالآخر عوام کے سامنے بے نقاب ہو جائیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ قائد جمعیت کے خلاف منفی مہم چلانے والے عناصر اپنی سیاسی ساکھ بچانے اور ذاتی مفادات کے حصول کے لیے اوچھے ہتھکنڈوں کا سہارا لے رہے ہیں، حتی کہ اس مہم کو بنیاد بنا کر لوگوں کی نوکریاں پکی کروانے کا سلسلہ بھی زیادہ دیر تک جاری نہیں رہ سکے گا اور بہت جلد دم توڑ جائے گا، کیونکہ عوام باشعور ہیں اور وہ پروپیگنڈے، کردار کشی اور اصولی سیاسی مقف کے درمیان فرق بخوبی سمجھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جمعیت علما اسلام اپنے اکابرین کے نقشِ قدم پر چلتے ہوئے پرامن، آئینی اور جمہوری جدوجہد جاری رکھے گی اور کسی دبا یا منفی مہم سے مرعوب نہیں ہوگی۔ انہوں نے نوجوانوں، بالخصوص جمعیت طلبہ اسلام کے کارکنوں پر زور دیا کہ وہ شہدا کے مشن کو آگے بڑھاتے ہوئے علم، کردار، نظم وضبط، اتحاد اور پرامن جدوجہد کو اپنا شعار بنائیں، مخالفانہ پروپیگنڈے کا جواب دلیل، اخلاق اور عملی کردار سے دیں اور جماعت کے نظریاتی پیغام کو عوام تک پہنچانے میں اپنا مثر کردار ادا کریں۔

### بقیہ 17

طلب کی گئی ہے جب کہ غیر ملکی شہری سے شادی کی تفصیلات بھی دینا ہوں گی۔

### بقیہ 18

چلڈرن، ریفیوزلز، نو ڈوز بچوں کی کوریج، سیکیورٹی، مانیٹرنگ اور ویکسینیشن کے نظام کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ڈویژنل کوآرڈینیٹر ٹاسک فورس ڈاکٹر صفدر، اے سی او ڈاکٹر عزیز احمد، اے سی او محمد سہیل احمد، ڈویژنل آفیسر ڈاکٹر امداد علی کے علاوہ ڈبلیو ایچ او اور دیگر اداروں کے افسران موجود تھے جبکہ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ویسٹ منیر احمد درانی، ڈپٹی کمشنر مستونگ بہرام خان کے علاوہ صوبائی کوآرڈینیٹر ای پی آئی بلوچستان ڈاکٹر آفتاب کاکڑ، ڈی ایچ اوز، ڈپٹی ڈی ایچ اوز، یونیسیف، نیشنل پروگرام، ڈبلیو ایچ او اور دیگر اداروں کے افسران نے آن لائن اجلاس میں شرکت کی۔ اجلاس میں ہدایت کی گئی کہ مسڈ چلڈرن، ریفیوزلز اور نو ڈوز بچوں پر خصوصی توجہ دی جائے اور آئندہ پولیو مہم سے قبل ٹیموں کی تربیت کا عمل جلد مکمل کیا جائے۔ کمشنر نے کہا کہ جن یونین کونسلز میں ریفیوزلز کی تعداد زیادہ ہے، وہاں ٹیموں کی کارکردگی کا جائزہ لے کر ضرورت کے مطابق نئی ٹیمیں تعینات کی جائیں۔ مستونگ میں نو ڈوز بچوں کی زیادہ تعداد کے پیش نظر مہم کی منصوبہ بندی پر نظر ثانی کرنے اور کوریج بہتر بنانے کی ہدایت بھی کی گئی۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ زیرو ڈوز بچوں کی تعداد 10 ہزار سے کم ہو کر 8 ہزار 708 رہ گئی ہے، تاہم اس حوالے سے مزید اقدامات کی ضرورت ہے۔

### بقیہ 19

کی اپیل کی جس پر ڈپٹی اسپیکر نے مرحوم کیلئے فاتحہ خوانی کے بعد اسمبلی اجلاس پیر سہ پہر تین بجے تک ملتوی کر دیا گیا۔

### بقیہ 20

ایل پی جی کی فی کلو قیمت میں 10 روپے کا مزید اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ مارکیٹ ذرائع کے مطابق کوئٹہ میں ایل پی جی کی فی کلو قیمت 530 روپے سے بڑھ کر 540 روپے ہو گئی۔ ذرائع نے بتایا ہے کہ بعض علاقوں میں ایل پی جی کی 570 روپے فی کلو تک میں بھی فروخت جاری ہے۔ مارکیٹ ذرائع کا کہنا ہے کہ 3 روز کے دوران شہر میں فی کلو ایل پی جی کی قیمت میں 120 روپے تک کا اضافہ ہوا ہے۔ صارفین نے مطالبہ کیا ہے کہ ایل پی جی کی سرکاری نرخ 280 روپے فی کلو پر فروخت یقینی بنائی جائے۔

### بقیہ 21

کرنے اور فارمیسی کے انتظامات کو بہتر انداز میں چلانے پر فارمیسی اسٹاف کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے انہیں شاباش دی۔ انہوں نے ہدایت کی کہ مریضوں کو ضروری ادویات کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنائی جائے تاکہ علاج کے دوران انہیں کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ صوبائی وزیرِ صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے ٹراما سینٹر سول ہسپتال کوئٹہ کا اچانک دورہ کیا، جہاں انہوں نے مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، ادویات کی دستیابی اور علاج معالجے کے انتظامات کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ ڈاکٹر امین مندوخیل بھی ان کے ہمراہ تھے۔ دورے کے دوران مینجنگ ڈائریکٹر ٹراما سینٹر ڈاکٹر ہادی کاکڑ نے صوبائی وزیرِ صحت کو سینٹر کی مجموعی کارکردگی، طبی سہولیات، ایمرجنسی سروسز اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی خدمات کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ صوبائی وزیرِ صحت نے ٹراما سینٹر میں زیرِ علاج مریضوں سے ملاقات کی اور ان سے علاج معالجے، ادویات کی فراہمی اور طبی سہولیات کے بارے میں دریافت کیا۔ مریضوں کو ضروری ادویات کی فراہمی اور علاج معالجے کے انتظامات کا جائزہ لینے کے بعد انہوں نے اطمینان کا اظہار کیا اور ادویات کی دستیابی پر خوشی کا اظہار کیا۔ انہوں نے مریضوں کو بروقت ادویات فراہم کرنے اور فارمیسی کے انتظامات کو بہتر انداز میں چلانے پر فارمیسی اسٹاف کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے انہیں شاباش دی۔ انہوں نے ہدایت کی کہ مریضوں کو ضروری ادویات کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنائی جائے تاکہ علاج کے دوران انہیں کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

### بقیہ 22

گزرگاہ سے مسافر اور دیگر سامان کی ترسیل کیلئے درآمدات و برآمدات بند ہے۔ کسٹمز حکام کے مطابق بارڈر پر تجارتی سرگرمیاں مرحلہ وار بحال کیے جانے کا امکان ہے۔

### بقیہ 23

مقامات پر بیک وقت ایکسپو منعقد ہوں گی۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم پہلے سے زیادہ مسائل پر بات کر رہی ہے اور یہ کسی ایک گروپ کا نہیں بلکہ پاکستان کی ترقی کا معاملہ ہے۔ انتظامی یونٹس کے قیام کے بغیر مسائل حل نہیں ہوں گے۔ اختیارات نہ ملنے سے مشکلات بڑھی ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ موجودہ حالات سے صرف چند درجن خاندانوں کو فائدہ ہوا، جبکہ باقی ملک مشکلات کا سامنا کر رہا ہے۔ کراچی آج بدترین رہنے والے شہروں میں شامل ہے، جبکہ میرے دور میں یہ ترقی یافتہ شمار ہوتا تھا۔ ویکسین سے متعلق گفتگو میں مصطفی کمال نے کہا کہ خریداری میں بے قاعدگیوں کی رپورٹس سامنے آئی ہیں اور اس معاملے پر وضاحت عدالت میں سامنے آئے گی۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم کے ارکان کی تعداد کم ہونے کے باوجود پارٹی نے ہمیشہ تمام مسائل پر بات کی ہے اور آئندہ بھی یہ سلسلہ جاری رکھے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ دو ماہ قبل ملین ڈالرز کے معاہدے کیے گئے، ویکسین کے لیے چین سے بھی رابطہ کیا گیا۔ پہلی ویکسین پالیسی بھی متعارف کرائی گئی تھی۔

### بقیہ 24

کا جائزہ لیا۔ پہلے معاملے میں متعلقہ دستاویزات اور ریکارڈ کی جانچ پڑتال کے بعد معاملے کو حل کر دیا گیا۔ دوسرے معاملے کے حوالے سے متعلقہ تحصیلدار کو ہدایت کی گئی کہ وہ دستیاب دستاویزات اور ریکارڈ کا تفصیلی جائزہ لینے کے بعد موقع کا معائنہ کریں اور اپنی رپورٹ پیش کریں تاکہ رپورٹ کی روشنی میں معاملے کو میرٹ اور قانون کے مطابق حل کیا جا سکے۔ اسسٹنٹ کمشنر نے واضح کیا کہ اراضی سے متعلق معاملات کو دستیاب ریکارڈ، حقائق اور قانونی تقاضوں کے مطابق نمٹایا جائے گا۔

### بقیہ 25

جلد از جلد نئی سبزی منڈی سری لہن منتقل کریں۔ انہوں نے کہا کہ تربت شہر میں ٹریفک کے نظام کو بہتر بنانے شہریوں کو آمدورفت میں سہولت فراہم کرنے اور بڑے مال بردار گاڑیوں کی وجہ سے پیدا ہونے والے مسائل پر قابو پانے کے لیے شہر میں بڑی گاڑیوں کے داخلے کی اجازت نہیں دی جائے گی اس سلسلے میں سبزی منڈی کی منتقلی ناگزیر ہے تاکہ شہر میں ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کے ساتھ ساتھ شہری مسائل کو بھی مؤثر انداز میں حل کیا جا سکے۔

### بقیہ 26

اسیران کو رہا کیا جائے اور ملک میں سیاسی جمہوری روایات اور آئینی و قانونی اقدامات کو فروغ دیا جائے۔

### بقیہ 27

کے دوران کرنے والے ملبے سے دو افراد ہلاک اور دو زخمی ہو گئے، ہلاک ہونے والوں کا تعلق فلپائن اور نیپال سے تھا، جبکہ زخمیوں میں پاکستانی اور بھارتی شہری شامل ہیں۔ ادھر امریکی وزارتِ خارجہ نے ریاض میں اپنے سفارت خانے کے تمام غیر ضروری عملے اور ان کے اہلِ خانہ کو سعودی عرب چھوڑنے کی ہدایت جاری کر دی ہے، سفارتی ذرائع کے مطابق امریکہ نے متحدہ عرب امارات، اردن، قطر اور بحرین میں اپنے سفارتی عملے کے اہلِ خانہ کو بھی وہاں سے نکل جانے کا حکم دیا ہے۔ برطانوی خبر ایجنسی کے مطابق امریکی حکام نے کہا ہے کہ خلیجی خطے میں حالات مزید کشیدہ ہونے اور خصوصاً یمن کے حوثیوں کے ساتھ ممکنہ لڑائی کے خدشات کے پیش نظر یہ اقدامات کیے جا رہے ہیں، ریاض میں امریکی سفارت خانے نے بھی سعودی عرب پر مزید حوثی حملوں کے امکان سے متعلق سیکیورٹی انتباہ جاری کیا ہے۔ دوسری جانب فرانسیسی صدر ایمانویل میخواں نے اپنے خلیجی دورے کے دوران ریاض کا اچانک دورہ کیا، جہاں انہوں نے ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان سے ملاقات کی، ایلیزے محل کے مطابق اس ملاقات کا مقصد سعودی عرب پر حوثی حملوں کے تناظر میں فرانس کی یکجہتی کا اظہار اور توانائی کی فراہمی کے تحفظ کے لیے تعاون بڑھانا تھا۔ میخواں خلیجی ممالک کے دورے کے سلسلے میں کویت، متحدہ عرب امارات، بحرین اور قطر بھی جا چکے ہیں، فرانسیسی صدر اکتوبر کے آغاز سے حوثی حملوں میں اضافے کے بعد سعودی عرب کا دورہ کرنے والے پہلے مغربی سربراہِ مملکت بن گئے ہیں۔ ادھر مصری صدر عبدالفتاح السیسی نے کہا ہے کہ سعودی عرب کو ممکنہ فوجی مدد کی پیشکش کا مقصد صرف سعودی سرزمین اور سرحدوں کا دفاع ہے، اس میں یمن پر کوئی حملہ شامل نہیں، انہوں نے کہا کہ مصر کسی بھی عرب ملک کے دفاع کے لیے تیار ہے اگر اس سے درخواست کی جائے۔ ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے خبردار کیا ہے کہ یمن میں کسی بھی بیرونی فوجی مداخلت سے صورتحال مزید پیچیدہ ہو جائے گی، مصر پہلے ہی تہران کو آگاہ کر چکا ہے کہ وہ اس تنازع میں براہ راست مداخلت نہیں کرے گا۔ عراقچی نے یہ بھی کہا کہ ایران کی جانب سے جنگ بندی اور مذاکرات میں سہولت فراہم کرنے کی پیشکش پر ابھی تک سعودی عرب یا حوثی جماعت کی جانب سے کوئی جواب موصول نہیں ہوا۔ سعودی خبر رساں ایجنسی کے مطابق ولی عہد محمد بن سلمان نے مصر کے وزیر خارجہ بدر عبدالعاطی سے ملاقات کے دوران مصری صدر کا ایک تحریری پیغام بھی وصول کیا، جس میں دوطرفہ تعلقات اور علاقائی صورتحال پر تبادلہ؟ خیال کیا گیا۔

### بقیہ 28

مزید پوائنٹس تیار کر کے دیں۔ پورے کراچی میں تعلیم کارڈ جاری کریں گے: حافظ نعیم الرحمنانہوں نے کہا کہ ٹانز کے پاس کسی چیز کا اختیار نہیں، تعلیم قومی ایجنڈا ہے اس پر آواز بلند کرنی ہوگی۔ امیر جماعت اسلامی پاکستان نے مزید کہا کہ پیٹرول کے ایک لیٹر پر 80 روپے لیوی دیتے ہیں۔

### بقیہ 29

ہیں، اور مشرقِ وسطی کے ممالک بھی یہ تسلیم کرتے ہیں کہ امریکہ ان کی سلامتی کی ضمانت نہیں دے سکتا۔

### بقیہ 30

والے قطری کارگوز کی قیمت اسپاٹ کارگو سے آدھی ہے۔ قطری کارگوز سے گیس 14 سے 15 ڈالر ہے جبکہ اسپاٹ مارکیٹ کی گیس قیمت 30 ڈالر فی ایم ایم بی ٹی یو تک ہے۔

### بقیہ 31

نوٹس جاری کرنے کی ہدایت کی تھی۔ ذرائع کے مطابق چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے فردوس شمیم نقوی کا استعفا منظور کرنے سے منع کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آپ بانی چیئرمین کے اچھے اور پرانے ساتھی ہیں، اپنی ذمہ داریاں نبھاتے رہیں۔ پی ٹی آئی ذرائع کے مطابق فردوس شمیم نقوی تاحال ایڈیشنل سیکرٹری جنرل کے عہدے پر برقرار ہیں۔

### بقیہ 32

آئی نے یہ بھی کہا ہے کہ فردوس شمیم نقوی 30 سال سے پی ٹی آئی سے وابستہ ہیں، ان کی پارٹی کے لیے بہت خدمات ہیں۔

### بقیہ 33

ہے۔ اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ مذاکرات میں صوبائی پارلیمانی پارٹی کو نمائندگی دی جائے اور علی امین گنڈاپور صوبے کی جانب سے نمائندگی کریں۔ پارلیمانی پارٹی کے اعلامیے کے مطابق آئینی طور پر سہیل آفریدی وزیراعلی اور جنید اکبر صوبائی صدر ہیں۔ اجلاس میں آئینی وتنظیمی عہدوں سے متعلق نہ کوئی فیصلہ کیا جا سکتا ہے اور نہ ایسا کوئی فیصلہ کیا گیا ہے۔ اعلامیے میں مرکزی سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجہ کے بیان اور پوسٹ پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے چیئرمین بیرسٹر گوہر سے پوسٹ کا نوٹس لینے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ اسی طرح پارٹی قیادت سے بھی مطالبہ کیا گیا ہے کہ وہ فوری طور پر واضح اور موثر احتجاجی لائحہ عمل دے۔

### بقیہ 34

چاروں جہاز غیر قانونی طور پر تیل کی ترسیل کر رہے تھے۔ ایرانی پاسدارانِ انقلاب کا کہنا ہے کہ اشتعال انگیزی جاری رہی تو امریکا کے علاقائی اڈوں کو نشانہ بنائیں گے۔ 2 دن قبل ایرانی پاسدارانِ انقلاب کی جانب سے کہا گیا تھا کہ آبنائے ہرمز میں 2 ٹینکر بحری بارودی سرنگوں سے ٹکرا گئے۔ ایرانی پاسداران انقلاب کا کہنا تھا کہ بارودی سرنگوں سے ٹکرا کر دونوں ٹینکروں میں آگ لگ گئی۔

### بقیہ 35

جمہوریہ کوریا کے درمیان دیرینہ دوستانہ تعلقات اور بڑھتی ہوئی شراکت داری کو اجاگر کیا گیا، جو باہمی احترام، مشترکہ مفادات اور امن، استحکام وخوشحالی کے فروغ کے عزم پر مبنی ہے۔ اس موقع پر بیرسٹر عقیل ملک نے پاکستان اور جمہوریہ کوریا کے درمیان دوطرفہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کی اہمیت پر زور دیا، خصوصاً اقتصادی تعاون، تجارت، سرمایہ کاری اور ادارہ جاتی روابط کے فروغ کے حوالے سے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان مسلسل رابطے اور تعاون مختلف شعبوں میں باہمی مفاد کے نئے مواقع پیدا کر سکتے ہیں۔ وزیرمملکت نے اس موقع پر حکومت اور عوامِ جمہوریہ کوریا کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے دونوں ممالک کے درمیان دیرینہ دوستی اور دوستانہ تعلقات کو مزید گہرا کرنے کے لیے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا۔

### بقیہ 36

جس سے مستقبل میں خوراک کی کمی اور موسمیاتی تبدیلی جیسے مسائل کو سمجھنے میں مدد مل سکتی ہے۔ پاکستان اور چین کے درمیان خلائی تعاون کا آغاز فروری 2025 میں خلابازوں کی تربیت اور خلائی مشن سے متعلق معاہدے کے ذریعے ہوا تھا۔ اب یہی تعاون پاکستان کے انسانی خلائی سفر کے خواب کو حقیقت کے قریب لا رہا ہے۔ حیران کن بات یہ ہے کہ پاکستان کا مقصد صرف خلا تک پہنچنا نہیں بلکہ پاکستان نے 2035 تک چاند پر پہنچنے کا ہدف بھی مقرر کیا ہے۔ دونوں ممالک ایک پاکستانی ساختہ قمری روور پر بھی کام کر رہے ہیں، جسے مستقبل میں چین کے چانگ ای 8 مشن کے ذریعے چاند پر بھیجنے کا منصوبہ ہے۔ اس سے قبل وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے نارووال یونیورسٹی میں پاکستان کا پہلا خلائی عجائب گھر قائم کرنے کا اعلان بھی کیا گیا ہے، تاکہ نوجوانوں میں سائنس اور خلائی تحقیق کا شوق پیدا کیا جا سکے۔ پچیس نومبر کا یہ مشن پاکستان کیلئے محض ایک خلائی سفر نہیں، بلکہ سائنسی ترقی اور مستقبل کے نئے امکانات کی جانب ایک اہم قدم ہو سکتا ہے۔

### بقیہ 37

کر کے بے حد خوشی ہوئی۔ انہوں نے ملاقات کے دوران پرتپاک استقبال، پرخلوص میزبانی اور بامعنی گفتگو پر ان کا شکریہ ادا کیا۔ مالدیپ کی خاتون اول نے صدر اور اپنے اعزاز میں منعقدہ شاندار سرکاری عشائیے پر بھی دلی تشکر کا اظہار کیا، جو ان کے سرکاری دور پاکستان کے دوران دیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ مالدیپ اور پاکستان کے درمیان دوستی مشترکہ اقدار، باہمی احترام اور دونوں ممالک کے عوام کے درمیان دیرینہ محبت کے رشتوں پر استوار ہے۔ یہ قابل قدر تعلقات کئی دہائیوں کے دوران مزید مضبوط ہوئے ہیں اور وقت کی آزمائش پر پورا اترنے والی دوستی کی عکاسی کرتے ہیں۔

### بقیہ 38

ساعت کی عدالت نے وفاق اور تمام صوبوں سے سابق رکن قومی اسمبلی جمشید دستی کے خلاف درج مقدمات کا ریکارڈ طلب کر لیا .عدالت نے ریمارکس دیے کہ جائزہ لیا جائے گا کہ آیا یہ کیس 2 رکنی بینچ سن سکتا ہے یا نہیں بعد ازاں سپریم کورٹ نے کیس کی مزید سماعت 4 نومبر تک ملتوی کر دی۔

### بقیہ 39

میڈیا کے مطابق احمد واحدی نے اپنے بیان میں کہا کہ دشمن کے ساتھ معاملہ کرنے کے لیے طاقت اور قوت کا مظاہرہ ضروری ہے۔ ان کے بقول ایران نے بغیر پائلٹ طیاروں کی تیاری اور ٹیکنالوجی کے میدان میں اچھی سطح کی مہارت حاصل کر لی ہے۔ احمد واحدی نے دعویٰ کیا کہ ایران سمندر میں بھی اپنی مضبوط موجودگی برقرار رکھے ہوئے ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ملک نے ڈرونز اور بغیر پائلٹ فضائی نظام کی تیاری میں اچھی پختگی حاصل کر لی جو اس کی دفاعی صلاحیتوں میں اضافے کی عکاسی کرتی ہے۔

### بقیہ 40

جات شامل ہیں۔ سیٹ باکس، ٹول باکس اور سینٹر کورز بھی اس کوڈ کا حصہ ہوں گے۔ واضح رہے کہ حکومت نے کسٹمز ایکٹ 1969 کی دفعہ 18(5) کے تحت نوٹیفکیشن میں ترمیم کی ہے۔ وفاقی حکومت نے کسٹمز نوٹیفکیشن ایس آر او 693(I)/2006 میں ترمیم کرتے ہوئے نئے پی سی ٹی کوڈز شامل کر دیے۔ وزارت خزانہ کے ریونیو ڈویژن نے ایس آر او 1898(I)/2026 جاری کیا ہے۔ اس کے تحت ہیوی کمرشل گاڑیوں کے ریڈیل ٹائروں کے لیے پی سی ٹی کوڈ 4011.2091 اور دیگر ٹائروں کے لیے 4011.2099 مقرر کیا گیا ہے۔ اسی طرح موٹر سائیکلوں کے مختلف پرزہ جات کے لیے پی سی ٹی کوڈ 8714.1090 شامل کیا گیا ہے، جس میں نمبر پلیٹ، بریکٹ، سائیڈ ریفلیکٹرز، دائیں اور بائیں سائیڈ پلیٹس، فرنٹ ڈیکوریٹو کنکشن پارٹ، فٹ پلیٹ، وہیل اسمبلی اور ونڈ اسکرین کے پرزہ جات شامل ہیں۔ سیٹ باکس، ٹول باکس اور سینٹر کورز بھی اس کوڈ کا حصہ ہوں گے۔ واضح رہے کہ حکومت نے کسٹمز ایکٹ 1969 کی دفعہ (5)18 کے تحت نوٹیفکیشن میں ترمیم کی ہے۔

### بقیہ 41

نے کارروائی کرتے ہوئے مختلف پولیس تھانوں کو مطلوب خطرناک موٹر سائیکل ڈکیت کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق تھانہ ملک محمد علی شہید کے حامد علی بمبل نے دیگر پولیس افسران کے ساتھ معمول کی چیکنگ کے دوران کارروائی کرتے ہوئے ملزم ذاکر حسین ولد عبدالرشید کو گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزم صحبت پور اور ضلع نصیر آباد کے مختلف تھانوں کی پولیس کو موٹر سائیکل ڈکیتی اور راہزنی کی سنگین وارداتوں میں مطلوب تھا۔ پولیس ذرائع نے بتایا کہ گرفتار ملزم کو تحویل میں لے کر باقاعدہ تفتیش کا آغاز کر دیا گیا ہے اور اس سے دیگر وارداتوں کے حوالے سے مزید سنسنی خیز انکشافات کی توقع ہے۔

### بقیہ 42

کے ذخائر شامل ہو سکتے ہیں۔ امریکی اخبار نے رپورٹ کیا ہے کہ امریکی اور اسرائیلی افواج کی ایران کے خلاف ممکنہ طور پر مختصر مگر شدید فوجی کارروائی کی تیاریاں آگے بڑھ رہی ہیں۔ امریکی حکام اور منصوبہ بندی سے آگاہ دیگر ذرائع کے حوالے سے اخبار نے بتایا ہے کہ دونوں ممالک کی افواج نے اپنی فوجی مشقوں میں اضافہ کیا ہے، جن میں عراق کی فضائی حدود میں پروازیں بھی شامل ہیں تاکہ حملوں کے طریقہ کار کی مشق کی جا سکے۔ اخبار کے مطابق امریکی وزیر دفاع پیٹ ہیگسیتھ نے رواں ہفتے اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو سے ملاقات کی، جس میں ایران پر ممکنہ نئے حملوں کے معاملے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ نیویارک ٹائمز کے مطابق ایران کے جوہری پروگرام کو نشانہ بنانے کے منصوبوں میں پک ایکس ماؤنٹین پر حملہ بھی شامل ہو سکتا ہے، جہاں زیرِ زمین انتہائی گہرائی میں ایک تنصیب قائم ہے۔ خیال رہے کہ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ فی الحال اس حوالے سے غیر یقینی صورتِ حال ہے کہ آیا امریکی صدر ان حملوں کی منظوری دیں گے یا نہیں کیونکہ ٹرمپ رواں سال بڑے پیمانے پر فوجی کارروائی دوبارہ شروع کرنے کے متعدد منصوبوں کو پہلے ہی مسترد کر چکے ہیں۔ رواں ماہ کے اوائل میں ٹرمپ نے کہا تھا کہ امریکا وسط مدتی انتخابات سے قبل ایران پر حملہ نہیں کرے گا، کیونکہ دونوں ممالک کے درمیان مثبت پیش رفت پر مبنی مذاکرات جاری ہیں۔ وائٹ ہاس کے ایک عہدیدار نے نیویارک ٹائمز کو بتایا کہ انتظامیہ ایسے فوجی منصوبوں پر تبصرہ نہیں کرتی جو شاید موجود ہوں یا نہ ہوں، ٹرمپ نے تمام آپشنز کھلے رکھے ہیں تاکہ ایران جوہری ہتھیار حاصل نہ کر سکے۔

### بقیہ 43

موسمیات کی جانب سے جاری کردہ رپورٹ کے مطابق بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں موسم عموما خشک ہے، جبکہ کوئٹہ سمیت صوبے کے شمالی اور وسطی اضلاع میں صبح اور شام کے اوقات میں خنکی کی شدت میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران صوبے کے سرد ترین علاقوں میں قلات رہا جہاں کم سے کم درجہ حرارت 2 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔ اس کے علاوہ زیارت میں کم سے کم درجہ حرارت 3، کوئٹہ اور چمن میں 8، جبکہ ژوب میں 14 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔ دوسری جانب معتدل اور ساحلی علاقوں کی صورتحال کے مطابق نوکنڈی میں کم سے کم درجہ حرارت 20، تربت اور گوادر میں 22، جبکہ سبی اور جیوانی میں 23 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔ محکمہ موسمیات نے آنے والے دنوں میں شمالی علاقوں میں رات کے اوقات میں سردی مزید بڑھنے کا امکان ظاہر کیا ہے۔

### بقیہ 44

جس نے تین دہائیوں تک مسلسل دوہرے ہندسے کی معاشی ترقی حاصل کی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں انفارمیشن ٹیکنالوجی، زراعت، معدنیات، توانائی، مینوفیکچرنگ اور سیاحت سمیت مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ بورڈ آف انویسٹمنٹ کا بنیادی مقصد سرمایہ کاروں کو ضروری سہولیات فراہم کرنا اور کاروباری سرگرمیوں کی راہ میں حائل غیر ضروری رکاوٹوں کو دور کرنا ہے، سرمایہ کاروں کا اعتماد برقرار رکھنے کے لیے پالیسیوں میں تسلسل، بروقت فیصلوں اور واضح حکمت عملی کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پاکستان میں کاروبار شروع کرنے، موجودہ کاروباری سرگرمیوں کو وسعت دینے اور سرمایہ کاری کے لیے سازگار ماحول فراہم کرنے کے اقدامات کر رہی ہے، معاشی ترقی کا حصول صرف حکومت کے لیے ممکن نہیں بلکہ اس عمل میں نجی شعبے کا کردار مرکزی اہمیت رکھتا ہے۔ قیصر احمد شیخ نے حکومت اور کاروباری برادری کے درمیان مسلسل مکالمے اور مضبوط شراکت داری کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان کے پاس باصلاحیت نوجوان افرادی قوت، وسیع مقامی منڈی، قدرتی وسائل اور تزویراتی محل وقوع جیسے اہم وسائل موجود ہیں جنہیں مؤثر حکمت عملی کے ذریعے معاشی ترقی کے لیے بروئے کار لایا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بیرون ملک مقیم پاکستانی بھی زرمبادلہ کی ترسیلات کے علاوہ سرمایہ کاری، جدید ٹیکنالوجی کی منتقلی اور عالمی کاروباری روابط کے ذریعے ملکی معیشت کے استحکام اور ترقی میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ مشکل معاشی حالات میں پائیدار ترقی اور استحکام کے حصول کے لیے طویل المدتی سوچ، باہمی تعاون اور حکومت ونجی شعبے کے درمیان مثر شراکت داری ناگزیر ہے۔

### بقیہ 45

باضابطہ نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا ہے۔ یہ خصوصی سیل وفاقی محکموں اور وزارتوں میں بلوچستان کے کوٹے کے مطابق شفاف اور بروقت بھرتیوں کو یقینی بنانے کے لیے کلیدی کردار ادا کرے گا۔ سیل وفاقی محکموں میں بھرتیوں کے موجودہ طریقہ کار کا تفصیلی اور باریک بینی سے جائزہ لے گا، بلوچستان کے امیدواروں کو وفاقی ملازمتوں کے حصول میں درپیش تمام انتظامی اور عملی رکاوٹوں کی نشاندہی کر کے انہیں دور کیا جائے گا۔ صوبے کے دور دراز علاقوں کے امیدواروں کے لیے وفاقی آسامیوں تک آگاہی اور رسائی بہتر بنانے سے متعلق اہم تجاویز اور اقدامات مرتب کیے جائیں گے۔ امیدواروں کی سہولت کے لیے یہ سیل تمام مختلف وفاقی وزارتوں اور متعلقہ ذیلی اداروں کے ساتھ مسلسل رابطے میں رہے گا، سیل اس بات کو ہر صورت یقینی بنائے گا کہ تمام بھرتیاں مقررہ قواعد، وفاقی پالیسی اور بلوچستان کے طے شدہ کوٹے کے مطابق ہوں۔ اسٹیبلشمنٹ ڈویژن کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشن میں کہا کہ جوائنٹ سیکریٹری (ریگولیشن) اسٹیبلشمنٹ ڈویژن کو اس خصوصی سیل کا مجموعی انچارج مقرر کیا گیا ہے۔ شاہد نواز کو بلوچستان فیڈرل ایمپلائمنٹ فسلیٹیشن سیل کا کوآرڈی نیٹر نامزد کر دیا گیا ہے۔

### بقیہ 46

قبل ہائی اسکول کھاری سے مغوی مولوی صادق علی کے اغوا کے بعد سے علاقے میں سخت تشویش پائی جاتی ہے، جبکہ ان کے اہل خانہ اور بقیہ لواحقین شدید غم وغصے اور ذہنی کرب میں مبتلا ہیں۔

### بقیہ 47

کی بنیاد اعتماد ہے جبکہ پاکستان میں اصلاحاتی منصوبوں کی کمی نہیں لیکن اصل مسئلہ ان پر تسلسل کے ساتھ عملدرآمد ہے۔ انہوں نے کہا کہ مشکل معاشی حالات میں ترقی کے لیے پانچ بنیادی ترجیحات بہترین معاشی شعبوں کا انتخاب، اصلاحات کا تسلسل، نجی سرمائے کا فروغ، برآمدات میں اضافہ اور انسانی وسائل کی ترقی ناگزیر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ زراعت اور ایگری پروسیسنگ، ٹیکسٹائل و ملبوسات اور آئی ٹی و ڈیجیٹل سروسز پاکستان کے ایسے اہم شعبے ہیں جن میں معاشی ترقی، روزگار کی فراہمی اور زرمبادلہ کمانے کی نمایاں صلاحیت موجود ہے۔ کسی بھی شعبے میں سرمایہ کاری کو ترجیح دینے سے قبل اس کی مارکیٹ میں طلب، روزگار پیدا کرنے کی صلاحیت اور زرمبادلہ کے حصول سمیت بنیادی معاشی عوامل کا جائزہ لینا ضروری ہے۔ مشیر وزیراعظم نے کہا کہ حکومت 17 سرکاری اداروں کی نجکاری کے عمل پر کام کر رہی ہے جن میں بجلی کی 9 تقسیم کار کمپنیاں اور تین بڑے ہوائی اڈے شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ توانائی کے شعبے میں سستی، قابل اعتماد اور پائیدار بجلی کی فراہمی صنعتی ترقی اور سرمایہ کاری کے لیے بنیادی اہمیت رکھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ معیشت کو دستاویزی شکل دینے سے ٹیکس نیٹ وسیع کیا جا سکتا ہے جبکہ کوشش ہونی چاہیے کہ موجودہ ٹیکس دہندگان پر مزید بوجھ ڈالنے کی بجائے زیادہ سے زیادہ معاشی سرگرمیوں کو ٹیکس نظام میں شامل کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں بچت کی شرح مجموعی ملکی پیداوار کا تقریبا 14 فیصد ہے جبکہ بنگلہ دیش میں یہ شرح 34 فیصد اور بھارت میں 30 فیصد بتائی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کی سرمایہ کاری کی صلاحیت بڑھانے کے لیے بچت کی شرح میں اضافہ اور وسائل کا موثر استعمال ضروری ہے۔ مشیر وزیراعظم نے کہا کہ گزشتہ سال بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی ترسیلات زر 41.6 ارب ڈالر جبکہ اشیا کی برآمدات تقریبا 30 ارب ڈالر رہیں۔ انہوں نے کہا کہ ترسیلات زر ملکی معیشت کے لیے اہم ہیں تاہم طویل مدتی ترقی کے لیے صرف ان پر انحصار کافی نہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو اعلی معیار کی مصنوعات اور خدمات تیار کر کے عالمی منڈیوں میں اپنی برآمدات بڑھانا ہوں گی۔ مشیر وزیراعظم نے کہا کہ پاکستانی کمپنیوں کے لیے ترقی کے اگلے مرحلہ میں بین الاقوامی منڈیوں تک رسائی اور کاروباری سرگرمیوں کو وسعت دینا ضروری ہے، اس مقصد کے لیے تعلیمی، تکنیکی و پیشہ ورانہ تربیت کو صنعت کی ضروریات سے ہم آہنگ کرنا ہوگا۔ مشینری اور سرمایہ درآمد کیے جا سکتے ہیں لیکن صنعت کی ضرورت کے مطابق ہنرمند افرادی قوت مقامی سطح پر ہی تیار کرنا پڑتی ہے۔ مشیر وزیراعظم نے خواتین کے لیے ہنرمندی اور روزگار کے مواقع بڑھانے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ خواتین کی معاشی سرگرمیوں میں شمولیت سے نہ صرف معیشت مضبوط ہوگی بلکہ پاکستان کی عالمی مسابقت میں بھی اضافہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ معاشی ترقی کے لیے حکومت اور نجی شعبے کو مشترکہ طور پر کام کرتے ہوئے واضح ترجیحات اور طویل مدتی پالیسیوں پر عملدرآمد یقینی بنانا ہوگا۔

### بقیہ 48

کی شرح نمو میں بتدریج بہتری آئی ہے اور زرمبادلہ کے ذخائر میں اضافہ ہوا ہے، عالمی معاشی صورتحال اور ایندھن کی قیمتوں و رسد سے متعلق دباؤ کے باوجود یہ مثبت پیش رفت اہم ہے۔ انہوں نے کہا کہ بین الاقوامی کریڈٹ ریٹنگ ایجنسیوں کی جانب سے پاکستان کی خودمختار کریڈٹ ریٹنگ میں بہتری بھی حوصلہ افزا ہے تاہم اب ضروری ہے کہ استحکام کو پائیدار اور برآمدات پر مبنی ترقی میں تبدیل کیا جائے۔ بلال اظہر کیانی نے کہا کہ پائیدار ترقی ایسی ہونی چاہیے جس کے ثمرات صرف بالائی طبقے تک محدود نہ رہیں بلکہ معاشرے کے تمام طبقات اس سے مستفید ہوں، برآمدات پر مبنی ترقی سے زرمبادلہ کے ذخائر کو تقویت دینے اور ملک کو بار بار ادائیگیوں کے توازن کے بحران کا سامنا کرنے سے بچنے میں مدد ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کاروباری برادری اور برآمد کنندگان سے مسلسل مشاورت کر رہی ہے اور ان کی تجاویز کی روشنی میں مسائل کے حل کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم بھی کاروباری افراد اور برآمد کنندگان سے ملاقاتیں کرتے ہیں تاکہ ان کے مسائل کو سمجھ کر کاروباری سرگرمیوں کے فروغ کے لیے موثر اقدامات کیے جا سکیں، حالیہ بجٹ میں کاروباری شعبے کو ٹیکس میں ریلیف فراہم کیا گیا ہے اور سالانہ 15 کروڑ سے 50 کروڑ روپے تک آمدن رکھنے والے کاروباروں کے لیے سپر ٹیکس ختم کیا گیا جبکہ 50 کروڑ روپے سے زائد آمدن والے کاروباروں کے لیے سپر ٹیکس کی شرح 10 فیصد سے کم کر کے 8 فیصد کر دی گئی، آئی ٹی شعبے کے لیے برآمدات پر حتمی ٹیکس نظام کے تحت 0.5 فیصد ٹیکس کی سہولت مزید تین سال کے لیے برقرار رکھی گئی ہے، جبکہ برآمد کنندگان کے لیے سپر ٹیکس بھی ختم کیا گیا ہے۔ وزیرمملکت نے کہا کہ تنخواہ دار طبقے کو ریلیف دینے کے لیے بھی بجٹ میں اقدامات کیے گئے، انکم ٹیکس کی تقریبا تمام سلیبز میں شرحیں کم کی گئیں، تنخواہ دار طبقے پر عائد سرچارج ختم کر دیا گیا اور برآمدات کے فروغ کے لیے ایکسپورٹ فنانسنگ سکیم اور طویل مدتی فنانسنگ اسکیم سمیت دیگر سہولتوں کے لیے بھی بجٹ میں خاطر خواہ وسائل مختص کیے گئے ہیں، جن سے کاروباری ادارے استفادہ کر رہے ہیں۔ توانائی کے شعبے میں تبدیلیوں کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان میں توانائی کے استعمال کا رجحان تبدیل ہو رہا ہے اور بیٹری ٹیکنالوجی اس تبدیلی میں اہم کردار ادا کر رہی ہے۔ حکومت کاروباری سرگرمیوں کے مختلف پہلوؤں سے متعلق مسائل کے حل اور کاروباری اداروں کو سہولت فراہم کرنے کے لیے اقدامات جاری رکھے گی۔ بلال اظہر کیانی نے کہا کہ کسی بھی ملک میں براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے ضروری ہے کہ مقامی کاروباری ادارے خوشحال ہوں اور پاکستان میں پہلے سے کام کرنے والی کمپنیوں کے تجربات سرمایہ کاروں کو مثبت پیغام دیں۔ انہوں نے کہا کہ نظام میں اعتماد کا فقدان موجود ہے اور حکومت کی ذمہ داری ہے کہ پالیسی سازی اور عملی اقدامات کے ذریعے اس اعتماد کو بحال کرے۔ وزیرمملکت نے کہا کہ سول سروس میں بھرتیوں، اہم انتظامی عہدوں پر تعیناتی، افسران کی کارکردگی جانچنے اور ترقی دینے کے طریقہ کار پر بھی نظر ثانی ضروری ہے۔ وزیراعظم کی ترجیحات میں باصلاحیت، متحرک اور مخلص افراد کی بھرتی اور انہیں برقرار رکھنا شامل ہے تاکہ اہم عہدوں پر تعینات افسران مسائل حل کرنے اور کاروباری برادری کو سہولت فراہم کرنے کی صلاحیت رکھتے ہوں۔ انہوں نے کہا کہ موثر انتظامی نظام، کاروباری ماحول میں بہتری اور حکومتی اداروں پر اعتماد کی بحالی سے نجی شعبے کی قیادت میں برآمدات پر مبنی معاشی ترقی کے اہداف حاصل کرنے میں مدد ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ طویل المعیاد بنیادوں پر مطلوبہ نتائج کے حصول کے لیے مالیاتی وفاقیت سے متعلق مسائل حل کرنا ہوں گے۔ صوبوں کے ترقیاتی اخراجات کو قومی ترجیحات سے ہم آہنگ کرنے کے ساتھ ساتھ اضلاع میں وسائل کی منصفانہ تقسیم اور ان کے موثر استعمال کو بھی یقینی بنانا ضروری ہے اس ضمن میں قومی مالیاتی کمیشن سے متعلق بحث، صوبائی مالیاتی کمیشن ایوارڈز کے موثر نفاذ، مقامی حکومتوں اور مزید انتظامی یونٹس یا صوبوں کے قیام سے متعلق جاری مباحث بھی اہمیت رکھتے ہیں جب تک وسائل کی تقسیم اور ان کے استعمال کے اختیارات کو نچلی سطح تک موثر انداز میں منتقل نہیں کیا جائے گا، مطلوبہ ترقیاتی نتائج حاصل کرنا مشکل ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ جہاں وسائل کی ضرورت ہے وہاں وسائل کی دستیابی اور ان کے استعمال کے اختیارات یقینی بنانا ہوں گے، بصورت دیگر ہم ان بڑے مسائل کو

امر بالمعروف ونھی عن المنکر اچھائی کی طرف اطلاع کرنا اور برائی سے بچانا
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED
روزنامہ اطلاع عام کوئٹہ
چیف ایڈیٹر:۔ محمد عمر
بروز، جمعہ، 23 اکتوبر 2026

## خضدار، اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری سے مختلف مکاتب فکر کے وفود کی ملاقات

### خضدار کی مجموعی ترقی، تعلیم اور کھیلوں کے فروغ کو ترجیحات میں شامل رکھیں گے، قائد حزب اختلاف بلوچستان اسمبلی

خضدار (یو این اے) قائد حزب اختلاف بلوچستان اسمبلی و ایم پی اے خضدار میر یونس عزیز زہری سے گزشتہ روز خضدار میں ان کی رہائش گاہ پر خضدار کے مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے سیاسی وسماجی وقبائلی شخصیات، جماعتی احباب، کاروباری حضرات، مختلف علاقوں سے آئے ہوئے عام عوام، اساتذہ

(بقیہ 2 اندرونی صفحہ 5 پر)

## اصغر خان اچکزئی کی گرفتاری قابل مذمت ہے، علی احمد کرد

کوئٹہ (اے این این) آل پاکستان وکلاء ایکشن کمیٹی کے چیئرمین علی احمد کرد نائب صدر غنی خلجی اور راحب خان بلیدی نے اپنے ایک بیان میں اے این پی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی کے گرفتاری کی شدید الفاظوں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ اصغر خان اچکزئی ایک امن پسند جمہوریت پسند، قوم دوست رہنما اور باچا خان، نواب خیر بخش مری، سردار عطاء اللہ خان مینگل، خان عبدالولی خان کے فکر فلسفہ کے پیروکار ہیں اصغر خان اچکزئی نے ہمیشہ بلوچستان کے قومی حقوق ساحل ووسائل کی تحفظ جمہوریت کی بحالی کیلئے توانا آواز کے طور پر جانے پہچانے جاتے ہیں بیان میں کہا کہ بلوچستان حکومت بوکھلاہٹ

(بقیہ 1 اندرونی صفحہ 5 پر)

## بلوچستان میں ٹرانسپورٹ شعبہ وینٹی لیٹر پر ہے ٹرانسپورٹ ایکشن کمیٹی

### فوری ریلیف نہ ملا تو مسافر بسوں کا نام ونشان مٹ جائے گا، بلوچستان میں امن وامان کی بہتری کے لیے اقدامات محض بیانات اور اعلانات تک محدود دکھائی دیتے ہیں،

### ٹرانسپورٹرز کروڑوں روپے کے مقروض، مسافر بسوں میں پٹرول ڈلوانے کی سکت بھی نہیں رہی، میر اکبر لہڑی، صدر حبیب اللہ بادیزئی

کوئٹہ (یو این اے) آل بلوچستان ٹرانسپورٹرز ایکشن کمیٹی کے صدر حاجی حبیب اللہ بادیزئی، جنرل سیکرٹری میر اکبر لہڑی، نائب صدر حاجی موسی جان اچکزئی اور دیگر رہنماؤں نے کہا ہے کہ بلوچستان میں ٹرانسپورٹ کا شعبہ وینٹی لیٹر پر ہے اور آخری سانسیں لے رہا ہے، ٹرانسپورٹرز کروڑوں روپے کے مقروض ہو چکے ہیں، جبکہ کاروبار جاری رکھنا روز بروز مشکل ہوتا جارہا ہے۔ اگر حکومت نے فوری طور پر ہنگامی بنیادوں پر ریلیف اقدامات نہ کیے تو صوبے سے مسافر بسوں کا نام ونشان مٹ جائے گا، جس سے عوام کو آمدورفت کے حوالے سے شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ انہوں نے کہا کہ ٹرانسپورٹرز نے نامساعد حالات کے باوجود عوام کو سفری سہولیات فراہم کرنے کا سلسلہ جاری رکھا، لیکن اب حالات اس نہج پر پہنچ چکے ہیں کہ مسافر بسوں میں پٹرول ڈلوانے کی سکت بھی باقی نہیں رہی۔ پٹرولیم مصنوعات کی آسمان سے باتیں کرتی قیمتوں، کاروباری اخراجات میں مسلسل اضافے اور دیگر مشکلات نے ٹرانسپورٹ کے شعبے کو شدید مالی بحران سے دوچار کر دیا ہے۔ ٹرانسپورٹرز مزید قربانیاں دینے کی پوزیشن میں نہیں ہیں اور اگر حکومت نے ان کے مسائل حل کرنے کے لیے عملی اقدامات نہ کیے تو یہ اہم شعبہ مکمل طور پر تباہ ہوسکتا ہے۔ رہنماں نے کہا کہ بلوچستان میں امن و امان کی بہتری کے لیے اقدامات محض بیانات اور اعلانات تک محدود دکھائی دیتے ہیں، جبکہ قومی شاہراہوں پر سفر کرنا مشکل اور غیر محفوظ ہوتا جارہا ہے۔ شاہراہوں پر مسافروں اور

(بقیہ 3 اندرونی صفحہ 5 پر)

کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے صوبائی وزراء میر طارق مگسی، میر عاصم کرد گیلو اور صوبائی مشیر رابہ بلیدی ملاقات کر رہے ہیں

## 2018 اور 2024 کے انتخابات دھاندلی زدہ تھے، حافظ حمد اللہ

### وزراء گفتگو کرتے وقت اپنی سیاسی حیثیت اور منصب کا خیال رکھیں کیونکہ جمعیت علمائے اسلام بھی سیاسی معاملات پر مؤثر جواب دینے کی صلاحیت رکھتی ہے

### جمعیت اپنے مؤقف پر قائم ہے مرکزی رہنماء جمعیت علماء اسلام کی وفاقی وصوبائی وزراء کو مولانا فضل الرحمٰن کے خلاف پروپیگنڈے سے گریز کرنے کی تنبیہ

اوستا محمد (اے این این) جمعیت علمائے اسلام کے مرکزی رہنما وسابق سینیٹر حافظ حمد اللہ نے کہا ہے کہ وفاقی اور صوبائی وزراء قائد جمعیت مولانا فضل الرحمٰن کے خلاف پروپیگنڈا کرنے کے بجائے اپنے طرزِ عمل پر توجہ دیں اور اپنی سیاسی حیثیت کے مطابق گفتگو کریں بصورتِ دیگر جمعیت علمائے اسلام کی کارکن بھی جواب دینا جانتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار لورالائی سے اے این این سے ٹیلی فونک گفتگو کرتے ہوئے حافظ حمد اللہ نے کہا کہ جمعیت علمائے اسلام نے 2018 کے عام انتخابات کو بھی دھاندلی زدہ قرار دیا تھا اور 2024 کے انتخابات پر بھی اپنے تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے انہیں دھاندلی زدہ قرار دے رہی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ انتخابات کے حوالے سے جمعیت علمائے اسلام کا مؤقف واضح ہے جس پر پارٹی قیادت آج بھی قائم ہے۔ حافظ حمد اللہ نے کہا کہ وفاقی اور صوبائی وزراء قائد جمعیت مولانا فضل الرحمٰن کے خلاف بیان بازی اور پروپیگنڈے سے گریز کریں۔ انہوں نے خبردار کیا کہ وزراء گفتگو کرتے وقت اپنی سیاسی حیثیت اور منصب کا خیال رکھیں کیونکہ جمعیت علمائے اسلام بھی سیاسی معاملات پر مؤثر جواب دینے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ مولانا فضل

(بقیہ 4 اندرونی صفحہ 5 پر)



کوئٹہ، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

## پیپلز پارٹی کی رہنما سکینہ عبداللہ خان کی وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین سے اہم ملاقات

### بلوچستان کے محنت کشوں کو لیبر فلیٹس، ڈیتھ اور میرج گرانٹس سمیت تمام جائز حقوق ترجیحی بنیادوں پر ملیں گے، چوہدری سالک

کوئٹہ، اسلام آباد (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی کی صوبائی ڈپٹی انفارمیشن سیکرٹری اور ممبر گورننگ باڈی ورکرز ویلفیئر بورڈ بلوچستان سکینہ عبداللہ خان نے وفاقی وزیر برائے اوورسیز پاکستانیز، ہیومن ریسورس ڈویلپمنٹ و ورکرز ویلفیئر چوہدری سالک حسین سے ایک اہم ملاقات کی، جس میں بلوچستان کے محنت کشوں اور ایمپلائرز کو درپیش دیرینہ مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران سکینہ عبداللہ خان نے بلوچستان میں مزدور طبقے کی مشکلات کو تفصیل کے ساتھ وفاقی وزیر کے سامنے رکھا۔ انہوں نے نشاندہی کی کہ صوبے میں محنت کش شدید مسائل کا شکار ہیں، بالخصوص لیبر فلیٹس کی الاٹمنٹ، ڈیتھ گرانٹ، میرج گرانٹ، تعلیمی اسکالرشپس اور ورکرز کی فلاح و بہبود کے دیگر

(بقیہ 5 اندرونی صفحہ 5 پر)

## مبینہ غیر قانونی ڈپ لگائے جانے کے خلاف مقامی زمینداروں اور کسانوں کا احتجاج جاری

بابا کوٹ (اے این این) نصیر آباد میں مراد شاخ پر مبینہ غیر قانونی ڈپ لگائے جانے کے خلاف مقامی زمینداروں اور کسانوں کا احتجاج دوسرے روز بھی جاری ہے تحصیل بابا کوٹ کے علاقے سے تعلق رکھنے والے زمینداروں اور کسانوں نے صدام حسین عمرانی کی قیادت میں ڈپٹی کمشنر آفس کے سامنے احتجاجی کیمپ قائم کر رکھا ہے مظاہرین کا کہنا ہے کہ مراد شاخ پر بااثر افراد کی جانب سے مبینہ طور پر غیر قانونی ڈپ لگانے کے باعث انہیں زرعی پانی کی شدید قلت کا سامنا ہے احتجاجی مظاہرین نے مطالبہ کیا ہے کہ مراد شاخ پر لگائی گئی ڈپ فوری طور پر ختم کر کے متاثرہ

(بقیہ 6 اندرونی صفحہ 5 پر)

## اصغر اچکزئی کی گرفتاری کی شدید مذمت، فوری رہائی کا مطالبہ، رؤف مینگل

### فارم 47 کے حکمران قوم دوست اور جمہوری قیادت کو دبانے کے لیے غیر جمہوری ہتھکنڈے استعمال کر رہے ہیں

خضدار (یو این اے) بلوچستان نیشنل پارٹی کی مرکزی سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے ممبر سابق ایم پی اے میر عبدالروف مینگل نے عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی کی گرفتاری کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے ماورائے آئین وقانون اقدام، سیاسی انتقام اور جمہوری اقدار کے منافی قرار دیا گیا ہے۔ میر روف مینگل نے اپنے بیان میں کہا گیا کہ فارم 47 کے ذریعے اقتدار میں آنے والے حکمران حقیقی قوم دوست وطن دوست اور جمہوری سیاسی قیادت کو کمزور کرنے کے لیے غیر جمہوری ہتھکنڈے استعمال کر رہے ہیں، جن کا مقصد عوام کی حقیقی نمائندہ سیاسی قوتوں کو دبانا اور جمہوری آوازوں کو خاموش کرنا ہے۔ اصغر خان اچکزئی کی گرفتاری بھی اسی غیر جمہوری طرزِ عمل کی ایک کڑی ہے۔ بلوچستان میں ماورائے آئین و قانون گرفتاریاں، جھوٹے اور من گھڑت مقدمات، انسانی حقوق کی پامالی اور سیاسی رہنماں کو ہراساں کرنے کے اقدامات آئین و قانون اور جمہوری روایات کے منافی ہیں۔ بیان میں مزید کہا گیا کہ سیاسی رہنماں کو انتقامی کارروائیوں کا نشانہ بنا کر عوام کی حقیقی آواز کو دبایا نہیں جاسکتا اور سیاسی اختلاف رائے کا جواب جبر اور گرفتاریوں کے ذریعے دینا جمہوری نظام کو کمزور کرنے کے مترادف ہے۔ میر روف مینگل نے کیا کہ عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی کو فوری طور پر

(بقیہ 7 اندرونی صفحہ 5 پر)

## یورپی یونین کا افغانستان کی صورتحال کے سیکیورٹی اثرات پر تشویش کا اظہار

### پاکستان اور یورپی یونین کے درمیان انسداد دہشت گردی مذاکرات کا دسواں دور اسلام آباد میں ہوا، ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد (اے این این) پاکستان اور یورپی یونین نے انسداد دہشت گردی تعاون مزید مضبوط کرنے کا اعادہ کرتے ہوئے افغانستان کی صورت حال کے سیکیورٹی اثرات پر تشویش کا اظہار کیا ہے اور دہشت گردی کے خلاف عالمی اتفاق رائے کے لیے مؤثر کثیر الجہتی تعاون ناگزیر قرار دیا۔ ترجمان دفتر خارجہ نے بیان میں کہا کہ پاکستان اور یورپی یونین کے درمیان انسداد دہشت گردی مذاکرات کا دسواں دور اسلام آباد میں ہوا جس میں پاکستانی وفد کی قیادت ڈائریکٹر جنرل انسداد دہشت گردی ڈاکٹر فریحہ بگٹی جبکہ یورپی یونین کے وفد کی قیادت انسداد دہشت گردی کے لیے ایکسٹرنل ایکشن سروس کی خصوصی ایلچی اینا اسٹرزاسکا نے کی۔ انہوں نے بتایا کہ پاکستان اور یورپی یونین نے دہشت گردی کی تمام اقسام کی غیر مبہم الفاظ میں مذمت اور مشترکہ کوششیں جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا اور مذاکرات میں دہشت گردی کے خطرات پر اثرانداز ہونے والی علاقائی اور عالمی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ پاکستان اور یورپی یونین نے انسداد دہشت گردی تعاون مزید مضبوط کرنے کا اعادہ کرتے ہوئے افغانستان کی صورت حال کے سیکیورٹی اثرات پر تشویش کا اظہار کیا ہے اور دہشت گردی کے خلاف عالمی اتفاق رائے کے لیے مؤثر کثیر الجہتی تعاون ناگزیر قرار دیا۔ ترجمان دفتر خارجہ نے بیان میں کہا کہ پاکستان اور یورپی یونین کے درمیان انسداد دہشت گردی مذاکرات کا دسواں دور اسلام آباد میں ہوا جس میں پاکستانی وفد کی قیادت ڈائریکٹر جنرل انسداد دہشت گردی ڈاکٹر فریحہ بگٹی جبکہ یورپی یونین کے وفد کی قیادت انسداد دہشت گردی کے لیے ایکسٹرنل ایکشن سروس کی خصوصی ایلچی اینا اسٹرزاسکا نے کی۔ انہوں نے بتایا کہ پاکستان اور یورپی یونین نے دہشت گردی کی تمام اقسام کی غیر مبہم الفاظ میں مذمت اور مشترکہ کوششیں جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا اور مذاکرات

(بقیہ 11 اندرونی صفحہ 5 پر)

## کمال الدین کی وفات پر حافظ صدیق مدنی کا اظہار تعزیت

چمن (اے این این) جمعیت علماء اسلام تحصیل صدر چمن کے رکن مجلس شوریٰ اور سابق ممبر یوتھ پارلیمنٹ حافظ محمد صدیق مدنی نے نہایت دکھ اور افسوس کے ساتھ صالح زئی قوم کے معروف شخصیت محترم کمال الدین صالح زئی صاحب ولد حاجی نیاز محمد کی وفات پر دلی رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ کمال الدین صالح زئی مرحوم کے انتقال سے ان کے اہلِ خانہ، عزیز و اقارب اور متعلقین ایک عظیم صدمے سے دوچار ہوئے ہیں۔ مرحوم کمال الدین صاحب، حاجی جمال الدین، حاجی صلاح الدین، مرحوم امان الدین، نورالدین، علاؤالدین اور شراف الدین کے بھائی تھے جبکہ حاجی رئیس غفار، مرحوم عبدالصمد، حاجی عبدالستار، عبدالبکار اور محمد داؤد کے چچازاد بھائی تھے۔ مرحوم محکمہ تعلیم کے آر ٹی ایس ایم آفیسر ولی خان اچکزئی صاحب کے چچا بھی تھے۔ اس افسوسناک موقع پر میں تمام سوگوار خاندان بالخصوص مرحوم کے بھائیوں، عزیز و

(بقیہ 10 اندرونی صفحہ 5 پر)

## عوامی مسائل کا فوری حل اور شہریوں کو انصاف کی فراہمی پولیس کی اولین ترجیح ہے، فضل الرحمٰن

### منشیات فروشوں اور شیشہ فروخت کرنے والوں کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں، ایس ایچ او پشتون

کوئٹہ (یو این اے) ڈی آئی جی کوئٹہ عمران شوکت اور ایس ایس پی آپریشنز ضیا مندوخیل کی ہدایات کی روشنی میں عوامی مسائل کے حل، شہریوں اور پولیس کے درمیان رابطوں کو مزید مؤثر بنانے اور عوامی شکایات کے فوری ازالے کے لیے تھانہ پشتون آباد کوئٹہ میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا، جس میں شہریوں کی کثیر تعداد نے شرکت کرتے ہوئے اپنے مسائل اور شکایات پیش کیں۔ کھلی کچہری میں ڈی ایس پی قائد آباد مقصود لغاری، ایس ایچ او پشتون آباد فضل الرحمٰن خلجی سمیت پولیس کے دیگر افسران بھی موجود تھے۔ اس موقع پر شہریوں نے اپنے جائز مسائل، شکایات اور علاقے سے متعلق امور سے

(بقیہ 9 اندرونی صفحہ 5 پر)

## وزیراعظم کی پشاور آمد؛ اینٹی ڈرون ٹیکنالوجی سمیت سیکیورٹی کے غیر معمولی انتظامات

### 462 پولیس افسران و اہلکار تعینات ہوں گے، 2 پلاٹون ریزرو نفری بھی الرٹ رہے گی

پشاور (اے این این) وزیراعظم شہباز شریف کی آج پشاور آمد کے موقع پر اینٹی ڈرون ٹیکنالوجی سمیت سیکیورٹی کے سخت ترین انتظامات کیے گئے ہیں۔ ایکسپریس نیوز کے مطابق وزیراعظم کے وی وی آئی پی دورے کے لیے سیکیورٹی کے غیر معمولی انتظامات کرتے ہوئے جامع پلان تیار کرلیا گیا ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ دورے کی سیکیورٹی پر 462 پولیس افسران و اہلکار تعینات کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے، جبکہ 2 پلاٹون ریزرو نفری بھی الرٹ رہے گی۔ پولیس کے مطابق سیکیورٹی انتظامات سی سی پی او کی براہ راست نگرانی میں مکمل کیے جائیں گے، جبکہ ایس ایس پی آپریشنز اور ایس پی کینٹ بھی انتظامات کی نگرانی کریں گے۔ سیکیورٹی ڈیوٹی پر ایلیٹ فورس، لیڈیز پولیس، ابابیل اسکواڈ اور سٹی پٹرولنگ کے اہلکار بھی تعینات ہوں گے۔ وی وی آئی پی دورے کے موقع پر اہم مقامات اور داخلی راستوں پر سخت چیکنگ کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق حساس مقامات اور ان کے اطراف میں گشت اور نگرانی مزید مؤثر بنائی جائے گی، جبکہ بم ڈسپوزل یونٹ اور سراغ رساں کتوں کی مدد سے مقامات اور گاڑیوں کی سیکیورٹی کلیئرنس بھی کی جائے گی۔ سیکیورٹی انتظامات کے دوران واک تھرو گیٹس، میٹل ڈیٹیکٹرز اور جیمرز استعمال کیے جائیں گے۔ وی

(بقیہ 12 اندرونی صفحہ 5 پر)

## سپریم کورٹ نے ریکروٹمنٹ رولز 2014 بحال کردیا، فیڈرل سروس ٹریبونل کا فیصلہ کالعدم

### ریلوے افسران کی سنیارٹی سے متعلق فیڈرل سروس ٹریبونل کا 19 ستمبر 2025 کا فیصلہ بھی کالعدم قرار

اسلام آباد (اے این این) سپریم کورٹ نے کنٹرولر جنرل آف اکاؤنٹس ریکروٹمنٹ رولز 2014 کی بحالی کا حکم جاری کرتے ہوئے فیڈرل سروس ٹریبونل کا 17 اکتوبر 2022 کا فیصلہ کالعدم قرار دے دیا۔ جسٹس عائشہ اے ملک نے تحریری فیصلہ جاری کر دیا۔ سروس ٹریبونل نے 15 جولائی 2014 کے مرتب کردہ ریکروٹمنٹ رولز کو کالعدم قرار دیا تھا۔ عدالت کے تحریری فیصلے کے مطابق سروس ٹریبونل کو پالیسی امور اور ریکروٹمنٹ رولز کانٹریا ختم کرنے کا اختیار نہیں تھا، ٹریبونل کو اپنے دائرہ اختیار کی حدود کا خیال رکھنا چاہیے تھا، ٹریبونل خود کو ایگزیکٹو کے مقام پر فائز نہیں کرسکتا اور نہ ہی

(بقیہ 8 اندرونی صفحہ 5 پر)

## پرویز مشرف کو سینیٹ میں ووٹ دینے کا الزام ثابت کیا جائے، امان اللہ کنرانی

کوئٹہ (اے این این) سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن پاکستان کے سابق صدر سینیٹر (ر) امان اللہ کنرانی نے ایک بزرگ شہید کی ذات پر تہمت لگانے والے شخص کو جواب دینے کو بُرا محسوس کرتے ہوئے اس اعلی سیاسی شخصیت نے ایک غریب عوضوی وایک غیر متعلقہ صوبائی محکمہ داخلہ کے ایک اہلکار نے جو میرے بارے میں باتیں کی ہیں اس کے جواب کے مندرجات سے قطع نظر جس کا جواب دیکر اس کی وقعت نہیں بڑھانا چاہتا مگر تین الزامات کا چیلنج دیا ہے میں یہ چیلنج قبول کرتا ہوں کہ میں نے سینٹ میں کسی رائے شماری میں جنرل پرویز مشرف کو ووٹ دیا ہو میرا تعلق جمہوری وطن کے ساتھ ایک سیاسی جمہوری اتحاد اے آر ڈی سمیت صوبائی سطح پر چار جماعتی بلوچ اتحاد پارٹیوں کی اپوزیشن اتحاد کے ساتھ تھا ان سب کی نمائندگی کرنے والے سینٹر صاحبان بشمول سرکاری بینچوں پر بیٹھنے والے الحمدواللہ ابھی تک زندہ ہیں جن کی تعداد 100 سے زائد ہے

(بقیہ اندرونی صفحہ 5 پر)

## بسیمہ میں کیسکو کی جانب سے صارفین کے ساتھ ناروا سلوک ناقابلِ برداشت ہے، عوامی حلقے

بسیمہ (اے این این) کیسکو کی جانب سے بجلی صارفین کو مبینہ طور پر بغیر میٹر ریڈنگ کے بھاری بل بھیجنے اور بلوں میں دگنا اضافہ کرنے کے عمل نے عوام کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا ہے، عوام کے لیے بجلی کے بھاری بل ادا کرنا مشکل ہو چکا ہے، جبکہ متعلقہ حکام کی جانب سے مبینہ طور پر زمینی حقائق کو نظرانداز کرتے ہوئے بلوں کا اجرا عوام پر اضافی مالی بوجھ ڈالنے کے مترادف ہے۔ اگر میٹر ریڈنگ کے بغیر بل جاری کیے جا رہے ہیں تو یہ ایک سنجیدہ معاملہ ہے، جس کی فوری اور غیر جانبدارانہ تحقیقات ہونی چاہئیں، غیر قانونی کنکشنز کے یونٹس قانونی صارفین کے کھاتوں میں شامل کرنے کا الزام انتہائی تشویش ناک ہے۔ اگر واقعی غیر قانونی کنکشنز سے استعمال ہونے والی بجلی کے یونٹس قانونی کنکشن رکھنے والے صارفین کے بلوں میں تقسیم کیے جا رہے ہیں تو یہ صارفین کے ساتھ سراسر ناانصافی ہے۔ جو شہری باقاعدگی سے قانونی کنکشن رکھتے

(بقیہ 14 اندرونی صفحہ 5 پر)

کوئٹہ، پارلیمانی سیکرٹری حاجی ولی محمد نورزئی اور رکن صوبائی اسمبلی ملک نعیم خان بازئی اسمبلی اجلاس کے اختتام پر بات چیت کر رہے ہیں

## اُوستہ محمد: گرلز ہائی اسکول کی خستہ حال عمارت کا معائنہ

### طالبات کی حفاظت پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، ڈپٹی کمشنر کی ہدایت پر اسکول کی مخدوش عمارت کا جائزہ

اوستہ محمد (اے این این) ڈپٹی کمشنر اُستا محمد محمد رمضان پلال کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر ماریہ شمعون نے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (فیمیل) اور ایس ڈی او بلڈنگز کے ہمراہ گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول کی خستہ حال عمارت کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر عمارت کی مخدوش صورتحال اور ممکنہ حادثے کے خطرات کا تفصیلی جائزہ لیا

(بقیہ 13 اندرونی صفحہ 5 پر)

## ژوب، صوبائی محتسب کی ہدایت پر کھلی کچہری کا انعقاد، شہریوں نے شکایات کے انبار لگا دیے

### ضلع کونسل کرپشن، ڈی ایچ کیو ہسپتال میں ادویات کی قلت، اور شاہراں کی عدم تعمیر پر فوری تفتیش کی یقین دہانی

ژوب (یو این اے) صوبائی محتسب کی ہدایت پر ڈویژنل ڈائریکٹوریٹ کے زیر اہتمام کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا جس میں صوبائی محتسب کے ڈویژنل ڈائریکٹر شیخ عصمت اللہ مندوخیل مختلف محکموں کے افسران ڈی ای او شیخ موسی خان مندوخیل، ایف سی کے میجر محمد ہاشم سپرنٹنڈنٹ جیل عبدالستار مندوخیل محکمہ جنگلات کے افسر سلطان محمود لعون اور شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی کھلی کچہری میں شہریوں نے مختلف محکموں کے خلاف شکایات کے انبار لگا دیے شہریوں نے ضلع کونسل میں مبینہ کرپشن اور کمیشن ڈی ایچ کیو ہسپتال میں صحت کی سہولتوں اور ادویات کی عدم دستیابی شہر میں پانی کی قلت محکمہ پی ایچ ای کے منصوبوں محکمہ خزانہ میں بھرتیوں وانا، سمبازہ اور قمر الدین کاریز شاہراہ کی عدم تعمیر جبکہ بجلی کی طویل اور غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ کے خلاف شکایات کرتے ہوئے ڈویژنل ڈائریکٹر کو تحریری درخواستیں پیش کیں اس موقع پر ڈویژنل ڈائریکٹر شیخ عصمت اللہ مندوخیل نے شہریوں کی شکایات غور سے سنیں اور یقین دہانی کرائی کہ موصول ہونے والی درخواستوں پر قانون اور متعلقہ قواعد کے مطابق کارروائی اور ان کے ازالے کے لیے اقدامات کیے جائیں گے

(بقیہ 18 اندرونی صفحہ 5 پر)

## خضدار کی غریب خاتون کی گم شدہ سم کا مسئلہ حل، بی آئی ایس پی کا احساسِ کفالت بحال

خضدار (اے این این) وفاقی محتسب اعلیٰ کی مؤثر اور کارگر مداخلت کے نتیجے میں خضدار کی غریب اور نادار خاتون راضیہ کی دیرینہ شکایت کا کامیابی سے ازالہ کر دیا گیا ہے، جس سے ادارے کی عوام دوست پالیسی اور بروقت دادرسی کے عزم کا مظاہرہ ہوتا ہے۔ تفصیلات کے مطابق محلّہ زہری اسٹریٹ، خضدار کی رہائشی مسمات راضیہ نے بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP) کے والٹ اکاؤنٹ سے منسلک اپنی ٹیلی نار سم گم ہو جانے پر وفاقی محتسب کے دفتر سے رجوع کیا تھا۔ سائلہ کی سم بلاک/گم ہونے کے بعد متعلقہ موبائل فرنچائز نے انہیں متبادل سم کے حصول کے لیے حب سٹی جانے کا مشورہ دیا تھا۔ وفاقی محتسب اعلیٰ کی مؤثر اور کارگر مداخلت کے نتیجے میں خضدار کی غریب اور نادار خاتون راضیہ کی دیرینہ شکایت کا کامیابی سے ازالہ کر دیا گیا ہے، جس سے ادارے کی عوام دوست پالیسی اور بروقت دادرسی کے عزم کا مظاہرہ ہوتا

(بقیہ 16 اندرونی صفحہ 5 پر)

استامحمد، ڈپٹی کمشنر استا محمد رمضان پلال ہفتہ وار منعقدہ جائزہ اجلاس کی صدارت کرر ہے ہیں

## بھاگ، صفائی کا ابتر نظام اور سڑکوں کی ٹوٹ پھوٹ پر سول سوسائٹی کی شدید تشویش

### میر اسماعیل خان چوک سے بمبان محلّہ تک شاہراہ کا نام ونشان مٹ گیا، چیف آفیسر میونسپل کمیٹی غیر حاضر، شہری سراپا احتجاج

بھاگ (یو این اے) بھاگ شہر کی سول سوسائٹی نے بھاگ شہر کی حالت زار پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے شہر میں سڑکوں کا نام ونشان تک نہیں ہے جبکہ صفائی کی صورتحال ابتر ہونے کی وجہ سے شہری بے حد مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں سول سوسائٹی کا کہنا ہے کہ عرصہ دراز سے بھاگ شہر میں سڑکوں کی کوئی تعمیر ومرمت نہیں کی گئی جس کی وجہ سے سڑکیں کھنڈرات کا منظر پیش کر رہی ہے خصوصا بازار کی مین شاہراہ میر اسماعیل خان چوک سے لے کر بمبان محلّہ تک انتہائی خستہ ہوکر سڑک کا نام بھی مٹ چکا ہے جبکہ پیر صابر شاہ روڈ شدید ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہے جس سے شہری ان سڑکوں سے گزرتے ہوئے انہیں کافی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے جبکہ صفائی کی صورتحال بھی اس سے کچھ مختلف نہیں ہے ہر جگہ تعفن اور گندگی نے شہر کو اپنی لپیٹ میں لے رکھا ہے میونسپل کمیٹی اور بلدیاتی نظام

(بقیہ 15 اندرونی صفحہ 5 پر)

جعفرآباد: ڈپٹی کمشنر خالد خان زیر تعمیر نکاس آب نالے کے تعمیراتی کام کا جائزہ لے رہے ہیں

## جماعت اسلامی کی نئی ارکان کیلئے دوروزہ تربیت گاہ 24 اکتوبر سے شروع ہوگی

### حمیرہ طارق اور عفت سجاد تربیتی نشستوں سے خطاب کریں گی، شعبہ اطفال بھی قائم کیا جائے گا

کوئٹہ (جی این ایم) جماعت اسلامی کے نصب العین، دستور اور طریقہ کار سے آگاہ کرنے کے حوالے سے حلقہ خواتین جماعت اسلامی کی دو روزہ تربیت گاہ کی نشست چوبیس اکتوبر بروز ہفتہ کوالفلاح قرآن انسٹیٹیوٹ میں منعقد ہوگی۔ تفصیلات کے مطابق حلقہ خواتین جماعت اسلامی اسلام آباد کے زیر اہتمام نئے ارکان کی

(بقیہ 17 اندرونی صفحہ 5 پر)

کوئٹہ، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان صوبے میں نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کرر ہے ہیں

## اوتھل، گورنمنٹ بوائز ہائر سیکنڈری اسکول میں اخلاقی کہانیوں کی کتاب خوانی کی تقریب کا انعقاد

### طلبہ میں مطالعے کا شوق، کردار سازی اور اخلاقی اقدار کو فروغ دینے کے لیے اساتذہ کی اہم کاوش

اوتھل (یواین اے) گورنمنٹ بوائز ہائر سیکنڈری اسکول اوتھل، ضلع لسبیلہ میں طلبہ کی تعلیمی، اخلاقی اور تخلیقی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کے لیے اخلاقی کہانیوں کی کتاب خوانی کے عنوان سے ایک مفید تعلیمی سرگرمی منعقد کی گئی۔ اس سرگرمی کا انعقاد اساتذہ حیدر علی اور محمد اکبر کی رہنمائی میں کیا گیا۔ سرگرمی کا بنیادی مقصد طلبہ میں مطالعے کا شوق پیدا کرنا، اخلاقی اقدار کو فروغ دینا اور ان کی زبان وبیان کی صلاحیتوں کو بہتر بنانا تھا۔ اس موقع پر اساتذہ نے طلبہ کو اخلاقی کہانیوں کی اہمیت سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ ایسی کہانیاں بچوں کی ذہنی نشوونما، کردار سازی اور مثبت سوچ پیدا کرنے میں اہم کردار ادا کرتی

(بقیہ 22 اندرونی صفحہ 5 پر)

## گڈانی، گڈانی اور گردونواح میں زہریلے گٹکے اور ماوے کا کاروبار عروج پر، عوامی صحت شدید خطرے میں

### پچاس اور سو روپے میں فروخت ہونے والی سستی موت سے بچے اور خواتین بھی متاثر، کمشنر لسبیلہ حب سے فوری یکسر پابندی کا مطالبہ

گڈانی (یواین اے) گڈانی شہر وگردونواح میں زہریلے گٹکے ماوے کا کاروبار عروج پر چھوٹے بڑے مرد وخواتین حتی کہ چھوٹے بچے بھی اس زہر سے نہیں بچ پارہے ہیں کاروباری تو کاروبار کر رہے ہیں لیکن اس ماوے گٹکے کی وجہ سے لوگوں کی صحت تباہ ہو رہی ہے یہ جاننا ضروری ہے اس وقت گٹکا پچاس روپے اور ماوا سو روپے میں فروخت کیا جارہا ہے ہر دکان ہر کیبن میں ترسیل جاری ہے مال نقصان کے ساتھ ساتھ جان بھی ضائع ہورہا ہے لیکن انتظامیہ اس جانب مکمل طور پر ناکام دکھائی دیتی ہے عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ اس زہر سے کء افراد خطرناک قسم کی بیماریوں میں بھی مبتلا ہو گئے ہیں لیکن چند افراد کی

(بقیہ 21 اندرونی صفحہ 5 پر)

## کوئٹہ، مادرِ جمہوریت بیگم نصرت بھٹو کی برسی پر سید اقبال شاہ کا خراجِ عقیدت

### بیگم نصرت بھٹو جمہوری استقامت، قربانی اور عوامی حاکمیت کی لازوال علامت ہیں، وزیر اعلی بلوچستان کے فوکل پرسن

کوئٹہ (یواین اے) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما اور وزیر اعلی بلوچستان کے فوکل پرسن سید اقبال شاہ نے مادرِ جمہوریت بیگم نصرت بھٹو کی برسی کے موقع پر اپنے پیغام میں انہیں زبردست خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ بیگم نصرت بھٹو پاکستان کی جمہوری تاریخ کی ایک ایسی عظیم شخصیت تھیں جنہوں نے آمریت، جبر اور سیاسی انتقام کے مشکل ترین ادوار میں جمہوریت کے پرچم کو سربلند رکھا۔ ان کی زندگی جدوجہد، قربانی، استقامت اور عوامی حقوق کے تحفظ کی روشن مثال ہے، جسے پاکستان کی تاریخ میں ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ سید اقبال شاہ نے کہا کہ بیگم نصرت بھٹو نے قائدِ عوام شہید ذوالفقار علی

(بقیہ 20 اندرونی صفحہ 5 پر)

## پی ایم ڈی سی کی نجکاری اور لیز منسوخی مسترد، لالا سلطان ودیگر کی پریس کانفرنس

### ملازمین کی بے روزگاری اور مقامی معاشی مفادات کو نقصان پہنچانے والے فیصلے فوری واپس لیے جائیں، پاکستان سینٹرل مائنز لیبر فیڈریشن

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان سینٹرل مائنز لیبر فیڈریشن کے مرکزی رہنما لالا سلطان اور دیگر نے کوئٹہ پریس کلب میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے پاکستان منرل ڈویلپمنٹ کارپوریشن (PMDC) کی مجوزہ نجکاری اور لیز کی منسوخی کے فیصلے کو سختی سے مسترد کر دیا ہے۔ پریس کانفرنس کرتے ہوئے لالا سلطان نے کہا کہ پی ایم ڈی سی ایک اہم قومی ادارہ ہے جو ملکی معیشت میں کلیدی اور فعال کردار ادا کر رہا ہے۔ اس کی نجکاری اور لیز کی منسوخی سے جہاں ادارے کے سینکڑوں ملازمین بے روزگاری کا شکار ہوں گے، وہیں بلوچستان کی مقامی آبادی کے معاشی مفادات شدید طور پر

(بقیہ 19 اندرونی صفحہ 5 پر)

امر بالمعروف ونھی عن المنکر — اچھائی کی طرف اطلاع کرنا اور برائی سے بچانا
روزنامہ
Daily ETLA-E-AAM Quetta
اطلاع عام کوئٹہ
چیف ایڈیٹر:۔ محمد عمر
E:-mail-Etlaeaam2010@gmail.com

چیف ایڈیٹر محمد عمر نے
الکریم پرنٹنگ پریس سے چھپواکر
نیوز افغان روڈ کوئٹہ سے شائع کیا
فون نمبرز 081-2820055 , 081-2453865
فیکس نمبر: 081-2828245
Email:Etlaeaam2010@gmail.com

بروز، جمعہ 23 اکتوبر 2026ء

## امریکا کا قومی قرض 40.4 ٹریلین ڈالر سے تجاوز کرگیا، میڈیا رپورٹس

### 970 ارب ڈالر قرض کے سود کی ادائیگیوں پر خرچ ہوتے ہیں جو امریکی دفاعی اخراجات سے بھی زیادہ ہیں

واشنگٹن (اے این این) امریکا کا قومی قرض صرف دو ماہ کے دوران تقریبا 400 ارب ڈالر بڑھ کر 40.4 ٹریلین ڈالر کے قریب پہنچ گیا جس سے دنیا کی سب سے بڑی معیشت کو درپیش مالیاتی دباو اور حکومتی اخراجات کے استحکام پر سوالات اٹھنے لگے ہیں۔ روسی خبر رساں ادارے تاس کے مطابق امریکی محکمہ کی جانب سے جاری کردہ اعداد وشمار میں بتایا گیا ہے کہ امریکی قومی قرض 19 اگست 2026 کو 40 ٹریلین ڈالر کی ریکارڈ سطح پر پہنچا تھا جس کے بعد اس میں مزید تقریبا ایک فیصد اضافہ ہوا۔ امریکی ماہرین کی پیش گوئیوں کے مطابق آئندہ ایک دہائی میں ملک کا قومی قرض مجموعی قومی پیداوار) جی ڈی پی (کے تقریبا 120 فیصد تک پہنچ سکتا ہے۔ اس صورت میں وفاقی حکومت کا مجموعی قرض امریکا کی ایک سال کے دوران پیدا ہونے والی تمام اشیا اور خدمات کی مالیت سے بھی بڑھ جائے گا۔ قرض کا بڑھتا ہوا حجم امریکی حکومت کے بجٹ پر بھی بھاری پڑ رہا ہے۔ امریکا سالانہ تقریبا 970 ارب ڈالر صرف قومی قرض پرسود کی ادائیگیوں کے لیے خرچ کرتا ہے جو دفاعی اخراجات سے بھی زیادہ ہے۔ 2020 کے بعد قرض پر سود کی ادائیگیوں کے اخراجات تقریبا تین گنا ہوچکے ہیں، جس سے حکومتی وسائل پر دباو بڑھ رہا ہے۔ پیٹرسن انسٹی ٹیوٹ فار انٹرنیشنل اکنامکس کے مطابق اگر حکومتی اخراجات یا ٹیکسوں کے نظام میں اصلاحات نہ کی گئیں تو امریکی قومی قرض آئندہ چھ برس میں 50 ٹریلین ڈالر تک پہنچ سکتا ہے۔ معاشی ماہرین کے لیے اصل تشویش صرف قرض کی ریکارڈ سطح نہیں بلکہ اس کی رفتار سے بڑھتی ہوئی سود کی ادائیگیاں بھی ہیں۔ قرض پر زیادہ رقم خرچ ہونے سے دفاع، صحت، سماجی بہبود اور دیگر شعبوں کے لیے دستیاب مالی گنجائش محدود ہوسکتی ہے، جبکہ بلند شرح سود کی صورت میں نئے قرض کا حصول مزید مہنگا پڑسکتا ہے۔ امریکا سالانہ تقریبا 970 ارب ڈالر صرف قومی قرض پرسود کی ادائیگیوں کے لیے خرچ کرتا ہے جو دفاعی اخراجات سے بھی زیادہ ہے۔ 2020 کے بعد قرض پرسود کی ادائیگیوں کے اخراجات تقریبا تین گنا ہوچکے ہیں، جس سے حکومتی وسائل پر دبا بڑھ رہا ہے۔

## پشاور ہائیکورٹ نے ڈپٹی اسپیکر کی سرکاری رہائش گاہ خالی کرنے کا نوٹس معطل کردیا

### صدارتی حکمنامے اور سرکاری رہائشگاہ خالی کرنے کے حکم میں اسپیکر وڈپٹی اسپیکر کے عہدوں کا ذکر نہیں ہے، عدالت

پشاور (اے این این) پشاور ہائیکورٹ نے غیر فعال ڈپٹی اسپیکر کی سرکاری رہائش گاہ سے متعلق کیس میں نوٹس معطل کرتے ہوئے انہیں رہائش گاہ میں رہنے کی اجازت دے دی اور گرفتاری سے روک دیا۔ عدالت کے تحریری حکم نامے کے مطابق صدارتی حکم نامے اور سرکاری رہائش گاہ خالی کرنے کے حکم میں اسپیکر اور ڈپٹی اسپیکر کے عہدوں کا ذکر نہیں ہے۔ کیس کی سماعت میں ڈپٹی اسپیکر کے وکیل نے مقف اختیار کیا کہ خیبر پختونخوا اسپیکر اور ڈپٹی اسپیکر ایکٹ 2026 کے تحت ڈپٹی اسپیکر سرکاری رہائش گاہ استعمال کرنے کا حق رکھتے ہیں۔ عہدے کی مدت کے دوران قانون نافذ کرنے والے ادارے سرکاری رہائش گاہ پر چھاپا نہیں مار سکتے۔ ایڈووکیٹ جنرل نے مقف اختیار کیا کہ ہنگامی صورت حال میں حکومت کو وزرا، مشیروں اور ڈپٹی اسپیکر کی سرکاری رہائش گاہیں خالی کرانے کا اختیار حاصل ہے۔ ڈپٹی اسپیکر کے خلاف چترال کے ڈپٹی کمشنر کی مدعیت میں دفعہ 406 کے تحت مقدمہ بھی درج ہے۔ ہمنتخب کریں پشاور ہائیکورٹ نے غیر فعال ڈپٹی اسپیکر کی سرکاری رہائش گاہ سے متعلق کیس میں نوٹس معطل کرتے ہوئے انہیں رہائش گاہ میں رہنے کی اجازت دے دی اور گرفتاری سے روک دیا۔ عدالت کے تحریری حکم نامے کے مطابق صدارتی حکم نامے اور سرکاری رہائش گاہ خالی کرنے کے حکم میں اسپیکر اور ڈپٹی اسپیکر کے عہدوں کا ذکر نہیں ہے۔ کیس کی سماعت میں ڈپٹی اسپیکر کے وکیل نے مقف اختیار کیا کہ خیبر پختونخوا اسپیکر اور ڈپٹی اسپیکر ایکٹ 2026 کے تحت ڈپٹی اسپیکر سرکاری رہائش گاہ استعمال کرنے کا حق رکھتے ہیں۔ عہدے کی مدت کے دوران قانون نافذ کرنے والے ادارے سرکاری رہائش گاہ پر چھاپا نہیں مار سکتے۔ ایڈووکیٹ جنرل نے مقف اختیار کیا کہ ہنگامی صورت حال میں حکومت کو وزرا، مشیروں اور ڈپٹی اسپیکر کی سرکاری رہائش گاہیں خالی کرانے کا اختیار حاصل ہے۔ ڈپٹی اسپیکر کے خلاف چترال کے ڈپٹی کمشنر کی مدعیت میں دفعہ 406 کے تحت مقدمہ بھی درج ہے۔ ہمنتخب کریں پشاور ہائیکورٹ نے غیر فعال ڈپٹی اسپیکر کی سرکاری رہائش گاہ سے متعلق کیس میں نوٹس معطل کرتے ہوئے انہیں رہائش گاہ میں رہنے کی اجازت دے دی اور گرفتاری سے روک دیا۔ عدالت کے تحریری حکم نامے کے مطابق صدارتی حکم نامے اور سرکاری رہائش گاہ خالی کرنے کے حکم میں اسپیکر اور ڈپٹی اسپیکر کے عہدوں کا ذکر نہیں ہے۔ کیس کی سماعت میں ڈپٹی

## پاکستان کی اقوامِ متحدہ میں بیرونِ ملک قتل کی کارروائیاں کرنے والے ممالک پر تنقید

اقوام متحدہ (یواین اے) پاکستان نے انسدادِ دہشت گردی کے نام پر بیرونِ ملک افراد کو ہدف بنا کر قتل کرنے کی مہمات چلانے والے ممالک کی جانب سے انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ان اقدامات کی مذمت کرنیکا مطالبہ کیا ہے۔ سماجی، انسانی اور ثقافتی امور سے متعلق اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کی تھرڈ کمیٹی میں انسانی حقوق پر اقوامِ متحدہ کے خصوصی نمائندہ بین ساؤل کے ساتھ ایک انٹرایکٹو مکالمے میں پاکستانی مندوب محمد جواد اجمل نے دہشت گردی کے خلاف کارروائیوں کے دوران انسانی حقوق کے تحفظ کو یقینی بنانے کے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا۔ دہشت گردی اور غیر ملکی قبضے کے خلاف مزاحمت کے عوام کے جائز حق کے درمیان فرق کرنے اور حقِ خود ارادیت کے استعمال کو تسلیم کرنے پر زور دیا۔

## وفاقی آئینی عدالت نے مبینہ جعلی ڈگری کیس میں ٹیچر کو نوٹس جاری کردیا

اسلام آباد (اے این این) وفاقی آئینی عدالت نے مبینہ جعلی ڈگری کے معاملے پر ٹیچر انصر عباس اور سابق سسٹنٹ ایڈووکیٹ جنرل ایوب بزدار کو نوٹس جاری کردیے، عدالت نے یہ نوٹس محکمہ تعلیم پنجاب کی جانب سے دائر اپیل پر جاری کیے۔ قائم مقام چیف جسٹس حسن اظہر رضوی کی سربراہی میں دو رکنی بینچ نے کیس کی سماعت کی، دورانِ سماعت قائم مقام چیف جسٹس نے محکمہ تعلیم پنجاب کی جانب سے مبینہ جعلی اسناد کے معاملے پر کی گئی کارروائی اور انکوائری سے متعلق اہم سوالات اٹھائے۔ قائم مقام چیف جسٹس نے استفسار کیا کہ جعلی اسناد سامنے آنے کے بعد محکمہ تعلیم نے انصر عباس کے خلاف کیا کارروائی کی؟ انصر عباس چار سال تک ٹیچر کی حیثیت سے ملازمت کرتے رہے تو اس دوران محکمہ تعلیم پنجاب نے ان کی اسناد کی تصدیق اور مبینہ جعلی ڈگری کے معاملے پر کیا انکوائری کی؟

## کراچی، نامعلوم گاڑی کی ٹکر سے زخمی 2 موٹرسائیکل سوار دورانِ علاج دم توڑ گئے

کراچی (اے این این) بلدیہ حب ریور روڈ پر ناردرن بائی پاس کے قریب نامعلوم گاڑی کی ٹکر سے زخمی 2 موٹرسائیکل سوار دوران علاج زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گئے۔ پولیس کے مطابق دونوں زخمیوں نے بدھ اور جمعرات کی درمیانی شب سول اسپتال میں دم توڑا۔ تفصیلات میں بتایا گیا ہے کہ موچکو کے علاقے بلدیہ حب ریور روڈ ناردرن بائی پاس کے قریب بدھ کی شام مغرب کے وقت نامعلوم گاڑی نے موٹر سائیکل سواروں کو ٹکر ماری تھی، جس کے نتیجے میں دونوں افراد زخمی ہوگئے تھے، جنہیں علاج کے لیے سول اسپتال منتقل کیا گیا تھا۔ حادثے میں جاں بحق ہونے والوں کی شناخت 35 سالہ علی اصغر ولد نور محمد اور 42 سالہ آفتاب ولد محی الدین کے ناموں سے کی گئی ہے۔ بلدیہ حب ریور روڈ پر ناردرن بائی پاس کے قریب نامعلوم گاڑی کی ٹکر سے زخمی 2 موٹرسائیکل سوار دوران علاج زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گئے۔ پولیس کے مطابق دونوں زخمیوں نے بدھ اور جمعرات کی درمیانی شب سول اسپتال میں دم توڑا۔ تفصیلات میں بتایا گیا ہے کہ موچکو کے علاقے بلدیہ

# چھوٹے برآمد کنندگان کیلئے ٹریڈ تحفظ اور مالیاتی سہولتوں کی فراہمی کو آسان بنایا جارہا ہے، جام کمال

### معمولی ضابطہ جاتی اخراجات اور طریقہ کار کی مشکلات بھی مجموعی طور پر برآمدات کی مسابقتی صلاحیت کو متاثر کرسکتی ہیں اس لیے ان معاملات پر توجہ دینا ناگزیر ہے۔

### حکومت برآمد کنندگان کو درپیش مسائل کے حل، کاروبار کرنے کی لاگت میں کمی اور بین الاقوامی منڈیوں تک رسائی کیلئے متعلقہ وزارتوں، محکموں اور نجی شعبے کے ساتھ رابطے میں ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (یو این اے) وفاقی وزیر برائے تجارت جام کمال خان نے کہا ہے کہ حکومت برآمد کنندگان کو درپیش مسائل کے حل، کاروبار کرنے کی لاگت میں کمی اور بین الاقوامی منڈیوں تک رسائی بڑھانے کے لیے متعلقہ وزارتوں، محکموں اور نجی شعبے کے ساتھ مسلسل رابطے میں ہے، اس ضمن میں برآمدات کی مسابقتی صلاحیت بہتر بنانے کے لیے عملی اقدامات پر کام جاری ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے وزارت تجارت میں برآمد کنندگان اور اعلی سرکاری حکام کے ساتھ دوسرے اعلی سطحی مشاورتی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا جس میں پاکستان کی برآمدات کو متاثر کرنے والے مسائل اور ان کے حل کے لیے متعلقہ سرکاری محکموں کی جانب سے کی گئی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں وزیر مملکت برائے خزانہ ومحصولات بلال اظہر کیانی، وزارت تجارت کے سینئر حکام اور متعلقہ وزارتوں اور محکموں کے نمائندوں نے شرکت کی جبکہ سرکردہ برآمد کنندگان نے بالمشافہ اور آن لائن شرکت کی۔ توانائی کی لاگت، ٹیکسوں، مالی معاونت، ضابطہ جاتی طریقہ کار، برآمدی سہولیات اور بین الاقوامی منڈیوں تک رسائی سمیت اہم امور زیر بحث آئے۔ اس موقع پر گزشتہ اجلاس میں برآمد کنندگان کی جانب سے اٹھائے گئے مسائل اور متعلقہ سرکاری اداروں کے جوابات پر مشتمل جامع جائزہ پیش کیا گیا جس میں زیرالتوا معاملات، پیش رفت اور مزید پالیسی اقدامات کی ضرورت کا تعین کیا گیا۔ وفاقی وزیر جام کمال خان نے کہا کہ پاکستان چین، جنوبی کوریا، ترکیہ، جاپان اور ویتنام سمیت اہم تجارتی شراکت داروں کے ساتھ ترجیحی تجارتی سہولیات میں بہتری کے لیے کوششیں کررہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ چین کے ساتھ ٹیرف رعایتوں میں اضافے کے لیے بات چیت جاری ہے جبکہ جنوبی کوریا کے ساتھ ترجیحی تجارتی انتظامات پر بھی پیش رفت ہورہی ہے، دیگر ممالک کے ساتھ روابط سفارتی مشنز، تجارتی دفاتر اور دوطرفہ مشاورت کے ذریعے جاری ہیں۔ ترکیہ میں پاکستانی ٹائروں کی برآمدات کو درپیش مسائل کے حوالے سے اجلاس کو بتایا گیا کہ ٹائروں کی بعض اقسام کو دوطرفہ ترجیحی تجارتی معاہدے کے تحت رعایتیں حاصل ہیں، برآمد کنندگان سے کہا گیا کہ وہ متعلقہ مصنوعات کی

## ملتان، آذربائیجان کے راستے یورپ جانے کی غیرقانونی کوشش ناکام، 3 مسافر آف لوڈ

### مسافروں نے ویزوں اور ٹکٹوں کے انتظام کے لیے وہاڑی کے ٹریول ایجنٹس کو 6 لاکھ روپے ادا کیے تھے

ملتان (اے این این) ایف آئی اے امیگریشن ملتان نے آذربائیجان کے راستے یورپ جانے کی غیر قانونی کوشش ناکام بناتے ہوئے 3 مسافروں کو آف لوڈ کردیا۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق مسافر فلائی دبئی کی پرواز ایف زیڈ 26 کے ذریعے ملتان سے آذربائیجان جا رہے تھے۔ امیگریشن کلیئرنس کے دوران مشکوک سفری پروفائل سامنے آنے پر مسافروں کو مزید جانچ پڑتال اور تفصیلی انٹرویو کے لیے ریفر کیا گیا۔ مسافروں کی شناخت حافظ محمد آصف، طارق بشیر اور محمد الیاس کے نام سے ہوئی۔ مسافروں کے موبائل فون پیغامات کی جانچ اور دورانِ تفتیش پوچھ گچھ کے دوران مبینہ طور پر یورپ جانے کے غیر قانونی منصوبے کا انکشاف ہوا۔ ابتدائی معلومات کے مطابق مسافروں نے آذربائیجان پہنچنے کے بعد سربیا اور دیگر یورپی ممالک میں غیر قانونی طور پر سفر کرنا تھا۔ مسافروں نے انکشاف کیا کہ انہوں نے ویزوں اور ٹکٹوں کے انتظام کے لیے وہاڑی کے ٹریول ایجنٹس کو 6 لاکھ روپے ادا کیے تھے۔ مسافروں کے مطابق باقی رقم منزل پر پہنچنے کے بعد ادا کی جانی تھی۔ ترجمان کے مطابق مسافروں کو مزید قانونی کارروائی اور تحقیقات کے لیے اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل ملتان کے حوالے کردیا گیا۔ ایف آئی اے امیگریشن ملتان کی جانب سے غیر قانونی ہجرت کی روک تھام کے لیے سخت اسکریننگ جاری ہے۔

## اسلام آباد: 12 سالہ لڑکی کو بلیک میل کرنے والے 2 ملزمان کو 10، 10 سال قید کی سزا

اسلام آباد (اے این این) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ اسلام آباد نے 12 سالہ لڑکی کو بلیک میل کرنے کے کیس میں 2 ملزمان کو 10، 10 سال قید کی سزا سنادی۔ ملزمان پر مجموعی طور پر 20 لاکھ روپے جرمانہ بھی عائد کیا گیا ہے۔ کیس کا فیصلہ ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج محمد افضل مجوکہ نے سنایا، سیکشن 22 کے تحت دونوں ملزمان کو 7، 7 سال قید اور جرمانے کی سزا سنائی گئی ہے۔ سیکشن 24 کے تحت ملزمان کو 3، 3 سال قید اور 10، 10 لاکھ روپے جرمانہ کیا گیا ہے۔ اس کیس سے متعلق بچی کے والد کی مدعیت میں این سی سی آئی اے نے مقدمہ درج کیا تھا۔ سیکشن 24 کے تحت ملزمان کو 3، 3 سال قید اور 10، 10 لاکھ روپے جرمانہ کیا گیا ہے۔

## ایران، عراق کیلئے فضائی سفر کرنے والے زائرین ہوشیار ہوجائیں، مذہبی امور کی ایڈوائزری جاری

### پاکستانی زائرین اور زیارت گروپ آرگنائزرز کے لیے سفری ایڈوائزری جاری کردی گئی ہے، ترجمان وزارت مذہبی امور

اسلام آباد (اے این این) وفاقی وزارت مذہبی امور نے پاکستان سے ایران اور عراق کے لیے فضائی سفر کرنے والے زائرین کو خبردار کرتے ہوئے سفری ایڈوائزری جاری کردی ہے۔ وزارت مذہبی امور کے ترجمان نے اسلام آباد سے جاری بیان میں کہا کہ ایران اور عراق کے لیے فضائی سفر کرنے والے پاکستانی زائرین ہوشیار باش، پاکستانی زائرین اور زیارت گروپ آرگنائزرز کے لیے سفری ایڈوائزری جاری کردی گئی ہے۔ ترجمان نے بتایا کہ زائرین روانگی سے قبل ایران، عراق سیکٹر کی پروازوں کی پیشگی تصدیق لازمی کریں، غیر یقینی پروازوں کو اختیار نہ کرنے اور متبادل سفری انتظامات یقینی بنانے کی ہدایت کی گئی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ بالخصوص تہران، مشہد اور نجف کے درمیان سفر کرنے والے زائرین پروازوں کی پیشگی تصدیق ضرور کریں، پرواز منسوخی کی صورت میں متبادل زمینی یا فضائی سفر یا رہائش کے لیے اضافی رقم ہمراہ رکھیں۔ وزارت مذہبی امور نے رجسٹرڈ زائرین گروپ آرگنائزرز کو غیر مصدقہ ایرانی پروازوں پر انحصار سے گریز کی ہدایت کی گئی ہے۔ ترجمان مذہبی امور نے بتایا کہ گروپ آرگنائزرز تمام زائرین کو ایڈوائزری سے مکمل آگاہ کریں تاکہ سفر محفوظ اور بلاتعطل رہے۔ ۔ وزارت مذہبی امور نے رجسٹرڈ زائرین گروپ آرگنائزرز کو غیر مصدقہ ایرانی پروازوں پر انحصار سے گریز کی ہدایت کی گئی ہے۔

## یوکرین میں جنگ بندی کی امیدیں ایک بار پھر حملوں کی زد میں آگئیں

### کیف پر روسی میزائل حملہ، 6 افراد زخمی، کئی رہائشی مکانات کو بھی نقصان پہنچا

کیف (اے این این) یوکرین میں جنگ بندی کی امیدیں ایک بار پھر حملوں کی زد میں آگئیں، روس کی جانب سے امریکا کے ساتھ امن مذاکرات دوبارہ شروع کرنے پر اصولی آمادگی ظاہر کیے جانے کے چند گھنٹوں بعد یوکرین کے دارالحکومت کیف پر میزائل حملہ کردیا گیا، جس میں 6 افراد زخمی ہوگئے۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق کیف کے میئر وٹالی کلیچکو نے بتایا کہ گزشتہ شب ہونے والے حملے میں کئی رہائشی مکانات کو نقصان پہنچا اور 6 افراد زخمی ہوئے۔ یہ حملہ ایسے وقت میں ہوا جب امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے نمائندے اسٹیو وٹکوف اور جیرڈ کشنر روس اور یوکرین کے درمیان جنگ ختم کرانے کے لیے سفارتی کوششیں تیز کیے ہوئے ہیں۔ وٹکوف نے گزشتہ روز روسی صدر ولادیمیر پیوٹن سے سینٹ پیٹرزبرگ میں ملاقات کی جبکہ اس سے ایک روز قبل ان کی یوکرینی قیادت سے بھی ملاقات ہوئی تھی۔ روس، یوکرین اور امریکا کے درمیان سہ فریقی مذاکرات فروری میں معطل ہوگئے تھے۔ اس کے بعد روس نے حملوں میں شدت پیدا کردی، جبکہ یوکرین کو مغربی ممالک کی جانب سے فراہم کیے جانے والے میزائل روکنے والے دفاعی ہتھیاروں کی قلت کا سامنا رہا۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے بدھ کو کہا کہ وہ پیوٹن سے جنگ کے خاتمے کے لیے بات کررہے ہیں اور ان کے خیال میں فریقین اب امن معاہدے کے پہلے سے کہیں زیادہ قریب ہیں۔ تاہم، امن مذاکرات کی بحالی کے اشاروں کے باوجود کیف پر تازہ حملہ اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ جنگ ختم کرانے کی سفارتی کوششوں کو اب بھی سنگین چیلنجز درپیش ہیں۔

## اوتھل کی رہائشی بےنظیر انکم سپورٹ پروگرام کے وظیفے سے مستفید، التوا کا شکار فنڈز بحال

خضدار (اے این این) وفاقی محتسب اعلیٰ کی بروقت اور موثر مداخلت کے نتیجے میں عوامی مسائل کے حل اور ریلیف کی فراہمی کا سلسلہ بلاتعطل جاری ہے۔ تازہ ترین کارروائی میں وفاقی محتسب نے درخواست گزار زاہدہ (ساکن محلّہ پولیس لائن، اوتھل، ضلع حب) کی جانب سے بےنظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP) کے وظیفے کی عدم فراہمی کے خلاف دائر کردہ شکایت کا فوری نوٹس لیتے ہوئے سائلہ کا دیرینہ مسئلہ حل کروا دیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق، اوتھل کی رہائشی سائلہ زاہدہ نے بےنظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP) میں باقاعدہ سروے کا عمل مکمل کروا رکھا تھا، تاکے ناتے مالی امداد کا اجرا نہیں کیا جا رہا تھا اور معاملہ طویل عرصے سے التوا کا شکار تھا۔ حق تلفی اور عدم توجہی پر سائلہ نے انصاف کے حصول کے لیے وفاقی محتسب کے دفتر سے رجوع کیا۔

## خیبرپختونخوا میں 13 سالہ پی ٹی آئی حکومت پر عوام پھٹ پڑے، بدامنی اور بدحالی پر کڑی تنقید

### ظالمانہ ٹیکسوں اور سنگین لاپروائی کی وجہ سے عوام اپنی چلتی صنعتیں بھی بند کرنے پر مجبور ہوئے

اسلام آباد (اے این این) قدرتی وسائل اوروفاق کے فنڈز کے باوجود خیبر پختونخوا کو دانستہ ترقی سے محروم رکھنے والی پی ٹی آئی حکومت کو شہریوں نے آڑے ہاتھوں لے لیا۔ خیبر پختونخوا کے عوام نے پی ٹی آئی کی صوبائی حکومت پر سخت تنقید کرتے ہوئے کہا کہ 13 سالہ دور حکومت کے باوجود خیبر پختونخوا میں صنعتی ترقی کا فقدان ہے اور ہر طرف بدامنی کی لہر ہے۔ شہریوں کا کہنا تھا کہ پی ٹی آئی حکومت اپنی ناقص پالیسیوں کے سبب صوبے میں موجود قدرتی وسائل سے کوئی فائدہ اٹھانے میں ناکام رہی۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں صنعتوں کی تباہی، کاروباری بحران، بدامنی اور بدحالی پی ٹی آئی کی صوبائی حکومت کی ناکامی کا ثبوت ہے۔ شہریوں کے مطابق پی ٹی آئی حکومت کے ظالمانہ ٹیکسوں اور سنگین لاپروائی کی وجہ سےعوام اپنی چلتی صنعتیں بھی بند کرنے پر مجبور ہوئے۔ قدرتی وسائل اوروفاق کے فنڈز کے باوجود خیبر پختونخوا کو دانستہ ترقی سے محروم رکھنے والی پی ٹی آئی حکومت کو شہریوں نے آڑے ہاتھوں لے لیا۔ خیبر پختونخوا کے عوام نے پی ٹی آئی کی صوبائی حکومت پر سخت تنقید کرتے ہوئے کہا کہ 13 سالہ دور حکومت کے باوجود خیبر پختونخوا میں صنعتی ترقی کا فقدان ہے اور ہر طرف بدامنی کی لہر ہے۔ شہریوں کا کہنا تھا کہ پی ٹی آئی حکومت اپنی ناقص پالیسیوں کے سبب صوبے میں موجود قدرتی وسائل سے کوئی فائدہ اٹھانے میں ناکام رہی۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں صنعتوں کی تباہی، کاروباری بحران، بدامنی اور بدحالی پی ٹی آئی کی صوبائی حکومت کی ناکامی کا ثبوت ہے۔

---

بقیہ 1

کا شکار ہوکر ایک قومی رہنما کو گرفتار کرکے انہیں جیل میں بند کرنا حماقت ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے بیان میں کہا جیل زندان سے اصغر خان اچکزئی کو ڈرایا نہیں جاسکتا بیان میں مطالبہ کیا کہ حکومت فوری طور پر اصغر خان اچکزئی کو رہا کرے

بقیہ 2

کرام، اور مختلف سیاسی جماعتوں کے رہنماں اور عوام کی بڑی تعداد نے ملاقات کی۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری سے انکے رہائشگاہ پر خضدار وگردونواح کے کثیر تعداد میں عوام نے وفود کی صورت میں ملاقات کی۔ ملاقاتوں میں خضدار کے مختلف حل طلب مسائل، کھیلوں کے فروغ، تعلیمی ترقی، شہر کے بنیادی مسائل اور دیگر اہم عوامی امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر ملاقات کرنے والوں نے اپنے اپنے، تجاویز اور تحفظات ایم پی اے خضدار میر یونس عزیز زہری کے سامنے پیش کی، جنکو انہوں نے توجہ سے سنا۔ ایم پی اے خضدار میر یونس عزیز زہری نے عوامی مسائل کے حل، تعلیمی ترقی، نوجوانوں کے لیے کھیلوں کی بہتر سہولیات کی فراہمی اور خضدار کی مجموعی ترقی کو اپنی ترجیحات میں شامل قرار دیتے ہوئے کہا کہ عوامی خدمت اور لوگوں کے مسائل کا حل ان کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ اور اس دوران ملاقات کرنے والوں کے مسائل میر صاحب نے سن کران کو فوری حل کرنے کی حکم صادر فرمایا اور دیگر مسائل کو حل کرنے کی یقین دہانی کرائی۔ اس موقع پر میر صاحب کا کہنا تھا کہ دستیاب وسائل کے مطابق عوامی فلاح و بہبود کے لیے عملی اقدامات کے لیے کوشش جاری رکھی جائے گی، ملاقات کے لیے آنے والے شخصیات اور عوام نے میر جھالاوان میر یونس عزیز زہری سے خوشگوار ماحول میں گفتگو کی اور اپنے مسائل کے حل کے حوالے سے امیدوں کا اظہار کیا۔

بقیہ 3

ٹرانسپورٹرز کو درپیش مشکلات کے خاتمے کے لیے مؤثر اقدامات ناگزیر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ غیر ضروری چیک پوسٹیں بھی ٹرانسپورٹ کے شعبے کی تباہی میں بنیادی کردار ادا کررہی ہیں، جہاں بار بار کی چیکنگ اور غیر ضروری رکاوٹوں کے باعث وقت اور اخراجات میں اضافہ ہوتا ہے، جس کا براہ راست اثر ٹرانسپورٹرز اور مسافروں پر پڑتا ہے۔ انہوں نے حکومت بلوچستان اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ ٹرانسپورٹ کے شعبے کو بحران سے نکالنے کے لیے فوری ریلیف پیکیج کا اعلان کیا جائے، پٹرولیم مصنوعات کی بڑھتی ہوئی قیمتوں کے اثرات کم کرنے کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں، غیر ضروری چیک پوسٹوں اور قومی شاہراہوں پر درپیش مشکلات کا جائزہ لے کر انہیں ختم کیا جائے اور مسافروں کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ ٹرانسپورٹرز کے جائز مسائل کو مزید نظر انداز کیا گیا تو بلوچستان میں مسافر ٹرانسپورٹ کا نظام برقرار رکھنا ناممکن ہوجائے گا، جس کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ حکام پر عائد ہوگی۔

بقیہ 4

الرحمن کے مؤقف کو دبانے کے لیے منفی پروپیگنڈے کا سہارا لینا مناسب نہیں۔ جمعیت علمائے اسلام اپنے قائد کی قیادت میں سیاسی جدوجہد جاری رکھے گی اور ان شاء اللہ ایک منظم سیاسی قوت کے طور پر اپنا کردار ادا کرتی رہے گی۔

بقیہ 5

بنیادی امور میں طویل تاخیر اور انتظامی عدم توجہی پائی جاتی ہے، جس کا فوری اور پائیدار حل انتہائی

ناگزیر ہے۔ اس موقع پر وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین نے پی پی پی رہنما کو مکمل تعاون کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ حکومت بلوچستان کے محنت کشوں کے حقوق کے تحفظ کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کرے گی۔ انہوں نے عزم ظاہر کیا کہ ورکرز کو ان کے حق کے مطابق تمام تر مراعات اور سہولیات کی فراہمی کو ترجیحی بنیادوں پر یقینی بنایا جائے گا تاکہ ان کی محرومیوں کا ازالہ ہوسکے۔

بقیہ 6

علاقوں میں پانی کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ نصیر آباد کے تحصیل بابا کوٹ کے علاقے میں مراد شاخ پر مبینہ غیر قانونی ڈپ لگانے کے خلاف مقامی زمینداروں اور کسانوں کی جانب سے احتجاج کا سلسلہ دوسرے روز بھی جاری رہا۔

بقیہ 7

رہا کیا جائے، غیر قانونی گرفتاریوں، من گھڑت مقدمات اور سیاسی انتقامی کارروائیوں کا سلسلہ بند کیا جائے۔

بقیہ 8

قواعد از سرنو بنانے کی ہدایت دے سکتا ہے۔ تحریری فیصلے میں کہا گیا کہ ملازم کو یکم جنوری 2021 کو جونیئر آڈیٹر سے سینئر آڈیٹر کے عہدے پر ترقی مل چکی تھی، ملازم نے 2014 کے قواعد کے تحت ترقی حاصل کی اور بعد میں انہی قواعد کو چیلنج کیا۔ عدالت عظمی کے فیصلے کے مطابق جونیئر آڈیٹر سے اسسٹنٹ اکاؤنٹس آفیسر کے عہدے پر ڈائریکٹ پروموشنل جمپ کا کوئی قانونی یا ویسٹڈ رائٹ نہیں، ترقی بذاتِ خود کوئی بنیادی یا حاصل شدہ حق نہیں ہے۔ فیصلے میں واضح کیا گیا کہ حکومت کو انتظامی ضروریات کے مطابق سروس اسٹرکچر اور بھرتی کے قواعد میں ترمیم کا مکمل اختیار ہے، جونیئر آڈیٹر سے سینئر آڈیٹر (BS-16) کی ترقی کا کوٹہ 10 فیصد سے بڑھا کر مئی 2019 میں 50 فیصد کیا جا چکا ہے۔ تحریری فیصلے کے مطابق اسٹیبلشمنٹ ڈویژن نے 2017، 2019 اور 2021 میں انہی رولز میں ترمیم کی منظوری دی، بعد کی منظوریوں اور رولز کے تسلسل سے عملی نفاذ سے 2014 کے قواعد کی قانونی حیثیت برقرار رہتی ہے۔ سپریم کورٹ نے فیصلے یہ بھی واضح کیا کہ آئین کے آرٹیکل 212 کے تحت سروس ٹریبونل کا دائرہ اختیار ملازمین کی ملازمتی شرائط وضوابط تک محدود ہے، اگر قواعد سے کسی ملازم کے بنیادی یا قانونی حقوق متاثر نہ ہوں تو ٹریبونل کو مداخلت نہیں کرنی چاہیے۔ واضح رہے کہ سروس ٹریبونل نے اسٹیبلشمنٹ ڈویژن کی ابتدائی منظوری نہ ہونے کی بنیاد پر رولز کو کالعدم قرار دیا تھا۔ دوسری جانب، ریلوے افسران کی سنیارٹی سے متعلق فیڈرل سروس ٹریبونل کا 19 ستمبر 2025 کا فیصلہ بھی کالعدم قرار دے دیا گیا۔ جسٹس عائشہ ملک نے تحریری فیصلہ جاری کیا۔ سپریم کورٹ کے فیصلے کے مطابق سروس رولز 1990 کا اطلاق صرف ابتدائی پروبیشنری مرحلے پر ہوگا، دہائیوں پرانی محکمانہ روایات اور سی ایس ایس امتحان کی میرٹ پر مبنی سنیارٹی کو ختم نہیں کیا جاسکتا، پروبیشن کی مدت مکمل کر کے باقاعدہ ترقی پانے والے سول سرونٹس کی سنیارٹی متاثر نہیں ہوگی، ریلوے ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے پرانی سنیارٹی لسٹوں میں ردوبدل غیر قانونی ہے۔ واضح رہے کہ محکمہ دہائیوں سے افسران کی سنیارٹی سی ایس ایس امتحان کے میرٹ کی بنیاد پر طے کرتا چلا آ رہا تھا، ریلوے نے 27 اگست 2014 کو نظرثانی شدہ سنیارٹی لسٹ جاری کی جبکہ سروس ٹریبونل اور سپریم کورٹ نے کالعدم قرار دے دیا تھا۔ ریلوے محکمے نے 29 جون 2022 اور 20 مارچ 2023 کو سی ایس ایس امتحان کے میرٹ پر مبنی پروویژنل سنیارٹی لسٹیں جاری کیں، ان پروویژنل لسٹوں کے خلاف افسران نے فیڈرل سروس ٹریبونل میں اپیلیں دائر کیں۔ ٹریبونل نے 19 ستمبر 2025 کے فیصلے میں ریلوے کی لسٹیں کالعدم کر کے 1990 کے رولز کے تحت نئی لسٹیں بنانے کا حکم دیا تھا۔

بقیہ 9

پولیس افسران کو آگاہ کیا۔ پولیس افسران نے شہریوں کی شکایات توجہ سے سنیں اور متعلقہ مسائل کے حل کے لیے فوری ضروری احکامات جاری کیے۔ ڈی ایس پی قائدآباد مقصود لغاری نے تھانہ پشتون آباد میں منعقدہ کھلی کچہری سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عوامی مسائل کا فوری حل اور شہریوں کو انصاف کی فراہمی پولیس کی اولین ترجیح ہے۔ اس موقع پر انہوں نے کھلی کچہری میں آنے والے شہریوں کے مسائل اور شکایات سنیں اور متعلقہ افسران کو ان کے جائز مسائل فوری حل کرنے کے احکامات جاری کیے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی شکایات کے ازالے اور پولیس وعوام کے درمیان اعتماد کے فروغ کے لیے اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔

بقیہ 10

اقارب اور ولی خان اچکزئی صاحب سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتا ہوں۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کی کامل مغفرت فرمائے۔

بقیہ 11

میں دہشت گردی کے خطرات پر اثرانداز ہونے والی علاقائی اور عالمی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ 12

وی آئی پی دورے کے دوران اینٹی ڈرون ٹیکنالوجی بھی استعمال کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق سیکیورٹی کی مسلسل نگرانی کے لیے کمانڈ اینڈ کنٹرول سسٹم کے ذریعے انتظامات پر نظر رکھی جائے گی۔ اسی طرح پشاور میں ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کے لیے خصوصی ٹریفک پلان بھی تیار کیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے ریسکیو 1122 کی ایمبولینسز اور طبی عملہ دستیاب ہوگا۔ پشاور پولیس نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ پولیس کے ساتھ تعاون کریں اور ٹریفک اہلکاروں کی ہدایات پر عمل کریں۔ وزیراعظم شہباز شریف کی آج پشاور آمد کے موقع پر اینٹی ڈرون ٹیکنالوجی سمیت سیکیورٹی کے سخت ترین انتظامات کیے گئے ہیں۔ ایکسپریس نیوز کے مطابق وزیراعظم کے وی وی آئی پی دورے کے لیے سیکیورٹی کے غیر معمولی انتظامات کرتے ہوئے جامع پلان تیار کرلیا گیا ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ دورے کی سیکیورٹی پر 462 پولیس افسران و اہلکار تعینات کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے، جبکہ 2 پلاٹون ریزرو نفری بھی الرٹ رہے گی۔ پولیس کے مطابق سیکیورٹی انتظامات سی سی پی او کی براہ راست نگرانی میں مکمل کیے جائیں گے، جبکہ ایس ایس پی آپریشنز اور ایس پی کینٹ بھی انتظامات کی نگرانی کریں گے۔ سیکیورٹی ڈیوٹی پر ایلیٹ فورس، لیڈیز پولیس، ابابیل اسکواڈ اور سٹی پٹرولنگ کے اہلکار بھی تعینات ہوں گے۔ وی وی آئی پی دورے کے موقع پر اہم مقامات اور داخلی راستوں پر سخت چیکنگ کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق حساس مقامات اوران کے اطراف میں گشت اور نگرانی مزید مؤثر بنائی جائے گی، جبکہ بم ڈسپوزل یونٹ اور سراغ رساں کتوں کی مدد سے مقامات اور گاڑیوں کی سیکیورٹی کلیئرنس بھی کی جائے گی۔ سیکیورٹی انتظامات کے دوران واک تھرو گیٹس، میٹل ڈیٹیکٹرز اور جیمرز استعمال کیے جائیں گے۔ وی وی آئی پی دورے کے دوران اینٹی ڈرون ٹیکنالوجی بھی استعمال کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق سیکیورٹی کی مسلسل نگرانی کے لیے کمانڈ اینڈ کنٹرول سسٹم کے ذریعے انتظامات پر نظر رکھی جائے گی۔ اسی طرح پشاور میں ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کے لیے خصوصی ٹریفک پلان بھی تیار کیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے ریسکیو 1122 کی ایمبولینسز اور طبی عملہ دستیاب ہوگا۔ پشاور پولیس نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ پولیس کے ساتھ تعاون کریں اور ٹریفک اہلکاروں کی ہدایات پر عمل کریں۔

بقیہ 13

گیا۔ اسسٹنٹ کمشنر نے اسکول انتظامیہ کو ہدایت کی کہ طالبات اور تدریسی عملے کی جان وسلامتی کے پیش نظر خطرناک قرار دیے گئے کلاس رومز فوری طور پر خالی کرائے جائیں اور احتیاطی تدابیر پر سختی سے عمل درآمد یقینی بنایا جائے، تاکہ کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے بچا جاسکے۔ انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ تعلیمی اداروں میں طالبات کی حفاظت پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جاسکتا۔ ضلعی انتظامیہ تعلیمی اداروں کی عمارتوں کی صورتحال کا جائزہ لینے اور طلبہ و طالبات کے لیے محفوظ تعلیمی ماحول کی فراہمی کے سلسلے میں ضروری اقدامات کررہی ہے۔

بقیہ 14

ہیں۔ بغیر بل جاری کیے جارہے ہیں تو یہ ایک سنجیدہ معاملہ ہے، جس کی فوری اور غیر جانبدارانہ تحقیقات ہونی چاہئیں، غیر قانونی کنکشنز کے یونٹس قانونی صارفین کے کھاتوں میں شامل کرنے کا الزام انتہائی تشویش ناک ہے۔ اگر واقعی غیر قانونی کنکشنز سے استعمال ہونے والی بجلی کے یونٹس قانونی کنکشن رکھنے والے صارفین کے بلوں میں تقسیم کیے جا رہے ہیں تو یہ صارفین کے ساتھ سراسر ناانصافی ہے۔ جو شہری باقاعدگی سے قانونی کنکشن رکھتے ہیں
۔

بقیہ 15

سے شہری جس توقعات کا اظہار کررہے تھے اس میں انہیں مایوسی کا سامنا کرنا پڑا ہے بلکہ شہر کی صورتحال پہلے سے بھی ابتر ہوگئی ہے انہوں نے کہا کہ میونسپل کمیٹی کی کارکردگی اگر اس طرح منفی رہی تو صورتحال مزید گمبھیر ہوجائے گی جبکہ چیف آفیسر بھی عرصہ دراز سے غیر حاضر ہیں۔

بقیہ 16

ہے۔ تفصیلات کے مطابق محلّہ زہری اسٹریٹ، خضدار کی رہائشی مسمات راضیہ نے بےنظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP) کے والٹ اکاؤنٹ سے منسلک اپنی ٹیلی نار سم گم ہو جانے پر وفاقی محتسب کے دفتر سے رجوع کیا تھا۔ سائلہ کی سم بلاک/گم ہونے کے بعد متعلقہ موبائل فرنچائز نے انہیں متبادل سم کے حصول کے لیے حب سٹی جانے کا مشورہ دیا تھا۔

بقیہ 17

فکری و عملی تربیت کیلئے دوروزہ تربیت گاہ 24 اور 25 اکتوبر، بروز ہفتہ و اتوار، الفلاح قرآن انسٹیٹیوٹ سواں گارڈن اسلام آباد میں منعقد ہوگی۔ تربیت گاہ کا مقصد نئے ارکان کو جماعت اسلامی کے نصب العین، دستور اور طریقہ کار سے آگاہ کرنے کے ساتھ ان کی فکری و عملی صلاحیتوں کو نکھارنا ہے۔ تربیت گاہ کے دوران سیکرٹری جنرل حلقہ خواتین جماعت اسلامی پاکستان حمیرہ طارق آئین نو سے ڈرنا، طرزِ کہن پہ اڑنا کے عنوان سے تربیتی نشست سے خطاب کریں گی، جبکہ ڈپٹی سیکرٹری جنرل حلقہ خواتین جماعت اسلامی پاکستان عفت سجاد دستورِ جماعت اسلامی پاکستان کے موضوع پر شرکا کے ساتھ ڈسکشن کریں گی۔ اس تربیتی پروگرام میں نئے ارکان کی تنظیمی، فکری اور عملی رہنمائی پر خصوصی توجہ دی جائے گی تاکہ وہ جماعت اسلامی کے نصب العین اور دستور کو بہتر طور پر سمجھتے ہوئے اپنی ذمہ داریاں موثر انداز میں ادا کر سکیں۔ منتظمین کے مطابق تربیت گاہ میں بچوں کیلئے شعبہ اطفال بھی قائم کیا جائے گا، جہاں ان کیلئے علیحدہ تربیتی و تعلیمی نشستوں کا اہتمام ہوگا۔ اس اقدام کا مقصد ماؤں کو سہولت فراہم کرنا ہے تاکہ وہ اطمینان کے ساتھ تربیتی نشستوں میں شرکت کر سکیں۔

بقیہ 18

۔ صوبائی محتسب کی ہدایت پر ڈویژنل ڈائریکٹوریٹ کے زیراہتمام کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا جس میں صوبائی محتسب کے ڈویژنل ڈائریکٹر شیخ عصمت اللہ مندوخیل مختلف محکموں کے افسران ڈی ای او شیخ موسی خان مندوخیل، ایف سی کے میجر محمد ہاشم سپرنٹنڈنٹ جیل عبدالستار مندوخیل محکمہ جنگلات کے افسر سلطان محمود لعون اور شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی کھلی کچہری میں شہریوں نے مختلف محکموں کے خلاف شکایات کے انبار لگا دیے شہریوں نے ضلع کونسل میں مبینہ کرپشن اور کمیشن ڈی ایچ کیو ہسپتال میں صحت کی سہولتوں اور ادویات کی عدم دستیابی شہر میں پانی کی قلت محکمہ پی ایچ سی کے منصوبوں محکمہ خزانہ میں بھرتیوں وانا، سمبازہ اور قمرالدین کاریز شاہراہ کی عدم تعمیر جبکہ بجلی کی طویل اور غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ کے خلاف شکایات کرتے ہوئے ڈویژنل ڈائریکٹر کو تحریری درخواستیں پیش کیں اس موقع پر ڈویژنل ڈائریکٹر شیخ عصمت اللہ مندوخیل نے شہریوں کی شکایات غور سے سنیں اور یقین دہانی کرائی کہ موصول ہونے والی درخواستوں پر قانون اور متعلقہ قواعد کے مطابق کارروائی اوران کے ازالے کے لیے اقدامات کیے جائیں گے۔

بقیہ 19

متاثر ہوں گے۔ انہوں نے وفاقی اور صوبائی حکومتوں سے پرزور مطالبہ کیا کہ ادارے کی نجکاری اور لیز کی منسوخی کا فیصلہ فوری طور پر واپس لیا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت تمام ملازمین کی ملازمتوں، تنخواہوں اور دیگر طے شدہ مراعات کا تحفظ یقینی بنائے، اور ملازمین کی تعداد میں کمی سے قبل لیبر فیڈریشن کے نمائندوں سے باقاعدہ مشاورت کی جائے۔ اس کے علاوہ مقامی آبادی کے حقوق کے تحفظ کے لیے کارپوریٹ سوشل ریسپانسبلٹی (CSR) کے تحت فلاحی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔ ان کا کہنا تھا کہ قومی اداروں کو بیچنے کے بجائے بہتر انتظام، شفافیت اور موثر حکمت عملی کے ذریعے مضبوط بنایا جانا چاہیے۔

بقیہ 20

بھٹو کے شانہ بشانہ جمہوریت، عوامی حاکمیت اور سیاسی شعور کے فروغ کے لیے اہم کردار ادا کیا۔ شہید ذوالفقار علی بھٹو کی شہادت کے بعد انہوں نے جس حوصلے اور عزم کے ساتھ پارٹی کی قیادت سنبھالی اور کارکنوں کو متحد رکھا، وہ تاریخ کا ایک ناقابلِ فراموش باب ہے۔ انہوں نے مشکل حالات میں پارٹی کے نظریاتی تشخص کو برقرار رکھنے اور جمہوری جدوجہد کو جاری رکھنے کے لیے بے مثال قربانیاں دیں۔ سید اقبال شاہ نے کہا کہ بیگم نصرت بھٹو نے آمریت کے خلاف جدوجہد کرتے ہوئے ذاتی دکھوں، مشکلات اور آزمائشوں کے باوجود اصولوں پر سمجھوتہ نہیں کیا۔

بقیہ 21

مفادات کی خاطر پورے علاقے میں بلاخوف وخطر گٹکے ماوے کی سپلائی جاری وساری ہے کمشنر لسبیلہ ڈویژن محترمہ طاہرہ عطا ڈپٹی کمشنر حب جمعداد مندوخیل ایس ایس پی حب مرزا بلال احمد و دیگر ذمیداروں سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ فوری طور پر گٹکے ماوے و دیگر جے ایم شیکر وغیرہ کی کاروبار پر پابندی عائد کریں تا کہ اس سستی موت کو ہمیشہ کیلئے ختم کیا جاسکے۔

بقیہ 22

ہیں۔ سرگرمی کے دوران طلبہ نے مختلف سبق آموز کہانیوں کا مطالعہ کیا اور ان میں موجود اخلاقی اسباق کو سمجھنے کی کوشش کی۔ کہانیوں میں سچائی، دیانت داری، بڑوں کا احترام، والدین واساتذہ کی عزت، ضرورت مندوں کی مدد، محنت اور وقت کی پابندی جیسے موضوعات کو اجاگر کیا گیا۔ اساتذہ حیدر علی اور محمد اکبر نے طلبہ کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے کہا کہ کتابوں کا مطالعہ نہ صرف علم میں اضافہ کرتا ہے بلکہ سوچنے، سمجھنے اور اظہارِ خیال کرنے کی صلاحیتوں کو بھی بہتر بناتا ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ اخلاقی تعلیم کو صرف کتابوں تک محدود رکھنے کے بجائے عملی زندگی میں بھی اپنانا چاہیے۔

بقیہ 23

گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے واضح کیا کہ صوبے میں امن وامان کا قیام ہماری اولین ترجیح ہے اور خیبر پختونخوا کے عوام امن چاہتے ہیں، خیبر پختونخوا میں پائیدار امن واستحکام کے لیے وفاق کا تعاون ضروری ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف کی زیرصدارت اپیکس کمیٹی کے اجلاس میں گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ فوج، ایف سی اور پولیس نے خیبر پختونخوا میں امن وامان کے قیام کیلئے قیمتی جانوں کا نذرانہ پیش کیا، پاکستان کے تمام ادارے اگر ایک صفحے پر ہوں تو امن و ترقی کا عمل نہیں روکا جا سکتا، صوبے سے دہشت گردوں، ان کے سہولتکاروں اور مالی معاونت کاروں کا خاتمہ ہماری اولین ترجیح ہے۔ گورنر کے پی کے کا کہنا تھا کہ خیبر پختونخوا میں مسائل کے حل کیلئے قابلِ عمل حکمتِ عملی وضع کرنا ہمارا مقصد ہے، خیبر پختونخوا میں امن واستحکام کے لیے وفاق کے تعاون کے شکرگزار ہیں۔ فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ صوبے میں ایسا ماحول چاہتے ہیں جہاں ہر شہری خود کو محفوظ اور ترقی کے عمل کا حصہ سمجھے، تاہم خیبر پختونخوا کو امن، استحکام، ترقی اور خوشحالی کا مثالی صوبہ بنانا ہے، عوامی تحفظ اور خوشحالی کیلئے وفاق اور صوبے کے درمیان تعاون ضروری ہے۔

بقیہ 24

پاکستان تحریکِ انصاف کے سیکریٹری جنرل سلمان اکرم راجہ نے کہا ہے کہ مذاکرات کی ناکامی سے متعلق غلط بیانیہ بنایا گیا، مذاکرات کو جان بوجھ کر ناکام بنایا گیا۔ پشاور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ لانگ مارچ کا فیصلہ برقرار ہے، وزیرِ اعلی اور اسپیکر کو لاپتہ کیا گیا۔ سلمان اکرم راجہ کا کہنا ہے کہ ایم این ایز اور ایم پی ایز کو اٹھایا جا رہا ہے، محمود اچکزئی بانء پی ٹی آئی کے مقرر کردہ قائدِ حزبِ اختلاف ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آئندہ 10 روز میں آل پارٹیز کانفرنس بلا رہے ہیں، مولانا فضل الرحمٰن سمیت اہم سیاسی جماعتوں سے رابطے ہیں۔

بقیہ 25

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علمائے اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی امیر مولانا عبدالقادر لونی، مرکزی جنرل سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی، مرکزی نائب امرا مولانا عبدالوہاب ڈھیر اور مولانا عبدالروف، سرپرست اعلی مولانا ڈاکٹر شمس الہدی، مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی اور مرکزی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ نے کہا ہے کہ مفاہمت اور جمہوری عمل کے تسلسل سے ہی ملک کو درپیش چیلنجز کا پائیدار حل ممکن ہے، جبکہ سیاسی انتقامی کارروائیوں اور پارلیمنٹ کی تحقیر سے جمہوری نظام کمزور ہوتا ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں رہنماں نے کہا کہ ریاست کے بنیادی ستونوں کے درمیان عدم اعتماد کی خلیج بڑھ رہی ہے اور ملک اس وقت انتہائی نازک دور سے گزر رہا ہے۔ ان کے بقول حکومت کے غیر جمہوری اور غیر آئینی اقدامات نے قانون کی حکمرانی اور جمہوری عمل کو نقصان پہنچایا ہے، جبکہ اداروں کے درمیان کشیدگی ملک کو مزید سنگین آئینی وسیاسی بحران کی طرف دھکیل رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی انتقام اور اداروں کے درمیان تصادم ملک وقوم کے لیے نقصان دہ ثابت ہورہے ہیں۔ موجودہ بحرانوں سے نکلنے کے لیے تمام سیاسی قوتوں کے درمیان جامع اور سنجیدہ مذاکرات ناگزیر ہیں۔ ذاتی اور سیاسی اختلافات کو بالائے طاق رکھتے ہوئے میثاق جمہوریت اور میثاقِ معیشت پر اتفاق رائے پیدا کیا جائے تاکہ قومی پالیسیوں میں تسلسل برقرار رہ سکے۔

بقیہ 26

اوتھل (یو این اے) لسبیلہ ڈویژن کے عوامی حلقوں نے وزیراعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی، وفاقی وزیر تجارت نواب جام کمال خان عالیانی، کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطا بلوچ اور ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر سید فرید اللہ شاہ سے مطالبہ کیا ہے کہ ضلع لسبیلہ میں گردوں کے مریضوں کی بڑھتی ہوئی تعداد کے پیش نظر ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر اسپتال اوتھل میں ڈائیلاسز سینٹر کے قیام کے لیے فوری اور عملی اقدامات کیے جائیں تاکہ غریب اور متوسط طبقے سے تعلق رکھنے والے مریضوں کو علاج معالجے کی سہولت اپنے ہی ضلع میں میسر آسکے۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ لسبیلہ ڈویژن کا قیام خوش آئند ہے اور اوتھل ڈویژنل ہیڈکوارٹر ہونے کے ساتھ ضلع کا اہم انتظامی مرکز بھی ہے، تاہم گردوں کے مریضوں کے لیے ڈائیلاسز کی سہولت نہ ہونے کے باعث انہیں علاج کے لیے کراچی کا رخ کرنا پڑتا ہے۔ مریضوں کو ایک دن چھوڑ کر دوسرے دن ڈائیلاسز کروانے کے لیے طویل سفر کرنا پڑتا ہے، جس سے نہ صرف وقت اور پیسے کا ضیاع ہوتا ہے بلکہ مریضوں کو جسمانی تکلیف اور ان کے اہل خانہ کو شدید ذہنی و مالی پریشانی کا سامنا بھی کرنا پڑتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کراچی میں آئے روز ہڑتالوں، ٹریفک اور دیگر مسائل کے باعث بھی مریضوں کو مشکلات پیش آتی ہیں۔ بعض اوقات بروقت اسپتال نہ پہنچنے یا دیگر رکاوٹوں کی وجہ سے ڈائیلاسز کا مقررہ وقت بھی متاثر ہونے کا خدشہ رہتا ہے، جو گردوں کے مریضوں کے لیے مزید پریشانی کا باعث بنتا ہے۔ عوامی حلقوں کے مطابق یہ مسئلہ محض ایک مطالبہ نہیں بلکہ ایک سنگین انسانی اور طبی ضرورت ہے۔ بار بار کراچی سفر کرنے سے وقت اور اخراجات بڑھ جاتے ہیں۔

بقیہ 27

کوئٹہ (یو این اے) ریلوے ورکرز یونین (اوپن لائن) کوئٹہ ڈویژن کے ایک نمائندہ وفد نے ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ (ڈی ایس) ریلوے کوئٹہ محمد جہانزیب سے ان کے دفتر میں اہم ملاقات کی، جس میں ریلوے ملازمین اور مزدوروں کو درپیش مختلف درپیش مسائل اوران کی فلاح و بہبود کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کرنے والے وفد میں ریلوے ورکرز یونین اوپن لائن کوئٹہ ڈویژن کے صدر شیر محمد بلوچ، جنرل سیکرٹری محمد سلیم سرپرہ، چیف آرگنائزر سید محمد بگٹی، ڈپٹی چیف آرگنائزر احتشام حمید اور سینئر نائب صدر عرفان جان شامل تھے۔ اجلاس کے دوران وفد نے ڈی ایس ریلوے کوئٹہ کو ڈویژن بھر میں کام کرنے والے ریلوے ملازمین کی مشکلات، رہائشی وطبی سہولیات اور دیگر درپیش مسائل سے تفصیلاً آگاہ کیا۔ اس موقع پر ڈی ایس ریلوے کوئٹہ محمد جہانزیب نے ورکرز یونین کے وفد کے موقف کو غور سے سنا اور باہمی تعاون کو سراہتے ہوئے یقین دہانی کرائی کہ ریلوے مزدوروں کے تمام جائز مسائل اور مطالبات ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں گے۔ یونین کے وفد نے ڈی ایس کوئٹہ کے مثبت رویے، مسائل کے حل میں سنجیدگی اور تعاون پر ان کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 28

تحریک انصاف کے رکن وسابق میئر کوئٹہ رحیم کاکڑ نے افسوس کا اظہار کیا ہے کہ ایک طرف صوبے خصوصا کوئٹہ کو دہشتگردی نے تباہ کردیا دوسری طرف میٹروپولیٹن کا عملہ ختم ہوچکا ہے صفائی صفا فراڈ نامی ایک کرپٹ گروہ کو دیا گیا ہے شہر کے تمام اسٹریٹ لائٹس خراب اور بند ہوچکی ہے رات کے وقت پرا شہر آوارہ کتوں کے حوالے کوئٹہ کے ہوٹل فوڈ اتھارٹے کے حوالے بلڈنگ کوڈ 1935 کا اندازہ کوئٹہ میں بلند و بالا عمارتوں سے لگایا جاسکتا ہے صرف نام نہاد ترقیاتی عمل وہ صرف کرپشن کے حد تک ہے گزشتہ کافی عرصے سے ایک روپے کا کام زمین پر نہیں ہوا ہے ٹیکس کا نظام بھی پرائیوٹ لوگ وصول کررہے ہیں کوئٹہ کا مٹن مارکیٹ بلدیہ پلازہ سرکلر روڈ پارکنگ پلازہ بلدیہ ہوٹل ایئرپورٹ روڈ کا بیگرز ہوم نارکوٹیکس والوں نے قبضہ کیا بقایا جائیداد درج بالا سابق چیئرمین سینیٹ ایک صوبائی وزیر سابق کمشنر ایڈمنسٹریٹر نے یہ کارنامے کئے ہیں سب کا انجام زمانہ دیکھے گا کسی کے ساتھ رعایت نہیں ہوگی کوئٹہ میں باہر سے آکر اقتدار کے مزے کرپشن اور عیاشیاں کرنے والوں کا انجام زمانہ دیکھے گا۔

بقیہ 29

امریکا کا قومی قرض صرف دو ماہ کے دوران تقریبا 400 ارب ڈالر بڑھ کر 40.4 ٹریلین ڈالر کے قریب پہنچ گیا جس سے دنیا کی سب سے بڑی معیشت کو درپیش مالیاتی دبا اور حکومتی اخراجات کے استحکام پر سوالات اٹھنے لگے ہیں۔ روسی خبر رساں ادارے تاس کے مطابق امریکی محکمہ کی جانب سے جاری کردہ اعداد وشمار میں بتایا گیا ہے کہ امریکی قومی قرض 19 اگست 2026 کو 40 ٹریلین ڈالر کی ریکارڈ سطح پر پہنچا تھا جس کے بعد اس میں مزید تقریبا ایک فیصد اضافہ ہوا۔ امریکی ماہرین کی پیش گوئیوں کے مطابق آئندہ ایک دہائی میں ملک کا قومی قرض مجموعی قومی پیداوار) جی ڈی پی (کے تقریبا 120 فیصد تک پہنچ سکتا ہے۔ اس صورت میں وفاقی حکومت کا مجموعی قرض امریکا کی ایک سال کے دوران پیدا ہونے والی تمام اشیا اور خدمات کی مالیت سے بھی بڑھ جائے گا۔ قرض کا بڑھتا ہوا حجم امریکی حکومت کے بجٹ پر بھی بھاری پڑ رہا ہے۔ امریکا سالانہ تقریبا 970 ارب ڈالر صرف قومی قرض پرسود کی ادائیگیوں کے لیے خرچ کرتا ہے جو دفاعی اخراجات سے بھی زیادہ ہے۔ 2020 کے بعد قرض پر سود کی ادائیگیوں کے اخراجات تقریبا تین گنا ہوچکے ہیں، جس سے حکومتی وسائل پر دبا بڑھ رہا ہے۔ پیٹرسن انسٹی ٹیوٹ فار انٹرنیشنل اکنامکس کے مطابق اگر حکومتی اخراجات یا ٹیکسوں کے نظام میں اصلاحات نہ کی گئیں تو امریکی قومی قرض آئندہ چھ برس میں 50 ٹریلین ڈالر تک پہنچ سکتا ہے۔ معاشی ماہرین کے لیے اصل تشویش صرف قرض کی ریکارڈ سطح نہیں بلکہ اس کی رفتار سے بڑھتی ہوئی سود کی ادائیگیاں بھی ہیں۔ قرض پرائیگیوں کے اخراجات تقریبا تین گنا ہوچکے ہیں، جس سے حکومتی وسائل پر دبا بڑھ رہا ہے۔

بقیہ 30

نامے کے مطابق صدارتی حکم نامے اور سرکاری رہائش گاہ خالی کرنے کے حکم میں اسپیکر اور ڈپٹی اسپیکر کے عہدوں کا ذکر نہیں ہے۔ کیس کی سماعت میں ڈپٹی اسپیکر کے وکیل نے مقف اختیار کیا کہ خیبر پختونخوا اسپیکر اور ڈپٹی اسپیکر ایکٹ 2026 کے تحت ڈپٹی اسپیکر سرکاری رہائش گاہ استعمال کرنے کا حق رکھتے ہیں۔ عہدے کی مدت کے دوران قانون نافذ کرنے والے ادارے سرکاری رہائش گاہ پر چھاپا نہیں مار سکتے۔ ایڈووکیٹ جنرل نے مقف اختیار کیا

روزنامہ اطلاع عام کوئٹہ

کوئٹہ، صوبائی وزراء بخت محمد کاکڑ، میر سلیم احمد خان کھوسہ، حاجی علی مدد جتک، پارلیمانی سیکرٹریز حاجی محمد خان لہڑی، عبدالصمد خان گورگیج اور میر اصغر رند اسمبلی اجلاس میں بات چیت کر رہے ہیں

# پختونخوا؛ پی ٹی آئی پارلیمانی پارٹی کا مذاکرات میں علی امین گنڈاپور کی نمائندگی کا مطالبہ

### مذاکرات میں صوبائی پارلیمانی پارٹی کو نمائندگی دی جائے، علی امین گنڈاپور صوبے کی جانب سے نمائندگی کریں، اعلامیہ

پشاور (اے این این) خیبر پختونخوا اسمبلی میں پی ٹی آئی کی پارلیمانی پارٹی کے اجلاس کے متفقہ اعلامیے میں مذاکراتی عمل میں صوبائی نمائندگی دینے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ مذاکرات میں صوبائی پارلیمانی پارٹی کو نمائندگی دی جائے اور علی امین گنڈاپور صوبے کی جانب سے نمائندگی کریں۔ پارلیمانی پارٹی کے اعلامیے کے مطابق آئینی طور پر سہیل آفریدی وزیراعلیٰ اور جنید اکبر صوبائی صدر ہیں۔ اجلاس میں آئینی و تنظیمی عہدوں سے متعلق نہ کوئی فیصلہ کیا جا سکتا ہے اور نہ ایسا کوئی فیصلہ کیا گیا ہے۔ اعلامیے میں مرکزی سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجہ کے بیان اور پوسٹ پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے چیئرمین بیرسٹر گوہر سے پوسٹ کا نوٹس لینے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ اسی طرح پارٹی قیادت سے بھی مطالبہ کیا گیا ہے کہ وہ فوری طور پر واضح اور موثر احتجاجی لائحہ عمل دے۔ خیبر پختونخوا اسمبلی میں پی ٹی آئی کی پارلیمانی پارٹی کے اجلاس کے متفقہ اعلامیے میں مذاکراتی عمل میں صوبائی نمائندگی دینے کا مطالبہ کیا گیا

(بقیہ 33 اندرونی صفحہ 3 پر)

# خلیج فارس میں 4 جہاز بارودی سرنگوں سے ٹکرا گئے

### چاروں جہاز غیر قانونی طور پر تیل کی ترسیل کر رہے تھے، پاسدارانِ انقلاب

تہران (اے این این) خلیج فارس میں 4 جہاز بارودی سرنگوں سے ٹکرا گئے۔ ایرانی پاسدارانِ انقلاب کی جانب سے کہا گیا ہے کہ بارودی سرنگوں سے ٹکرانے کے باعث جہازوں میں آگ لگ گئی۔ پاسدارانِ انقلاب نے الزام عائد کیا ہے کہ چاروں جہاز غیر قانونی طور پر تیل کی ترسیل کر رہے تھے۔ ایرانی پاسدارانِ انقلاب کا کہنا ہے کہ اشتعال انگیزی جاری رہی تو امریکا کے علاقائی اڈوں کو نشانہ بنائیں گے۔ 2 دن قبل ایرانی پاسدارانِ انقلاب کی جانب سے کہا گیا تھا کہ آبنائے ہرمز میں 2 ٹینکر بحری بارودی سرنگوں سے ٹکرا گئے۔ ایرانی پاسدارانِ انقلاب کا کہنا تھا کہ بارودی سرنگوں سے ٹکرا کر دونوں ٹینکروں میں آگ لگ گئی۔ خلیج فارس میں 4 جہاز بارودی سرنگوں سے ٹکرا گئے۔ ایرانی پاسدارانِ انقلاب کی جانب سے کہا گیا ہے کہ بارودی سرنگوں سے ٹکرانے کے باعث جہازوں میں آگ لگ گئی۔ پاسدارانِ انقلاب نے الزام عائد کیا ہے کہ

(بقیہ 34 اندرونی صفحہ 3 پر)

# جھل مگسی، مغوی کے ضعیف والدین کی قرآنِ پاک اٹھا کر بیٹے کی بحفاظت رہائی کی اپیل

### ہمارے بڑھاپے اور معصوم بچوں کی بے بسی پر رحم کر کے بیٹے کو واپس لوٹایا جائے، صوفی لیاقت علی اور والدہ کی دردبھری فریاد

جھل مگسی (یو این اے) ضلع جھل مگسی کی تحصیل گنداواہ کے علاقے کھاری میں واقع ہائی اسکول سے چند روز قبل پراسرار طور پر اغوا کیے گئے مولوی صادق علی کے ضعیف والد صوفی لیاقت علی اور بوڑھی والدہ نے ہاتھوں میں مقدس قرآنِ پاک اٹھا کر اپنے بیٹے کی فوراً بحفاظت رہائی کی دردبھری اپیل کی ہے۔ گنداواہ شہر سے تعلق رکھنے والے مغوی کے والدین نے میڈیا اور تمام معززین کے سامنے شدید رقت آمیز انداز میں فریاد کرتے ہوئے کہا کہ ان کے بیٹے کو خدارا بحفاظت رہا کر کے ان کا گھر اجڑنے سے بچایا جائے۔ انہوں نے روتے ہوئے کہا کہ ان کے بڑھاپے، ایک ماں کی ممتا اور معصوم و بے بس بچوں کی حالت زار پر رحم کھایا جائے اور ان کے بے گناہ بیٹے کو رہا کر کے ان کے گھر کی اجڑی ہوئی خوشیاں لوٹائی جائیں۔ واضح رہے کہ چند روز

(بقیہ 46 اندرونی صفحہ 3 پر)

# ڈپٹی جنرل سیکرٹری پی ٹی آئی فردوس شمیم نقوی نے استعفیٰ دیدیا، جو منظور نہیں کیا: بیرسٹر گوہر

اسلام آباد (اے این این) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر علی خان نے بتایا ہے کہ میں نے پی ٹی آئی کے ڈپٹی جنرل سیکرٹری فردوس شمیم نقوی کا استعفیٰ منظور نہیں کیا۔ بیرسٹر گوہر علی خان نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا ہے کہ پی ٹی آئی کے ڈپٹی جنرل سیکرٹری فردوس شمیم نقوی نے اپنا استعفیٰ پیش کیا، میں نے استعفیٰ منظور کرنے سے انکار کر کے واپس کر دیا۔ انہوں نے مزید بتایا ہے کہ فردوس شمیم نقوی نے استعفیٰ 5 دن قبل دیا تھا۔ چیئرمین پی ٹی

(بقیہ 32 اندرونی صفحہ 3 پر)

# بیرسٹر عقیل ملک کی جمہوریہ کوریا کے قومی دن اور یوم مسلح افواج کی تقریب میں شرکت

اسلام آباد (سی ایم لنکس): وزیر مملکت برائے قانون و انصاف بیرسٹر عقیل ملک نے جمہوریہ کوریا کے قومی دن اور یوم مسلح افواج کے موقع پر منعقدہ استقبالیہ تقریب میں شرکت کی۔ تقریب میں وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری، پاکستان میں جمہوریہ کوریا کے سفیر عزت مآب ہان سنگ ہو (SunghoHan) اور سفارتی کور کے ارکان بھی شریک ہوئے۔ تقریب میں پاکستان اور

(بقیہ 35 اندرونی صفحہ 3 پر)

# بلوچستان کے اہل امیدواروں کی وفاقی ملازمتوں میں بھرتیوں کے لیے سیل قائم کر دیا

اسلام آباد (جی این ایم) بلوچستان کے اہل امیدواروں کی وفاقی ملازمتوں میں بھرتیوں کے لیے سیل قائم کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی حکومت نے بلوچستان کے اہل امیدواروں کو وفاقی ملازمتوں میں بھرتی کے عمل کو آسان بنانے اور ان کے لیے روزگار کے مواقع یقینی بنانے کے لیے ایک اہم اور بڑا اقدام کیا۔ اسٹیبلشمنٹ ڈویژن میں بلوچستان فیڈرل ایمپلائمنٹ فسلیٹیشن سیل قائم کر دیا گیا ہے، جس کا

(بقیہ 45 اندرونی صفحہ 3 پر)

# ہر پارٹی میں جاگیردار موجود ہیں: حافظ نعیم الرحمٰن

### 42 سال سے پاکستان میں سیاست کی نرسری بند ہے، مرکزی امیر جماعت اسلامی

کراچی (اے این این) جماعت اسلامی کے امیر حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ ہر پارٹی میں جاگیردار موجود ہیں، 42 سال سے پاکستان میں سیاست کی نرسری بند ہے۔ کراچی میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جامعہ کراچی کو سندھ حکومت کی جانب سے گرانٹ نہیں دی جاتی، جامعہ کا انفرااسٹرکچر تباہ حالی کا شکار ہے۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ کراچی یونیورسٹی میں پہلے 125 پوائنٹس چلتے تھے، ٹانز اگلے سال یونیورسٹی کے لیے 10

(بقیہ 28 اندرونی صفحہ 3 پر)

# پختونخوا میں گورنر راج کے بعد تحریک انصاف سے پہلا استعفیٰ

### آپ بانی چیئرمین کے اچھے اور پرانے ساتھی ہیں، ذمے داریاں نبھاتے رہیں، چیئرمین کا جواب

اسلام آباد (جی این ایم) خیبر پختونخوا میں گورنر راج کے بعد پاکستان تحریک انصاف سے پہلا استعفا سامنے آ گیا۔ ذرائع کے مطابق پی ٹی آئی کے ایڈیشنل سیکرٹری جنرل اپنے عہدے سے مستعفی ہو گئے ہیں۔ فردوس شمیم نقوی نے اپنا استعفا پارٹی قیادت کو بھجوا دیا ہے۔ واضح رہے کہ بیرسٹر گوہر نے گزشتہ دنوں فردوس شمیم نقوی کو مشعال یوسفزئی کو

(بقیہ 31 اندرونی صفحہ 3 پر)

# پاکستان کا پہلا خلاباز چین سے خلائی سفر کیلئے تیار

### 25 نومبر کو پاکستان کا پہلا خلاباز چین کے خلائی مرکز سے خلا کے سفر پر روانہ ہوگا

اسلام آباد (اے این این) 25 نومبر 2026 کو پاکستان کا پہلا خلاباز چین کے خلائی مرکز سے خلا کے سفر پر روانہ ہوگا۔ اس اہم مشن کیلئے پاکستان کے دو پائلٹس، محمد ذیشان علی اور خرم داد، کو چین میں سخت طبی، نفسیاتی اور تکنیکی جانچ کے بعد خصوصی خلائی تربیت دی گئی ہے۔ اس خلائی سفر کیلئے ان میں سے ایک پائلٹ کو حتمی طور پر منتخب کیا جائے گا، جو چین کے خلائی اسٹیشن پر پاکستان کی نمائندگی کرے گا۔ یہ خلاباز صرف خلا کا وزٹ نہیں کرے گا، بلکہ وہاں سائنسی تجربات بھی انجام دے گا۔ ان تجربات میں بایوٹیکنالوجی اور زندگی سے متعلق تحقیق شامل ہے،

(بقیہ 36 اندرونی صفحہ 3 پر)

# سپریم کورٹ نے جمشید دستی کی ضمانت میں 4 نومبر تک توسیع کر دی

### جعلی ڈگری کیس کی سماعت جسٹس ملک شہزاد احمد کی سربراہی میں 2 رکنی بینچ نے کی

اسلام آباد (جی این ایم) سپریم کورٹ نے جعلی ڈگری کے معاملے میں فوجداری کارروائی سے متعلق کیس کی سماعت کرتے ہوئے جمشید دستی کی ضمانت میں 4 نومبر تک توسیع کر دی ہے جسٹس ملک شہزاد احمد کی سربراہی میں 2 رکنی بینچ نے کیس کی ساعت کی عدالت نے وفاق اور تمام صوبوں سے سابق رکن قومی اسمبلی جمشید دستی کے خلاف درج مقدمات کا ریکارڈ طلب کر لیا۔ عدالت نے ریمارکس دیے کہ جائزہ لیا جائے گا کہ آیا یہ کیس 2 رکنی بینچ سن سکتا ہے یا نہیں بعد ازاں سپریم کورٹ نے کیس کی مزید سماعت 4 نومبر تک ملتوی کر دی۔ سپریم کورٹ نے جعلی ڈگری کے معاملے میں فوجداری کارروائی سے متعلق کیس کی سماعت کرتے ہوئے جمشید دستی کی ضمانت میں 4 نومبر تک توسیع کر دی ہے جسٹس ملک شہزاد احمد کی سربراہی میں 2 رکنی بینچ نے کیس کی

(بقیہ 38 اندرونی صفحہ 3 پر)

# سعودی دمام ایئرپورٹ اور آئل فیلڈ پر حملے 3 افراد ہلاک پاکستانی سمیت 10 زخمی

### حملے میں زخمی ہونے والوں کی چوٹیں معمولی سے شدید نوعیت کی ہیں، تاہم حملے میں استعمال ہونے والے ڈرون یا اس کے ماخذ کے بارے میں کوئی تفصیل نہیں دی گئی

### سعودی قیادت میں قائم اتحاد نے گذشتہ چند گھنٹوں کے دوران تیل سے مالا مال مشرقی علاقے میں پانچ ڈرون مار گرانے کا دعویٰ کیا ہے

ریاض (اے این این) سعودی عرب کے جنرل اتھارٹی آف سول ایوی ایشن نے کہا ہے کہ مشرقی شہر دمام میں واقع کنگ فہد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر حملہ کیا گیا، جس کے نتیجے میں ایک شخص ہلاک اور 8 افراد زخمی ہو گئے۔ ادارے نے ایک بیان میں کہا کہ حملے میں زخمی ہونے والوں کی چوٹیں معمولی سے شدید نوعیت کی ہیں، تاہم حملے میں استعمال ہونے والے ڈرون یا اس کے ماخذ کے بارے میں کوئی تفصیل نہیں دی گئی۔ دریں اثنا سعودی قیادت میں قائم اتحاد نے گذشتہ چند گھنٹوں کے دوران تیل سے مالا مال مشرقی علاقے میں پانچ ڈرون مار گرانے کا دعویٰ کیا ہے۔ سعودی وزارتِ توانائی نے الگ بیان میں بتایا کہ مشرقی صوبے میں واقع شیبہ آئل فیلڈ کو نشانہ بنانے والے ایک ڈرون کو روکنے کی کارروائی

(بقیہ 27 اندرونی صفحہ 3 پر)

# واشنگٹن مشرق وسطیٰ کے تحفظ کا ضامن نہیں، اپنی حفاظت خود کریں، امریکی سفیر

### دوسری جنگِ عظیم کے بعد قائم ہونے والا سیکیورٹی نظام ایک باہمی معاہدے پر مبنی تھا

استنبول (اے این این) ترکی میں امریکی سفیر اور شام وعراق کے لیے صدارتی ایلچی، ٹام بیرک نے کہا کہ امریکہ اب تیل کے بدلے مشرقِ وسطیٰ کو تحفظ فراہم کرنے کا اپنا کردار مزید ادا نہیں کر سکتا۔ انہوں نے خطے کے ممالک کو مشورہ دیا کہ وہ اپنی سلامتی کو یقینی بنانے پر توجہ دیں۔ دی وال اسٹریٹ جرنل کی رپورٹ کے مطابق، قطر کے دارالحکومت دوحہ میں منعقدہ گلوبل سیکیورٹی فورم جو ایک سالانہ تقریب ہے اور جس میں دنیا بھر سے اعلیٰ سیکیورٹی حکام اور ماہرین شرکت کرتے ہیں، سے خطاب کرتے ہوئے بیرک نے کہا کہ امریکہ، جو گزشتہ 80 برسوں سے دنیا کی سلامتی کا ضامن رہا ہے، اب یہ کردار مزید ادا نہیں کر سکتا۔ انہوں نے مزید کہا کہ موجودہ انتظامیہ کے اقدامات کا مطلب یہ نہیں کہ وہ خطے کو ترک کر رہی ہے، بلکہ یہ حکمتِ عملی کی ازسرِنو ترتیب ہے۔ یہ کوئی آسان کام نہیں ہے بالکل اسی طرح جیسے نوعمر بچوں کی پرورش کرنا۔ بیرک نے کہا کہ دوسری جنگِ عظیم کے بعد قائم ہونے والا سیکیورٹی نظام ایک باہمی معاہدے پر مبنی تھا، جس کے تحت امریکہ تیل کی فراہمی کے بدلے تحفظ فراہم کرتا تھا تاہم اب یہ انتظام امریکی پالیسی کی ترجیحات سے ہم آہنگ نہیں رہا۔ انہوں نے وضاحت کی کہ امریکی عوام مشرقِ وسطیٰ کے لیے مزید قربانیاں دینے کے خواہشمند نہیں

(بقیہ 29 اندرونی صفحہ 3 پر)

# پاکستان نے قطر سے ایل این جی کا ایک کارگو حاصل کر لیا

کراچی (اے این این) پاکستان نے قطر سے ایل این جی کا ایک کارگو حاصل کر لیا۔ ذرائع وزارت توانائی کے مطابق اکتوبر کیلئے قطر سے دوسرا ایل این جی کارگو پاکستان پہنچا۔ معاہدے کے تحت آنے والے قطری کارگوز کی قیمت اسپاٹ کارگو سے آدھی ہے۔ قطری کارگوز سے گیس 14 سے 15 ڈالر ہے جبکہ اسپاٹ مارکیٹ کی گیس قیمت 30 ڈالر فی ایم ایم بی ٹی یو تک ہے۔ پاکستان نے قطر سے ایل این جی کا ایک کارگو حاصل کر لیا۔ ذرائع وزارت توانائی کے مطابق اکتوبر کیلئے قطر سے دوسرا ایل این جی کارگو پاکستان پہنچا۔ معاہدے کے تحت آنے

(بقیہ 30 اندرونی صفحہ 3 پر)

# مالدیپ کی خاتون اول کی آصفہ بھٹو زرداری سے ملاقات، پرتپاک میزبانی پر اظہار تشکر

اسلام آباد (یو این اے) مالدیپ کی خاتون اول ساجدہ محمد نے خاتون اول بی بی آصفہ بھٹو زرداری سے ملاقات کو خوشگوار قرار دیتے ہوئے ان کی پرتپاک میزبانی اور خلوص پر اظہار تشکر کیا ہے۔ سماجی رابطے کے پلیٹ فارم ایکس پر اپنی پوسٹ میں مالدیپ کی خاتون اول ساجدہ محمد نے کہا کہ انہیں پاکستان کی خاتون اول بی بی آصفہ بھٹو زرداری سے ملاقات

(بقیہ 37 اندرونی صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، صوبائی مشیر ربابہ بلیدی سے ڈائریکٹر جنرل بی ایس سی اے ڈاکٹر حفیظ احمد جمالی، ڈی جی (نیپا) کوئٹہ ڈاکٹر سید علی رضا شاہ و دیگر ملاقات کر رہے ہیں

# وفاقی حکومت نے ٹائروں اور موٹر سائیکل پرزہ جات کے نئے کسٹمز کوڈز جاری کر دیے

### حکومت نے کسٹمز نوٹیفکیشن میں ترمیم کرتے ہوئے نئے پی سی ٹی کوڈز شامل کر دیئے

اسلام آباد (اے این این) وفاقی حکومت نے کسٹمز نوٹیفکیشن ایس آر او 693(I)/2006 میں ترمیم کرتے ہوئے نئے پی سی ٹی کوڈز شامل کر دیے۔ وزارت خزانہ کے ریونیو ڈویژن نے ایس آر او 1898(I)/2026 جاری کیا ہے۔ اس کے تحت ہیوی کمرشل گاڑیوں کے ریڈیل ٹائروں کے لیے پی سی ٹی کوڈ 4011.2091 اور دیگر ٹائروں کے لیے 4011.2099 مقرر کیا گیا ہے۔ اسی طرح موٹر سائیکلوں کے مختلف پرزہ جات کے لیے پی سی ٹی کوڈ 8714.1090 شامل کیا گیا ہے، جس میں نمبر پلیٹ، بریکٹ، سائیڈ ریفلیکٹرز، دائیں اور بائیں سائیڈ پلیٹس، فرنٹ ڈیکوریٹو کنکشن پارٹ، فٹ پلیٹ، وہیل اسمبلی اور ونڈ اسکرین کے پرزہ

(بقیہ 40 اندرونی صفحہ 3 پر)

# دشمن صرف طاقت کی زبان سمجھتا ہے، ڈرون ٹیکنالوجی میں ترقی کر لی، پاسداران انقلاب

تہران (اے این این) احمد واحدی نے دعویٰ کیا کہ ایران سمندر میں بھی اپنی مضبوط موجودگی برقرار رکھے ہوئے ہیا ایران کی پاسدارانِ انقلاب کے سربراہ احمد واحدی نے کہا ہے کہ دشمن طاقت کے سوا کوئی زبان نہیں سمجھتا جس کے لیے ایران نے ڈرون ٹیکنالوجی اور بغیر پائلٹ فضائی طیاروں کے شعبے میں نمایاں پیش رفت حاصل کر لی ہے۔ ایرانی سرکاری

(بقیہ 39 اندرونی صفحہ 3 پر)

# صحبت پور، پولیس کی کامیاب کارروائی، مطلوب خطرناک موٹر سائیکل ڈکیت گرفتار

### ملزم ذاکر حسین صحبت پور اور نصیر آباد کے متعدد تھانوں کو ڈکیتی کے مقدمات میں مطلوب تھا، تفتیش جاری

صحبت پور (یو این اے) ضلع صحبت پور میں پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے مختلف پولیس تھانوں کو مطلوب خطرناک موٹر سائیکل ڈکیت کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق تھانہ ملک محمد علی شہید کے حامد علی بمبل نے دیگر پولیس افسران کے ساتھ معمول کی چیکنگ کے دوران کارروائی کرتے ہوئے ملزم ذاکر حسین ولد عبدالرشید کو گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزم صحبت پور اور ضلع نصیر آباد کے مختلف تھانوں کی پولیس کو موٹر سائیکل ڈکیتی اور راہزنی کی سنگین وارداتوں میں مطلوب تھا۔ پولیس ذرائع نے بتایا کہ گرفتار ملزم کو تحویل میں لے کر باقاعدہ تفتیش کا آغاز کر دیا گیا ہے اور اس سے دیگر وارداتوں کے حوالے سے مزید سنسنی خیز انکشافات کی توقع ہے۔ ضلع صحبت پور میں پولیس

(بقیہ 41 اندرونی صفحہ 3 پر)

# امریکا و اسرائیل کا انتخابات کے بعد ایران پر نئے حملوں کا منصوبہ تیار

نیویارک (اے این این) امریکی اور اسرائیلی افواج نے امریکی وسط مدتی انتخابات کے بعد ایران پر دوبارہ حملوں کے منصوبے تیار کر لیے۔ امریکی اخبار دی نیویارک ٹائمز کی رپورٹس کے مطابق امریکی و اسرائیلی افواج کے ممکنہ اہداف میں ایرانی توانائی کے بنیادی ڈھانچے، جوہری تنصیبات، میزائل اور ڈرونز

(بقیہ 42 اندرونی صفحہ 3 پر)

# پاکستان معاشی استحکام کیلئے سرمایہ کاری کے نئے مواقع پیدا کر رہا ہے، قیصر احمد شیخ

### چین کے معاشی ترقی کے تجربے سے استفادہ کرنے اور باصلاحیت افرادی قوت کو بروئے کار لانے کی ضرورت ہے

### سرمایہ کاری میں اضافے کے لیے پالیسیوں میں تسلسل اور بروقت فیصلے ناگزیر ہیں، وفاقی وزیر برائے سرمایہ کاری

اسلام آباد (یو این اے) وفاقی وزیر برائے سرمایہ کاری قیصر احمد شیخ نے کہا ہے کہ پاکستان معاشی استحکام اور پائیدار ترقی کے لیے سرمایہ کاری کے نئے مواقع پیدا کرنے کے لیے مسلسل کوشاں ہے، سرمایہ کاری معاشی بحالی کا بنیادی ذریعہ ہے جو روزگار کے مواقع پیدا کرنے، جدید ٹیکنالوجی کے فروغ اور پیداواری صلاحیت میں اضافے میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار اسلام آباد میں سی ای او سمٹ 2026 سے خطاب کے دوران کیا۔ سمٹ کا موضوع مشکل حالات میں نمو: مستقبل کی نئی تشکیل تھا جس میں ممتاز کاروباری شخصیات، چیف ایگزیکٹوز اور سفارتکاروں نے شرکت کی۔ قیصر احمد شیخ نے کہا کہ پاکستان کو چین کے معاشی ترقی کے تجربے سے استفادہ کرنا چاہیے

(بقیہ 44 اندرونی صفحہ 3 پر)

# کوئٹہ، بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں موسم خشک، شمالی و وسطی علاقوں میں صبح اور شام خنکی برقرار

### قلات میں درجہ حرارت 2، زیارت میں 3 اور کوئٹہ میں 8 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ، محکمہ موسمیات

کوئٹہ (یو این اے) محکمہ موسمیات کی جانب سے جاری کردہ رپورٹ کے مطابق بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں موسم عموماً خشک ہے، جبکہ کوئٹہ سمیت صوبے کے شمالی اور وسطی اضلاع میں صبح اور شام کے اوقات میں خنکی کی شدت میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران صوبے کے سرد ترین علاقوں میں قلات رہا جہاں کم سے کم درجہ حرارت 2 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔ اس کے علاوہ زیارت میں کم سے کم درجہ حرارت 3، کوئٹہ اور چمن میں 8، جبکہ ژوب میں 14 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔ دوسری جانب معتدل اور ساحلی علاقوں کی صورتحال کے مطابق نوکنڈی میں کم سے کم درجہ حرارت 20، تربت اور گوادر میں 22، جبکہ سبی اور جیوانی میں 23 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔ محکمہ موسمیات نے آنے والے دنوں میں شمالی علاقوں میں رات کے اوقات میں سردی مزید بڑھنے کا امکان ظاہر کیا ہے۔ محکمہ

(بقیہ 43 اندرونی صفحہ 3 پر)

# معاشی استحکام کے بعد برآمدات پر مبنی پائیدار ترقی ترجیح ہے، بلال اظہر

### طویل المعیاد بنیادوں پر مطلوبہ نتائج کے حصول کے لیے مالیاتی وفاقیت سے متعلق مسائل حل کرنا ہوں گے، وزیر مملکت برائے خزانہ و محصولات

### وسائل کی نچلی سطح تک منصفانہ تقسیم اور مالیاتی وفاقیت کے مسائل حل کرنا ضروری ہیں، کا سی ای او سمٹ سے خطاب

اسلام آباد (یو این اے) وزیر مملکت برائے خزانہ و محصولات بلال اظہر کیانی نے کہا ہے کہ معاشی استحکام کے بعد برآمدات پر مبنی پائیدار ترقی کا حصول حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، طویل المعیاد بنیادوں پر مطلوبہ نتائج کے حصول کے لیے مالیاتی وفاقیت سے متعلق مسائل حل کرنا ہوں گے، صوبوں کے ترقیاتی اخراجات کو قومی ترجیحات سے ہم آہنگ کرنے کے ساتھ ساتھ اضلاع میں وسائل کی منصفانہ تقسیم اور ان کے موثر استعمال کو بھی یقینی بنانا ضروری ہے۔ جمعرات کو یہاں سی ای او سمٹ سے خطاب کرتے ہوئے وزیر مملکت نے کہا کہ ان گزشتہ دو سال کے دوران پاکستان نے معاشی استحکام کے حصول میں نمایاں پیش رفت کی ہے، پالیسی ریٹ اور مہنگائی میں کمی آئی ہے، جی ڈی پی

(بقیہ 48 اندرونی صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان شیخ محمد بن زید النہیان کارڈیالوجی ہسپتال کے ایگزیکٹو کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

# کوئٹہ-چمن شاہراہ پر پرائیویٹ چیک پوسٹیں اور اسلحہ کی نمائش ناقابل برداشت ہے، پشتونخوا میپ

### ٹرکوں کو زبردستی خالی کرانے، بھتہ خوری، ڈرائیوروں پر تشدد اور مسافروں کو ہراساں کرنے کی شدید مذمت کرتے ہیں

چمن (اے این این) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع چمن نے کوئٹہ-چمن قومی شاہراہ پر جاری بدامنی، بھتہ خوری اور نجی ملیشیا کی جانب سے قائم پرائیویٹ چیک پوسٹوں پر شدید تشویش اور مذمت کا اظہار کیا ہے۔ پارٹی کے ضلعی سیکرٹریٹ کی جانب سے جاری کردہ بیان میں کہا گیا ہے کہ کوئٹہ-چمن شاہراہ جو کہ ایک عالمی اور تجارتی گزرگاہ ہے، اسے مکمل طور پر سماج دشمن، جرائم پیشہ عناصر، خطرناک ملزمان، قاتلوں، ڈاکوؤں اور اغواء کاروں کے حوالے کر دیا گیا ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ بھتہ خوری اور لوٹ مار کا سلسلہ گزشتہ کئی عرصے سے بڑی دیدہ دلیری اور ڈھٹائی سے جاری و ساری ہے شاہراہ پر مال بردار ٹرکوں اور دیگر گاڑیوں سے زبردستی بھتہ وصول کیا جا رہا ہے اور مال کو زبردستی خالی کرایا جا رہا ہے۔

# قائدِ جمعیت مولانا فضل الرحمٰن کے خلاف منفی پروپیگنڈا مہم کی جے یو آئی کوئٹہ کی شدید مذمت

### سیاسی اختلاف کا جواب کردارکشی سے دینا دلیل کی کمزوری اور سیاسی دیوالیہ پن ہے، مولانا عبدالرحمٰن رفیق

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، مولانا محب اللہ، مولانا محمد ایوب، شیخ مولانا عبدالاحد محمد حسنی، مولانا سعید احمد، حافظ سراج الدین، مفتی محمد روزی خان بادیزئی، مولانا محمد شعیب جدون، رحیم الدین ایڈووکیٹ اور مولانا محمد عارف شمشیر نے کہا ہے کہ قائد جمعیت حضرت مولانا فضل الرحمٰن کے خلاف منظم منفی پروپیگنڈا مہم اور کردارکشی کے لیے مخصوص عناصر کو استعمال کرنا جمہوری اقدار کی صریح نفی اور قابلِ مذمت طرزِ عمل ہے۔ کے لیے منفی مہمات کا سہارا لینا کسی صورت قابلِ قبول نہیں۔

کوئٹہ، صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ اور رکن صوبائی اسمبلی ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ اسمبلی اجلاس کے اختتام پر بات چیت کر رہے ہیں

# اصغر خان اچکزئی کی گرفتاری قابل مذمت ہے، رحیم زیارتوال

### سیاسی لوگوں کیخلاف انتقام پر مبنی کارروائیاں جاری ہے، جھوٹا مقدمہ فوری ختم اور انہیں رہا کیا جائے، بیان

کوئٹہ (اے این این) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال نے اپنے پریس ریلیز میں عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی کو قتل دروغ گوئی پر مشتمل مقدمے میں گرفتاری قابلِ مذمت ہے۔ اصغر خان کی گرفتاری دراصل تعصب کی بنیاد پر کی گئی ہے انکے خلاف مقدمہ دروغ گوئی اور جھوٹ پر مبنی ہے۔ پارٹی اصغر خان کی گرفتاری کی مذمت کرتی اور انکی فوری رہائی کا مطالبہ کرتی ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ سیاسی لوگوں کے خلاف انتقام پر مبنی کارروائیاں جاری ہے جس کے خلاف ہر قومی، سیاسی، جمہوری، وطن دوست اور قام دوست پارٹیوں کا فرض بنتا ہے کہ وہ اس بحرانی صورتحال کے خلاف اپنا جمہوری کردار ادا کریں۔ بیان کے آخر میں کہا گیا ہے

# گنداواہ میں ہائی اسکول کے چپڑاسی عبدالرشید دیناری اغوا کے بعد قتل، لاش برآمد

جھل مگسی (اے این این) تحصیل گنداواہ کے علاقے کھاری میں ہائی اسکول کے چپڑاسی کو اغوا کے بعد قتل کر دیا گیا، جس کی لاش گھاترہ کے قریب کوٹڑہ سے برآمد ہوئی۔ واقعے کے بعد علاقے میں تشویش کی لہر دوڑ گئی۔ پولیس ذرائع کے مطابق مقتول عبدالرشید دیناری کو گزشتہ روز مسلح افراد نے اسکول سے اغوا کیا تھا، بعدازاں انہیں قتل کر دیا گیا۔ ان کی لاش گھاترہ کے قریب کوٹڑہ سے برآمد ہوئی۔

# اوستہ محمد، ٹریفک پولیس کا فینسی نمبر پلیٹس، سیاہ شیشوں اور سرچ لائٹس کے خلاف کریک ڈاون

### متعدد گاڑیوں کا سامان ضبط، چالان پیش، عوام کی جانب سے ٹریفک حکام کی کارروائی کا خیرمقدم

اوستہ محمد (یو این اے) اوستہ محمد ٹریفک پولیس نے سرچ لائٹس، ایمرجنسی الارم، فینسی نمبر پلیٹس اور سیاہ شیشوں والی گاڑیوں کے خلاف کریک ڈاون کرتے ہوئے متعدد گاڑیوں، موٹر کاروں اور موٹر سائیکلوں سے غیر قانونی سرچ لائٹس، فینسی نمبر پلیٹس اور سیاہ شیشے اتار کر اپنے قبضے میں لے لیے، جبکہ خلاف ورزی کرنے والے متعدد گاڑی مالکان کے چالان بھی کیے گئے۔ ٹریفک پولیس کی کارروائی پر عوامی حلقوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی۔ روں نے شہر کے مختلف داخلی و خارجی راستوں پر ناکہ بندی کر کے گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کی چیکنگ کی۔ اس دوران قوانین کی خلاف ورزی کرنے والی گاڑیوں سے سرچ لائٹس، فینسی نمبر پلیٹس اور سیاہ شیشے اتارے گئے،

# قلات سے ملنے والی نعش کی شناخت یحییٰ کے نام سے کر دی گئی

قلات (یو این اے) گزشتہ رات سنگداس کے مقام سے ملنے والی نعش کی شناخت یحییٰ ولد رحمت اللہ قوم نیچاری سکنہ غریب آباد قلات کے نام سے ہوئی نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثا کے حوالے کر دی گئی ورثا کے مطابق وہ 4 مہینے قبل گھر کے سامنے سے اغوا کیا گیا تھا تدفین شاہی باغ قبرستان میں ہوگی جبکہ فاتحہ خوانی بھی غریب آباد میں ہوگی۔

# ایف بی آر نے خالی اسامیوں سمیت تمام سرکاری ملازمین کا ڈیٹا طلب کر لیا

### ایف بی آر نے وفاقی سیکرٹریٹ میں سندھ کے کوٹے کے تحت خالی اسامیوں کی تفصیلات بھی مانگ لیں، سرکلر

اسلام آباد (اے این این) ایف بی آر نے تمام سرکاری ملازمین کا ڈیٹا 27 اکتوبر تک طلب کر لیا ہے، جس کے ساتھ ساتھ خواتین اقلیتوں اور خصوصی افراد کے کوٹے کی تفصیلات بھی دینا ہوں گی۔ اس حوالے سے ایف بی آر کی جانب سے جاری کردہ سرکلر کے مطابق ایف بی آر نے وفاقی سیکرٹریٹ میں سندھ کے کوٹے کے تحت خالی اسامیوں کی تفصیلات بھی مانگ لی ہیں۔ ایف بی آر نے تمام متعلقہ افسران سے یکم جولائی 2026 تک کا ملازمین کا سرکاری ڈیٹا مانگا ہے۔ مطلوبہ معلومات 27 اکتوبر تک فراہم کرنے کی ڈیڈ لائن دی گئی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ میرٹ پر بھرتی ہونے والی خواتین کی تعداد، عہدوں اور 10 فیصد کوٹے کی تفصیلات بھی طلب کی گئی ہیں۔

# غیر قانونی و نقصان دہ آن لائن مواد کو نظر انداز نہ کریں، فوری رپورٹ کریں، ترجمان پی ٹی اے

اسلام آباد (یو این اے) ترجمان پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) نے شہریوں پر زور دیا ہے کہ وہ انٹرنیٹ اور سوشل میڈیا پر غیر قانونی، نقصان دہ اور ہراساں کرنے والے مواد کو نظر انداز کرنے کے بجائے اس کی ذمہ دارانہ رپورٹنگ یقینی بنائیں۔ ترجمان کے مطابق ایسا مواد صارفین کی ذاتی رازداری (پرائیویسی) اور تحفظ کے لیے شدید خطرہ ثابت ہو سکتا ہے، اس لیے اس کے تدارک کے لیے بروقت اقدامات ناگزیر ہیں۔ ترجمان پی ٹی اے نے واضح کیا ہے کہ سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر جعلی پروفائلز، نقالی، ہراسانی اور غیر اخلاقی مواد کے تدارک کے لیے صارفین متعلقہ پلیٹ فارم کے بلٹ ان رپورٹنگ ٹولز کا استعمال کریں۔

# ایل پی جی مافیا نے بدترین لوٹ مار شروع کر دی ہے، سید امان شاہ

### ایل پی جی مافیا نے پانچ روز میں عوام کو کروڑوں روپے کا ٹیکا لگا دیا، صوبائی صدر عوام پاکستان پارٹی

کوئٹہ (یو این اے) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی صدر سید امان شاہ نے کہا ہے کہ ایل پی جی کی قیمتوں میں غیر معمولی اضافے نے عوام کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا ہے، مبینہ ایل پی جی مافیا نے صرف پانچ روز کے دوران عوام کی جیبوں سے کروڑوں روپے نکال لیے ہیں، جبکہ متعلقہ ادارے قیمتوں پر قابو پانے اور ناجائز منافع خوری کی روک تھام کے لیے مؤثر اقدامات کریں۔ ت میں اضافے کے باعث ایل پی جی کی کھپت بڑھ رہی ہے،

# ایران کی 4 کمپنیوں اور 9 بحری جہازوں سمیت 5 افراد پر پابندی عائد

### پابندیوں کی فہرست میں دبئی میں قائم کمپنی وائکر شپنگ لائن بھی شامل

واشنگٹن (اے این این) امریکی محکمہ خزانہ نے ایران پر نئی پابندیاں عائد کرتے ہوئے 5 افراد، 4 کمپنیوں اور 9 بحری جہازوں کو پابندیوں کی فہرست میں شامل کر لیا۔ امریکی محکمہ خزانہ کے مطابق یہ پابندیاں آپریشن اکنامک آٹ کاسٹ کے تحت عائد کی گئی ہیں جن کی زد میں سنگاپور اور متحدہ عرب امارات میں قائم وہ شپنگ ایجنسیز بھی آئے ہیں جو ایران کی معاونت میں ملوث ہیں۔ لائن بھی شامل ہے جبکہ پاناما اور متحدہ عرب امارات سے تعلق رکھنے والے 9 بحری جہازوں کو بھی نشانہ بنایا گیا ہے۔

# بلوچستان کی بلوچ اور پشتون خواتین تعلیم اور صلاحیتوں میں کسی سے پیچھے نہیں ہے، تانیہ بازئی

### بیوروکریسی، جوڈیشری اور اعلیٰ تعلیم میں خواتین نے اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا ہے، معروف قانون دان

کوئٹہ (یو این اے) معروف قانون دان ایڈووکیٹ تانیہ بازئی نے کہا ہے کہ بلوچستان کی بلوچ اور پشتون خواتین تعلیمی لحاظ سے کسی سے پیچھے نہیں ہیں بلوچ پشتون خواتین بیوروکریسی جوڈیشری اور اعلیٰ تعلیم سمیت مختلف شعبوں میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا رہی ہیں بلوچ اور پشتون خواتین میں پی ایچ ڈی اسکالرز بھی موجود ہیں، جو قومی اور عالمی سطح پر اپنی نمایاں کارکردگی کے ذریعے بلوچستان کا نام روشن کر رہی ہیں ج بھی مختلف شعبوں میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کر رہی ہیں

کوئٹہ، اراکین صوبائی اسمبلی انجینئر زمرک خان اچکزئی اور ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ اسمبلی اجلاس سے قبل گفتگو کر رہے ہیں

# کاروبار کی باگ ڈور نجی شعبے کے پاس ہونی چاہیے، محمد علی

### پاکستان کو پائیدار ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کیلئے برآمدات میں اضافہ، نجی سرمایہ کاری اور اصلاحات کا تسلسل ناگزیر ہے

### پاکستان میں اصلاحاتی منصوبوں کی کمی نہیں لیکن اصل مسئلہ ان پر تسلسل کے ساتھ عملدرآمد ہے، وزیراعظم کے مشیر برائے نجکاری کا سی ای او سمٹ سے خطاب

اسلام آباد (یو این اے) وزیراعظم کے مشیر برائے نجکاری محمد علی نے کہا ہے کہ پاکستان کو معاشی مشکلات سے نکالنے اور پائیدار ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے مستقل مزاجی سے اصلاحات، نجی سرمایہ کاری کے فروغ، برآمدات میں اضافے اور ہنرمند افرادی قوت کی تیاری پر توجہ دینا ہوگی، چین، ویتنام اور بنگلہ دیش جیسے ممالک نے طویل مدتی پالیسیوں اور اپنی معاشی صلاحیتوں سے استفادہ کر کے نمایاں ترقی کی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کو یہاں منعقدہ سی ای او سمٹ سے خطاب کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ معاشی ترقی

(بقیہ 47 اندرونی صفحہ 3 پر)

# گیس کی عدم دستیابی سے عوام عذاب میں مبتلا ہیں، سید صادق آغا

### سردیوں کے آغاز کیساتھ گیس بحران میں بھی اضافہ ہو گیا ہے۔ اعلان کردہ اوقات میں بھی گیس غائب رہتا ہے

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے صوبائی سینئر نائب صدر اور معروف قبائلی شخصیت سید صادق آغا نے کوئٹہ میں گیس کی عدم فراہمی پر شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ موسم سرما کی آمد کے ساتھ ہی گیس فراہمی تقریباً ختم ہو چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سٹیلائٹ ٹاؤن، منی مارکیٹ اور ان سے ملحقہ رہائشی علاقوں میں گیس کی فراہمی ایک خواب بن چکا ہے۔ اور مکینوں کو سخت مشکلات کا سامنا ہے، جن کے حل کے لیے متعلقہ اداروں کو اپنی ذمہ داریاں پوری کرنی چاہئیں۔ سید صادق آغا نے کہا کہ گیس کی سہولت شہریوں کی روزمرہ زندگی سے براہ راست وابستہ ہے اور اس میں خرابی یا عدم تسلسل کے باعث گھریلو معمولات متاثر ہوتے ہیں۔

# فرید آباد، نان کسٹم پیڈ گاڑیوں اور منشیات کے خلاف کارروائیاں تیز کر دی گئی

فرید آباد (اے این این) نان کسٹم پیڈ گاڑیوں اور منشیات کے خلاف کارروائیاں تیز کر دی گئی ہے ایکسائزٹیکشن اینڈ نارکوٹکس تفصیلات کے مطابق ضلع صحبت پور میں نان کسٹم انسپکٹر اشرف عظیم عمرانی کیس کر کے مشکوک گاڑیوں کی چیکنگ اور منشیات کی نقل و حمل کی روک تھام کے لیے اقدامات کر رہی ہے۔ ان کارروائیوں کا مقصد غیر قانونی سرگرمیوں کی حوصلہ شکنی اور قانون کی عملداری کو یقینی بنانا ہے

# خضدار، تحصیل نال میں سی پیک روڈ پر مرغی سپلائی کرنے والی گاڑی پر مسلح افراد کی فائرنگ

### گاڑی کے چاروں ٹائر برسٹ اور انجن کو شدید نقصان، تاجروں اور ٹرانسپورٹرز کو تحفظ فراہم کرنے کا مطالبہ

خضدار (یو این اے) تحصیل نال کے ایریا سی پیک روڈ پر نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ، مرغی سپلائی کرنے والی پک اپ گاڑی کو شدید نقصان۔ تفصیلات کے مطابق تحصیل نال سی پیک روڈ پر نامعلوم مسلح افراد نے مرغی سپلائی کرنے والی ایک پک اپ گاڑی پر فائرنگ کر دی، جس کے نتیجے میں گاڑی کے چاروں ٹائر برسٹ ہو گئے جبکہ انجن کو بھی نقصان پہنچایا گیا۔ یاد رہے کہ تقریباً ایک سے دو ماہ قبل بھی اسی مرغی ڈیلر کی گاڑی کو اسی علاقے میں نذرِ آتش کر دیا گیا تھا۔ واقعات تشویش ناک ہیں۔ علاقے کے عوام نے متعلقہ انتظامیہ اور قانون نافذ کرنے والے اداروں سے مطالبہ کیا ہے

# گنداخہ فیڈر کے کھمبوں سے بجلی کی تاریں چوری، واپڈا حکام کی تصدیق

گنداخہ (اے این این) پولیس تھانہ گنداخہ کی حدود میں نامعلوم چور رات کی تاریکی میں گنداخہ فیڈر کے بجلی کے کھمبوں سے تاریں چوری کر کے لے گئے۔ واقعے کی تصدیق واپڈا گنداخہ گرڈ اسٹیشن کے انچارج نے بھی کر دی ہے۔ بجلی کی تاروں کی چوری کے واقعے سے سرکاری املاک کو نقصان پہنچا ہے، جبکہ بجلی کی تنصیبات کی حفاظت کے حوالے سے سوالات اٹھنے لگے ہیں۔ واقعے میں ملوث ملزمان کی تاحال شناخت اور گرفتاری سے متعلق معلومات سامنے نہیں آئی ہیں۔ پولیس تھانہ گنداخہ کی حدود میں نامعلوم چور رات کی تاریکی میں گنداخہ فیڈر کے بجلی کے کھمبوں سے تاریں چوری کر کے لے گئے۔

کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل بیوٹمز یونیورسٹی میں سالانہ سپورٹس فیسٹیول کا افتتاح کر رہے ہیں

# اماراتی وزیر مملکت لانا ذکی نسیبہ سیکرٹری جنرل اقوام متحدہ کے عہدے کیلئے نامزد

### لانا نسیبہ 2013 سے 2024 تک اقوام متحدہ میں یو اے ای کی مستقل مندوب رہ چکی ہیں

ابوظہبی (اے این این) متحدہ عرب امارات نے وزیر مملکت لانا ذکی نسیبہ کو سیکرٹری جنرل اقوام متحدہ کے عہدے کیلئے نامزد کر دیا۔ اماراتی خبر ایجنسی کے مطابق متحدہ عرب امارات نے لانا ذکی نسیبہ کو باضابطہ امیدوار کر کے اقوام متحدہ کو خطوط ارسال کر دیے ہیں۔ اماراتی خبر ایجنسی نے بتایا کہ لانا نسیبہ 2013 سے 2024 تک اقوام متحدہ میں یو اے ای کی مستقل مندوب رہ چکی ہیں جب کہ وہ دو بار اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی صدر بھی رہ چکی ہیں۔ واضح رہے کہ سیکرٹری جنرل یو این انتونیو گوتریس کی مدت ملازمت رواں برس 31 دسمبر کو ختم ہو رہی ہے۔ متحدہ عرب امارات نے وزیر مملکت لانا ذکی نسیبہ کو سیکرٹری جنرل اقوام متحدہ کے عہدے کیلئے نامزد کر دیا۔ اماراتی خبر ایجنسی کے مطابق متحدہ عرب امارات نے لانا ذکی نسیبہ کو باضابطہ امیدوار کر کے اقوام متحدہ کو خطوط ارسال کر دیے ہیں۔ اماراتی خبر ایجنسی نے بتایا کہ لانا نسیبہ 2013 سے 2024 تک اقوام متحدہ میں یو اے ای کی مستقل مندوب رہ چکی ہیں جب کہ وہ دو بار اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی صدر بھی رہ چکی ہیں۔ واضح رہے کہ سیکرٹری جنرل یو این انتونیو گوتریس کی مدت ملازمت رواں برس 31 دسمبر کو ختم ہو رہی ہے۔ کو سیکرٹری جنرل اقوام متحدہ کے عہدے کیلئے نامزد کر دیا۔ اماراتی خبر ایجنسی کے مطابق متحدہ عرب امارات نے لانا ذکی نسیبہ کو باضابطہ امیدوار کر کے اقوام متحدہ کو خطوط ارسال کر دیے

(بقیہ اندرونی صفحہ 3 پر)

# زور گڑھ پولیس کی کارروائی، اقدام قتل کے مقدمے میں مطلوب ملزم گرفتار

گنداخہ (اے این این) ایس پی اوستہ محمد حافظ معاذ الرحمٰن کی ہدایات اور ڈی ایس پی سرکل اوستہ محمد داؤد کھوسہ کی نگرانی میں پولیس کی جانب سے جرائم پیشہ عناصر اور مختلف مقدمات میں مطلوب ملزمان کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایچ او زور گڑھ حاجی خان لاشاری نے کامیاب کارروائی کرتے ہوئے اقدامِ قتل کے مقدمے میں مطلوب ملزم گل حسن عرف ملاں ولد منظور، قوم جمالی، کو گرفتار کر لیا۔ پولیس حکام کے مطابق جرائم پیشہ عناصر کے خلاف قانونی کارروائیوں کا سلسلہ جاری رہے گا، جبکہ امن و امان کے قیام، قانون کی بالادستی اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔ دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔

اخبار میں شائع ہونے والے مضامین کالم نگار کا اپنا نقطہ نظر ہوتا ہے ادارے کا اس متفق ہونا ضروری نہیں (ادارہ)